# جہاد

## کے بارے آیات قرآنیہ
## و
## احادیث صحیحہ



تبویب و تدوین

**ادارۂ اخبار ملّی**

ترکی سے اردو ترجمہ

**ڈاکٹر خالد ظفر اللہ**

**مکتبہ اسلامیہ**

بھوانہ بازار۔ فیصل آباد

Marfat.com

Marfat.com

# جہاد

کے بارے

## آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ

تبویب وتدوین

ادارہ اخبار ملّی

ترکی سے اردو ترجمہ

ڈاکٹر خالد ظفر اللہ

مکتبہ اسلامیہ بھوانہ بازار فیصل آباد

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں

نام کتاب ............ جہاد کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ
تبویب وتدوین ............ ادارہ اخبار ملی
مترجم ............ ڈاکٹر خالد ظفر اللہ
طبع اول ............ نومبر ۱۹۹۸ء
کمپوزنگ ............ ابو الولید عسکری
کمپوزنگ سنٹر ............ ارکان کمپوزنگ سنٹر، سمندری
قیمت ............

کراچی میں ملنے کا پتہ
مکتبہ نور حرم دکان نمبر 60
نعمان سنٹر، گلشن اقبال نمبر 5
کراچی نمبر 47
فون : 4965124

Marfat.com

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ﴿﴾ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿﴾ مَالِکِ
یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿﴾ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ﴿﴾ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِیْمَ ﴿﴾ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَیْھِمْ وَلاَ الضَّآلِّیْنَ ﴿﴾

Marfat.com

# انتساب

فَمِنۡهُمۡ مَنۡ قَضٰی نَحۡبَهٗ وَ مِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّنۡتَظِرُ

**مجاہد افغانستان و شہید کشمیر**

**ابوطلحہ محمد سرور بھائیؒ**

(چک 463 گ ب سمندری)

کی

خوش بخت و کامران روح کے نام

اے اللہ!

اپنے بھائی جیسی تابع سنت زندگی اور شہادت والی

افضل موت ہمارا مقدر ٹھہرا۔۔!

آمین ثم آمین

Marfat.com

# فہرست


عرض مترجم 15

مقدمہ 21

اختصارات 27

فرضیت جہاد کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ 29

فرضیت جہاد کے بارے آیات قرآنیہ 31

فرضیت جہاد کے بارے احادیث مبارکہ 41.

رسول اللہ ﷺ کا مسلمانوں کو قتال کی اجازت دینا 41

رسول اللہ ﷺ کا اپنے بارے واضح کرنا کہ مجھے لڑائی کا حکم دیا گیا ہے 42

رسول اللہ ﷺ کا جہاد کے بارے حکم 43

اللہ کا انکار کرنے والوں کے ساتھ جہاد کرنا 43

لا الہ الا اللہ کہنے تک مشرکوں سے لڑنا 44

متعلقات جہاد کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ 45

جہاد اور اس سے متعلقہ مفہوم بیان کرنے والی آیات کریمہ 47

جہاد اور اس سے متعلقہ مفہوم بیان کرنے والی احادیث صحیحہ 57

صحابہ کرامؓ کا رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر موت تک کیلئے بیعت کرنا 57

انصار کی بیعت 58


Marfat.com

بیعت کا اسلام اور جہاد کے بارے ہونا 59
سفر میں تین آدمی بھی ہوں تو ایک امیر مقرر کرنا 60
امام کیسے ہو گا؟ 60
امامت کا کوئی دوسرا دعویدار اٹھے تو کیا ہو گا؟ 61
مسلمان امیر کی اطاعت واجب ہے 62
امام (امیر) کی اطاعت رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ہے 62
امام کی اطاعت کرنا 63
معصیت نہ ہونے تک امام کی اطاعت کرنا 63
اللہ کی نافرمانی میں کمانڈر کی اطاعت نہیں ہے 64
فتنہ ظہور پذیر ہونے پر...... 66
فتنے کھڑے کرنے والوں کے بارے 67
تین آدمیوں کے لیے المناک عذاب ہے 68
دور فتنہ میں طرز عمل 69
دور اختلاف میں 70
جہاد کے لیے کردہ قول فعل پر پکے رہنا 71
عذر کی وجہ سے پیچھے رہنے کی رخصت 72
عذر کی بناء پر جہاد میں حصہ نہ لینے والوں کا معاملہ 73
رسول اللہ ﷺ انتہائی جسارت وبہادری کے مالک تھے 74
رسول اللہ ﷺ کی لڑائی میں جرأت وبہادری 75

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ خوب صورت 77
سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ بہادر تھے
رسول اللہ ﷺ گذشتہ واقعات بیان کرتے وقت 78
آنکھوں دیکھے کی طرح بیان کرتے
رسول اللہ ﷺ کی جہاد پر جانے والے لشکر کے لیے دعا 78
رسول اللہ ﷺ نے انیس غزوات میں شرکت فرمائی 79
غزوہ احد میں رسول اللہ ﷺ زخمی ہوئے 79
غزوہ احد میں تیر اندازوں کا معاملہ 80
خنجر والا واقعہ 85
رسول اللہ ﷺ کی مشرکوں کے ہاتھوں سے اٹھائی ہوئی تکالیف 86
رسول اللہ ﷺ کا مشرکوں کی طرف سے ایذا 88
اٹھانے کے باوجود ان کے لیے بد دعا نہ کرنا
رسول اللہ ﷺ کی دشمن کے لیے بد دعا 90
جہاد مسلسل جاری رہے گا 91
فتح مکہ کے بعد بھی جہاد ہے 91
جہاد کی دو قسمیں 91
قیامت تک اللہ کی خاطر جہاد کرنے والے لوگ پائے جائیں گے 92
اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا چاہے مالدار ہی 93
کیوں نہ ہو وہ زکوٰۃ (صدقہ) لے سکتا ہے


Marfat.com

| | |
|---|---|
| جہاد میں عورتوں کی کارکردگی | 93 |
| حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کی خدمات جہاد | 94 |
| عورتوں کا جہاد کرنے والے مردوں کی مدد کرنا | 94 |
| (پانی اٹھانا، زخمیوں کا علاج کرنا) | |
| مسلمانوں کا یہودیوں کے خلاف جہاد کرنا | 95 |
| اہمیت جہاد کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ | 97 |
| اہمیت جہاد بیان کرنے والی آیات قرآنیہ | 99 |
| اہمیت جہاد بیان کرنے والی احادیث صحیحہ | 101 |
| پہلے اسلام پھر جہاد | 101 |
| دشمنوں کے بالمقابل اسلحہ تیار کرنا | 101 |
| زکوۃ ادا کرنا جہاد کرنا | 102 |
| تیراندازی کی اہمیت | 102 |
| تیر و دیگر اشیاء (مہارت کی غرض سے) پھینکنے کی اہمیت | 103 |
| رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بذات خود لڑائی کی کمان کرنا | 103 |
| غزوہ احد | 104 |
| جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی کا زخمی ہونا | 106 |
| پیش آمدہ مشکل گھڑیوں میں اللہ کی رضا کی خاطر کمزوری نہ دکھانا | 106 |
| رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا راہ جہاد میں شہادت پانے کے بعد دوبارہ | 107 |

Marfat.com

زندگی پا کر پھر جہاد کرنے کی تمنا کرنا

حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا جذبہ جہاد 109

میری امت کی سیاحت اللہ کی راہ میں جہاد ہے 110

جہاد کیسے کیا جائے؟ کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ 111

جہاد کیسے کیا جائے؟ آیات قرآنیہ 113

جہاد کیسے کیا جائے؟ احادیث صحیحہ 123

اللہ کے کلمے کی سربلندی کے لیے جہاد کرنا 123

مشرکوں کے خلاف مالی، جانی اور زبانی (لسانی) جہاد کرنا 123

منکر (برائی) کو ہٹانے کا طریقہ 124

منکر (برائی) کو ہاتھ اور زبان سے ہٹانا 125

مجبور ٹھہرنے پر اپنا حق زبردستی لینا 125

اسلام کی تحریری دعوت 126

ہرقل کو مکتوب گرامی 127

جہاد کیسے کیا جائے؟ اس کے بارے 134

مجاہدین کو رسول اللہ ﷺ کے احکامات

غزوہ خندق میں رسول اللہ ﷺ 134

کا بذات خود خندق کی کھدائی کرنا

صلح حدیبیہ 135

Marfat.com

| | |
|---|---|
| جنگ میں تیر اندازی کے بارے | 137 |
| دوران جہاد جاسوسی | 137 |
| حرب (لڑائی) حیلہ ہے | 138 |
| کعب بن اشرف (یہودی) کا قتل کروانا | 139 |
| ابو رافع نامی یہودی کو قتل کروانا | 142 |
| اگر جہاد اللہ کی رضا کے لیے نہ ہو تو...... | 146 |
| اللہ کی رضا کی بجائے طلب دنیا کے لیے کردہ جہاد | 147 |
| لڑائی میں بچوں اور عورتوں کا معاملہ | 148 |
| غزوہ احزاب | 149 |
| صلہ جہاد کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ | 153 |
| جہاد کا صلہ بیان کرنے والی آیات قرآنیہ | 155 |
| جہاد کا صلہ بیان کرنے والی احادیث صحیحہ | 175 |
| جہاد کی فضیلت | 175 |
| جہاد کرنے کی فضیلت | 176 |
| اعمال میں کونسا افضل ہے ؟ | 177 |
| اعمال میں سے سب سے زیادہ فضیلت والا جہاد ہے | 177 |
| افضل ترین اعمال میں سے ایک (عمل) جہاد ہے | 178 |
| اللہ کی راہ میں جہاد دنیا و مافیہا سے افضل ہے | 179 |

Marfat.com

مجاہدوں غازیوں کا ثواب 192

اللہ کی راہ میں خرچ کردہ تھوڑے مال کا بھی بڑا اجر دیا جائے گا 193

تیر تیار کرنے، پھینکنے اور مدد کرنے والے کا معاملہ 194

اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی تیاری کروانا 194

خرچ کی جانے والی دولت میں سب سے زیادہ فضیلت والی 195

اللہ کی خاطر گھوڑا پالنے کا ثواب 195

گھوڑے کے ساتھ جہاد کرنے والے کا حصہ 196

اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) گھوڑا باندھنے والے کا صلہ 196

تین آدمیوں سے اللہ کی مدد کا وعدہ 197

جہاد میں زخمی ہونے والا حشر کے روز اسی زخم 197
لیکن مشک کی خوشبو بکھیرتا ہوا اٹھے گا

اللہ کی راہ میں جاگنے والی آنکھ کے لیے ثواب 198

اللہ کی راہ میں جس کے بال سفید (خواہ ایک ہی) ہوں 198

اللہ کی راہ (جہاد) میں سفید ہونے والا بال نور ہو گا 199

اللہ کی راہ میں گرد آلود ہونے والے کی فضیلت 199

اس مجاہد کے لیے اللہ کا صلہ جس کے قدم غبار آلود ہوں 199

جہاد میں اجرت لینا 200

لشکر کا مال غنیمت کے بغیر واپس آنا 200

جہاد پر نہ جانے والوں کا جانے والوں کے برابر ثواب پانا 201


Marfat.com

| | |
|---|---|
| کونسا جہاد اللہ کی راہ میں ہے | 179 |
| جہاد کے برابر کوئی عمل نہیں | 180 |
| اللہ کا نام بلند ہونے کی غرض سے جہاد کرنا | 181 |
| ذی الحجہ کے پہلے عشرے کے روزوں سے جہاد کا افضل ہونا | 181 |
| کونسا جہاد زیادہ فضیلت والا ہے؟ | 182 |
| جنت تلواروں کے سائے تلے ہے | 183 |
| سب سے فضیلت والا جہاد، ظالم بادشاہ کو کلمہ عدل کہنا ہے | 183 |
| جہاد کرنے والا اللہ کے ہاں مقبول ہے | 184 |
| مسلمان ہونے کے بعد ہجرت کرنے والے | 185 |
| اور جہاد کرنے والے کا بدلہ | |
| اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال | 187 |
| اللہ کی راہ میں جان اور مال کے ساتھ کردہ جہاد کی فضیلت | 188 |
| صبح جلدی اللہ کی راہ میں جہاد پر نکلنے کی فضیلت | 188 |
| جہاد کرنے والے کا معاملہ | 189 |
| اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا اللہ کی حفاظت میں ہوتا ہے | 189 |
| جہاد میں حصہ خواہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو | 190 |
| اللہ کی راہ میں خواہ تھوڑا سا جہاد کرنے والے کو بڑا صلہ ملنا | 191 |
| اللہ کی راہ میں تیر اندازی کی فضیلت | 191 |
| ایک تیر پھینکنے کے بدلے غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملنا | 192 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اللہ کی راہ میں غازیوں کی خدمت کرنے کا ثواب | 201 |
| مجاہد کے اہل وعیال کی خدمت کرنے کا صلہ | 202 |
| مجاہد اور اس کے اہل وعیال کی مدد کرنے کا ثواب | 202 |
| اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے کا صلہ | 203 |
| شہداء کا اللہ کے ہاں مقام ومرتبہ | 204 |
| شہادت کی فضیلت | 206 |
| مجاہد کا معاملہ | 206 |
| شہداء کے لیے چھ باتیں | 207 |
| پہرہ دیتے ہوئے شہید ہونے والے کی فضیلت | 207 |
| اللہ کی راہ میں مارا جانا بعض حقوق کے علاوہ تمام خطاؤں کا کفارہ ہے | 208 |
| مقروض شہید ہونے والا | 208 |
| شہید کو شہادت کے وقت پہنچنے والی تکلیف | 210 |
| اللہ کی راہ میں شہید ہونے والوں کی روحیں | 210 |
| جہاد کرتے ہوئے جنت میں داخل ہونا | 211 |
| صرف ایک عمل یعنی جہاد کے ذریعے جنت میں جانے والے عمرو بن ثابتؓ | 212 |
| شہید کی سفارش قبول ہونا | 213 |

Marfat.com

جہاد نہ کرنے کی سزا کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ 215

جہاد نہ کرنے کی سزا بیان کرنے والی آیات قرآنیہ 217

ترک جہاد کی سزا بیان کرنے والی احادیث صحیحہ 229

ترک جہاد کا برا انجام 229

جہاد کو چھوڑنے والوں کا ذلیل ہونا 229

تیر اندازی ترک کرنے والے کے بارے حکم 229

جہاد کے بغیر مرنے والا، نفاق پر مرتا ہے 230

جہاد پر نہ نکلنے والے کا ہلاکت سے دوچار ہونا 230

صاحب طاقت ہونے کے باوجود برائی سے نہ روکنے کا وبال 231

اگر لوگوں کے درمیان کچھ نافرمان ہوں تو ان کے نافرمانی سے باز آنے تک، اللہ کا وہاں سب پر عذاب ہوتا ہے 231


Marfat.com

# عرض مترجم

انسانی معاشرے میں طاقت و اختیار کے اندھے استعمال کو روکنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے تا قیامت جہاد جاری رکھا ہے۔ " وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْاَرْضُ ......" کفر و شرک، فتنہ و فساد اور ظلم وستم کے خاتمہ تک لڑائی جاری رکھنے کے بارے فرمایا۔ "وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ......" لیکن فتنہ پرور، برسر اقتدار، قوت واختیارات کے نشہ میں چور گمراہ قوموں نے مسلمانوں کو زیر دست رکھنے کے لیے جہاں دیگر بہت سے حربوں سے کام لیا، وہاں نظریہ جہاد مسخ کرنے کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔

جھوٹے نبی کھڑے کر کے جہاد منسوخ ہونے کے اعلان کروائے، خوب ڈھنڈورا پیٹا کہ جہاد دہشت گردی ہے، یا پہلے نفس کے خلاف "جہاد اکبر" کا مرحلہ طے ہونا چاہیے، غیر ممالک کی بجائے اپنے ملک کے طاغوت کے خلاف جہاد کیوں نہیں کیا جاتا، عین سو فیصدی خلیفہ ہو تو پھر ہی جہاد ہو گا، موجودہ دور میں جہادی گروپوں کی کوششیں جہاد نہیں بلکہ سرکاری افواج کی معاونت ہے۔ اور یہ کہ جہاد حکمرانوں کا فریضہ ہے خواہ دوسرے ممالک میں مظلوم مسلمان بیچارے چیختے چلاتے رہیں کہ "وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ......" لیکن جمہوری دور میں انگریز کی بندر بانٹ کے نتیجے میں بارڈر سے ایک گز اندر مسلمان مرد عورتوں بچوں بوڑھوں پر جو قیامت ڈھائی جا سکتی ہے ڈھائی جاتی رہے، لیکن شریف شرفاء اور جمہوری قدروں و علاقائی سرحدوں کے پابند ان کی مدد کے بارے سوچنا بھی اپنے اوپر حرام سمجھتے ہیں۔ در حقیقت ہماری مذکورہ بالا سوچیں اہل کفر کے کامیاب پراپیگنڈے کا نتیجہ ہیں اور قطعاً اسلامی سوچ کی آئینہ دار نہیں ہیں اسلامی سوچ میں تو خطہ ارضی پر کسی بھی جگہ نہ صرف

Marfat.com

مسلمان بلکہ ہر انسان حتی کہ جانوروں پر ظلم برداشت کرنا روا نہیں۔ اس ظلم کو ختم کر کے وہاں اسم با مسمی مذہب اسلام کی سلامتی والی تعلیمات کا غلبہ اہم ترین مقصد ایمان وحیات ہے۔ قوموں کی زندگی میں اس سے بدتر کوئی دور نہیں ہوتا جبکہ وہ اپنے عقائد و نظریات سے ہی فرار کا سوچنا شروع کر دیں۔

بے شمار آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ کے علاوہ دور حاضر میں غالب قوموں کا رویہ جہاد (عسکری برتری) کے سوا کوئی دوسرا راستہ ہمارے سامنے نہیں لاتا، جس سے باعزت، پرسکون زندگی گزارنا ممکن ہو۔ آج امریکہ عسکری طاقت کے بل بوتے پر ساری دنیا پر حکمرانی کر رہا ہے یا خواب دیکھ رہا ہے جبکہ یہ سبق بلکہ فریضہ مسلمانوں پر صدیوں پہلے عائد کیا گیا تھا کیونکہ مسلمان کے ہاتھ میں طاقت، انسانیت کے لیے سلامتی کا پیغام لاتی ہے اور کفر کے ہاتھوں میں ہو تو سینکڑوں معصوم بچوں کے تڑپتے لاشے، ہزاروں عصمتوں کی پامالی، لاکھوں مردوں کی بدحالی، کروڑوں اربوں کی جائیدادوں کی ویرانی کی وحشتناک داستانوں کا سبب بنتی ہے۔ کیونکہ........ **ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات**

غیر مسلم ذرائع ابلاغ بھی کشمیر، بوسنیا، کوسوو، چیچنیا، فلسطین میں خون مسلم کی ارزانی اور مذکورہ بالا حقائق کی تصدیق کر رہے ہیں۔ اب دو ہی راستے سامنے ہیں قوم بنی اسرائیل کی طرح وقت کے فرعونوں کی غلامی اور اس کے نتیجے میں ملنے والی ذلت و رسوائی گوارا ہو یا پیغمبر بنی اسرائیل کی طرح وقت کے طاغوتوں سے ٹکرانے کا اعلان....!

آبرومندی اور نجات کا یہی دوسرا، پیغمبرانہ راستہ ہے۔

اس جوانمردی سے ادا ہونے والے فریضہ جہاد سے پست ہمت لوگوں کی طرح انکار، ایمان و اسلام سے ہاتھ دھونے کے مترادف ہے۔ اس تفریط کی

Marfat.com

طرح جہاد کے نام پر افراط بھی اسلام کے مزاج سے لگا نہیں کھاتا۔ بلا شبہ جہاد اسلام کی چوٹی (کوہان) ہے۔ لیکن اس چوٹی کے نیچے اسلام کی ساری عمارت بھی موجود ہے۔ جس میں اقامت صلوۃ سے لے کر بدر کے میدان میں سر بسجود نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا تعلق باللہ بھی ہے۔ اہم ترین فریضہ کی ادائیگی کی خوش فہمی میں بعض لوگ نہ صرف تعلق باللہ کو مضبوط رکھنے والے ذکر اذکار اور اس تعلق میں قرب پیدا کرنے والے نفل نوافل سے عملاً محروم رہتے ہیں، بلکہ فرض نمازوں کے وقت صف اول میں اکا دکا نظر آتے ہیں جبکہ باقی ہر مقام پر آگے ہوتے ہیں۔ کیا اولین مجاہدین اسلام کا معاملہ ایسا ہی تھا؟ صحابہ کرامؓ اگر فرسان بالنہار تھے تو رہبان باللیل بھی ضرور تھے۔ لیکن تاریخ انسانی کا یہ بھی المیہ ہے کہ "لوگوں کی فکر کرنے والوں کو اپنی فکر کرنے کی فرصت ہی نہیں مل پاتی" **فیا للعجب**۔

اصلاح عقیدہ اور تربیت نفس کے ساتھ معرکہ جہاد میں جان کی قربانی پر جنت کی یقینی امید ہوتی ہے اسی طرح اصلاح عقیدہ و تربیت نفس کے بغیر اس قربانی کے بالکل رائیگاں جانے میں بھی کوئی شبہ نہیں۔ آج میدان جہاد میں قربان ہونے یا قربانی کے لیے بھیجنے والوں نے کبھی اس حوالے سے جانچ پرکھ کر کے میدان میں اتارنے کی پالیسی اپنائی ہے یا نہیں...... اگر نہیں تو ذرا غور کرنا چاہیے کہیں کسی کی جان کی بازی بھی اسے انعامات خداوندی سے محروم نہ رکھے۔ اصلاح احوال کی دعوت کو انکار پر محمول کرنا اہل ایمان و صاحب علم کا وطیرہ نہیں۔

افراط کے حوالے سے اس پہلو پر بھی نظر ثانی کی ضرورت ہے کہ اسلام کے فرائض میں سے ایک اہم ترین فریضہ جہاد اور اس کی تیاری ہے۔ لیکن یہ ایک فرض سارا اسلام نہیں جس کی بنا پر باقی سارا اسلام بالکل نظر انداز کر دیا

Marfat.com

جائے۔ دیگر ...... فرقوں یا جماعتوں کی طرح اس بارے جزء کو کل سمجھنا بھی صحیح ہے یا نہیں، اس کا تو اہل علم ہی بہتر فیصلہ کریں گے لیکن جو حقیقت عیاں ہے کہ "انکار جہاد کی طرح سارا اسلام صرف جہاد ہے" بھی اعتدال کی سوچ نہیں۔

اسلام عقیدہ و عمل کا حسین امتزاج ہے۔ اور اپنے ماننے والوں سے پورے اور مکمل اسلام کو ہی ماننے اور اپنانے کا مطالبہ کرتا ہے۔ افتومنون ببعض الکتاب و تکفرون ببعض ...... کو پسند کرتا ہے اور نہ ہی بعض معاملات میں غلو و انتہا پسندی رھبانیة ابتدعوھا ما. کتبنھا علیھم ......اسلام کا امتزاج ہے۔

بلکہ ایمان و عقیدہ کی بات ہو تو ہر طرح کی کفریہ و شرکیہ آلائش سے پاک ہونا چاہیے، عبادات کا وقت ہو تو کانک تراہ کی تصویر ہو، معاملات کا موقع ہو تو شخصی کردار ایسا صاف ستھرا کہ کفار بھی امانتیں سپرد کریں، دعوت و اصلاح اور تعلیم و تربیت کا فریضہ بھی مصلح مکہ اور معلم صفہ کی طرح ساتھ ساتھ ادا ہو رہا ہو اور جب دشمن کی چڑھائی کی صدا سنائی دے تو مجاہد اعظم کی طرح سب سے آگے ہو، اور اگر شرعی عذر کی بنا پر شامل نہ ہو سکے تو حبسھم العذر کے مصداق لوگوں کی طرح، نیک نیتی کی بنا پر اجر و ثواب میں مجاہدوں کے ساتھ ہو۔ ان کے سامان سفر و حرب کی تیاری اور واپسی تک ان کے اہل و عیال کی نگہداشت کا فریضہ ادا کرتے ہوئے برابر اجر کما رہا ہو۔

میدان جنگ میں دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر باتیں کرنے کی طرح زندگی کے باقی میدانوں میں بھی طاغوت کے بھرپور مقابلہ کی جامع پلاننگ اور افراد کی تیاری بھی اسوہ حسنہ سے ضرور سیکھی جائے۔ افراد کی تیاری میں دور حاضر کے اختیار کردہ پبلسٹی، پراپیگنڈہ، پروجیکشن اور پروٹوکول کے غیر اسلامی

Marfat.com

رویے اپنانے اور ان پر بے تحاشا اسراف کی بجائے افراد کی بہترین ٹریننگ، اگرچہ تھوڑے ہی ہوں، مفید اور دیرپا نتائج دے سکتی ہے۔ تاکہ کفر کو ہر میدان میں شکست دے کر غلبہ اسلام کے فریضہ میں اپنا حصہ ڈالا جا سکے۔ وہ سوچ کامل نہیں جو میدان جہاد میں بھرپور مقابلہ کی تیاری تو ہر وقت مد نظر رکھے لیکن فکری اخلاقی، تعلیمی، سائنسی، معاشی، سیاسی، سماجی، عسکری، مواصلاتی غرض ہر جگہ کفر سے ہی معاہدے، اشیاء کی فراہمی یا رہنمائی حاصل کرے۔ بلکہ "ھدینا مخالف لھدیھم" کے بلند و بالا اعلان کے بعد اپنی راہیں خود متعین کی جائیں۔ اور کفر کی کسی طرح سے کسی میدان میں بھی بالادستی گوارا نہ کی جائے۔

افراد کی شخصی کوتاہیوں، ذاتی رنجشوں یا طریقہ کار میں نقطہ نظر کے اختلاف کو مخالفت جہاد بلکہ انکار جہاد تک لے جانا بھی قرین انصاف نہیں (ولا یجرمنکم شنان قوم علی الا تعدلوا اعدلوا ھو اقرب للتقوی......) خطہ ارضی کے کسی کونے میں بسنے والا کافر اسلام کا نام و نشان مٹانے اور مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے میں اپنی استطاعت و ہمت سے بڑھ کر کوشاں ہے اور کردہ جدوجہد میں کبھی اس وسوسہ کا شکار نہیں ہوتا آیا یہ مجھ پر فرض عین ہے یا فرض کفایہ۔ لیکن ایک ہم مسلمان ہیں کہ جو آج تک اس فقہی بحث سے نہیں نکل پائے کہ جہاد فرض عین ہے یا فرض کفایہ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح مبادی اسلام میں سے حج اور زکوۃ ایمان و عقیدہ کے لحاظ سے اعتقادی طور پر فرض عین ہیں لیکن عملاً کچھ ادا کر پاتے اور کچھ نہیں۔ اسی طرح جہاد بھی ایمان و عقیدہ کے لحاظ سے فرض عین ہے لیکن عملی طور پر یہ فرض حالات کی مناسبت سے فرض کفایہ یا فرض عین ہو سکتا ہے۔ عام حالات میں کچھ مسلمان یہ فریضہ سرانجام دیتے رہیں باقی ان کی تیاری اور ترسیل رسد کا فریضہ ادا کرتے ہوئے ان

Marfat.com

کے ساتھ بھی شریک جہاد رہیں اور زندگی کے باقی میدانوں کو بھی سنبھالے رکھیں ۔یوں یہ عملی طور پر، عام حالات میں فرض کفایہ ہو گا۔ہاں اگر "امیرالمؤمنین"، "خلیفة المسلمین" کی طرف سے ہر ایک کو جہاد پر نکلنے کا حکم ملے تو پھر عملی طور پر بھی فرض عین ہو جائے گا اور یہ نوبت شاید ہی کبھی آئے۔اللہ تعالی ہمیں دین کی ہر بات صحیح طور پر سمجھنے اور اپنے اوپر عائد ہونے کے اعتبار سے اسے بہترین انداز میں ادا کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔(آمین ثم آمین)

ہر طرح کے افراط و تفریط سے اپنے آپ کو پاک کر کے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فریضہ جہاد کی ادائیگی سے عملی آگاہی کی خاطر اس کتاب کو ترکی سے اردو قالب میں ڈھالا جارہا ہے۔ تاکہ آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ کی مدد سے فریضہ جہاد کا صحیح فہم، تیاری کے لیئے بہترین پلاننگ اور عمدہ نتائج کی امید پر اپنا کردار ادا کیا جائے۔

ترکی جیسے سیکولر ملک میں ایسی عمدہ کاوش نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں ہدایت انسانی کے ربانی سامان یعنی صرف قرآن مجید کی آیات اور نبی علیہ الصلاۃ و السلام کی احادیث مبارکہ کو ایسی عمدہ ترتیب سے جمع کیا گیا ہے کہ دل کی گہرائیوں سے "ادارہ اخبار ملی" کے لیے دعائیں نکلتی ہیں۔

یا اللہ! اس کتاب کو نہ صرف اہل ترکی بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے باعث خیر و برکت بنادے۔(آمین ثم آمین)

اپنے بھی خفا مجھ سے بیگانے بھی ناخوش
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

Marfat.com

# مُقدّمہ

اللہ کی راہ میں جہاد، ایمان کے بعد بلند ترین عمل ہے اس لحاظ سے جہاد اسلام کی بنیادی اساس ہے۔ جہاد اسلام کا ستون اور اعمال صالحہ کی چوٹی ہے۔ یہ اسلام اور اہل اسلام کو ذلت و پستی اور تکلیف و نقصان سے بچانے والا محافظ بلکہ ایک معنوی زِرہ ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے "مومن صرف وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لانے کے بعد شک و شبہ میں پڑے بغیر اللہ کی راہ میں جان اور مال کے ساتھ جہاد کرنے والے ہیں (در حقیقت) یہی لوگ (اپنے ایمان میں) سچے ٹھہرنے والے ہیں"۔

مذکورہ بالا آیت مبارکہ حقیقی اسلامی زندگی کو اللہ کی راہ میں جان و مال کے ساتھ جہاد کرنے کے ساتھ وابستہ دکھائی دیتی ہے۔ کیونکہ آیت کریمہ میں اس وصف والے مؤمنوں کی اللہ تبارک و تعالیٰ نے تعریف فرمائی ہے۔ اور انہیں "اپنے ایمان میں سچے" قرار دیا ہے۔ ہم اسی آیت قرآنی کی روشنی میں اسلام کے ایک رکن، اللہ پر ایمان لانے کے بعد اعمال میں سے سر فہرست ٹھہرنے والے "جہاد فی سبیل اللہ" کے بارے کچھ عرض کریں گے۔

جہاد ایک انتہائی نفع بخش تجارت ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب سوال ہوا کہ ایمان کے بعد اعمال میں سے سب سے زیادہ فضیلت والا کونسا ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا "ایمان کے بعد اعمال میں سب سے افضل اللہ کی راہ میں جہاد ہے"۔ اسی سبب سے حق تعالیٰ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والوں بندوں کے مراتب کو معنوی درجات میں سب سے اوپر قرار دیا ہے اور انکے لیے "جنّہ" (جنت) کا وعدہ کیا ہے۔

Marfat.com

کلمہ "جہاد" کا مصدر "اَلْجَھْدُ" یا "اَلْجُھْدُ" ہے اور جس کا مطلب ہے "کہ دشمن کے مقابل بچاؤ میں تمام تر قوت کھپا دینا" ایک دوسرا مفہوم یہ ہے کہ مشقت دباؤ میں تحمل کے ساتھ زیادہ طور پر کام کرنا ہے۔ لفظ "اجتہاد" بھی اسی مصدر سے ہے۔ مجاہدہ بھی جہاد کی طرح ہے۔ دشمن کے مد مقابل دفاع میں تمام تر قوت کو میدان کارزار میں لانا اور بلحہ کھپانا جہاد ہے۔ جہاد کی تین قسمیں ہیں۔

۱۔ نفس کے خلاف جہاد

۲۔ شیطان کے خلاف جہاد

۳۔ واضح اور عیاں دشمن کے خلاف جہاد

شرعی اصطلاح کے طور پر جہاد "اللہ کی راہ میں دشمن سے لڑنا ہے" اللہ کی راہ میں کا مطلب "اللہ کے کلمہ کی سربلندی کی خاطر کردہ سعی کاوش" ہے۔

نفس کے خلاف جہاد: اس کے برے میلانات سے ہٹا کر تمام تر خواہشات میں اس کا رخ حق تعالیٰ کی رضا کی طرف کرنا ہے۔ نفس غلط قسم کے رجحانات سے پاک ہونے پر رضائے الٰہی والے ارشادات پر نگاہ رکھتا ہے ثروت، شہرت، مقام و مرتبہ یا کوئی غیر شرعی آرزو آدمی کے دل میں ہرگز جگہ نہیں پاتے ہیں۔ اس آدمی کی واحد غرض یا تمنا صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔ وہ اعلائے کلمۃ اللہ اور اس کے بالمقابل دشمن کی بات کو سرنگوں کرنے کے لیے جہاد کرتا ہے۔ ذاتی رجحان اور خواہشات کی بجائے تعلیمات واحکامات ربانی کے سامنے گردن جھکاتا ہے۔ قرآن کریم میں اس کے بارے یوں ارشاد ہے۔

"نفس کو آلائشوں سے پاک کرنے والے نے فلاح پائی"

شیطان کے خلاف جہاد: شیطان کو دشمن جانتے ہوئے اس کی خواہشات کے

Marfat.com

خلاف ڈٹ جانا اور اسکی آرزوؤں کو رد کرتے ہوئے اس پر غالب آتا ہے مجاہد انسان نفس اور شیطان کو چپکے سے آنے والا دشمن جانتا ہے اور اس کے مطابق تدبیر اختیار کرتا ہے۔ جناب حق تعالی کے ارشادات کی تابعداری کرتا ہے اور اللہ کی راہ میں شیطان کے خلاف جہاد کرتا رہتا ہے۔

واضح اور عیاں دشمن کے خلاف جہاد : آدمی اللہ پر ایمان لانے کی وجہ سے اس کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے اس کی راہ میں دشمن کے خلاف جہاد کرتا ہے۔ جہاد کو ارکان دین میں سے ایک رکن ہونے کو قطعی طور پر جانتا ہے ایسا انسان، اللہ تعالی پر بھرپور بھروسہ ہونے کی وجہ سے اللہ کے علاوہ کسی دوسرے سے بالکل نہیں ڈرتا. "وہن" کا شکار بھی نہیں ہوتا جیساکہ معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ "وہن" کیا ہے ؟ آپؐ نے فرمایا: "وہن" دنیا کی محبت اور موت سے نفرت (کا نام) ہے" اسلام، دوسروں کے سامنے گردن جھکانے کا نام نہیں ہے اسلام اللہ تعالی اور اس کے احکامات کو تسلیم کرنا ہے کیونکہ شرف وفضیلت اسلام میں ہے۔ اس کے برعکس طاقتور، ناحق اور ظلم وزیادتی کرنے والے کے سامنے جھکنا اسلام نہیں ہے۔

اسلام میں جہاد کی، دشمن سے لڑنے کی فرضیت کی حکمت ظلم، وزیادتی اور شر، فساد کا تدارک کرنا ہے۔ کرہ ارضی پر خیر (حقانیت اور بھلائی) کی حاکمیت قائم کرنا ہے۔ اسلام کو بہترین شکل اور بہترین وعظ کے انداز میں علم وحکمت سے متعارف کروانا ہے کلمۃ اللہ کو سب سے بلند رکھنا، مسلمانوں کا انکار کرنے والے اور اہل کفر کی طرف سے آنے والے نقصان (ضر) کو بر طرف کرنا ہے مسلمانوں کے وجود کو دشمن کی طرف سے پہنچنے والے نقصانات، تخریب کاری اور

Marfat.com

عمل دخل سے بچانا جہاد ہے۔

قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے کہ "اللہ کی راہ میں حق کے ساتھ جہاد کرو" یہ فرمان الٰہی جہاد کی تینوں قسموں کو محیط ہے یعنی ہر تین طرح سے جہاد کرنے کا مؤمنین کو حکم دیا گیا ہے۔ اور فرمایا گیا: "اللہ کی راہ میں اپنی جانوں اور مالوں کے ساتھ جہاد کرو، تم جانتے ہو کہ یہ تمہارے لیے سب سے زیادہ خیر والا ہے... جنہوں نے ایمان لانے کے بعد ہجرت کی، پھر اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہ اللہ کی رضا اور رحمت کے امیدوار اور طلب گار ہیں"۔ یہ اور اس سے ملتی جلتی دیگر آیات جہاد کی تینوں اقسام کو شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام جہاد کی ان جہات کو بہت سی احادیث میں بھی بیان فرما چکے ہیں دشمن کے خلاف جہاد کی طرح نفسانی خواہشات کے خلاف بھی لڑو، جو کوئی اعلائے کلمۃ اللہ کی خاطر جہاد کرے گا اس کا جہاد اللہ کی راہ میں جہاد ہے۔ حدیث نبوی کے مطابق جہاد میں سے افضل جہاد، ظالم حکمران کے سامنے کلمہ حق (عدل وانصاف کی بات) کہنا ہے۔ اس کتاب میں جو آیات قرآنیہ واحادیث مبارکہ ہم زیر بحث لائے ہیں ان میں جہاد کے ان سب پہلوؤں پر خوب روشنی ڈالی گئی ہے۔

اسلام کا احترام کرنے والا مسلمانوں کے عقائد ونظریات، حریت (حریت شخصی وفکری) اور ملک وملت کے بارے تعظیم کا مظاہرہ کرنے والوں کو مسلمانوں کی طرف سے ہمیشہ اچھائی بہم پہنچتی ہے صرف برائی کے مقابل اس کے برابر بدلہ لینا، برائی کرنے والے دشمن سے جائز ہے۔ سارے وجود کو بچانے کے لیے ایک ماہر سرجن جس طرح فاسد مواد کا آپریشن کر کے علاج کرتا ہے اسی طرح فتنہ وشر اور ظلم وزیادتی کا علاج کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے جہاد فرض

Marfat.com

ٹھہرایا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں حکم دے رہا ہے:

"اے ایمان والو! تمہارے ساتھ لڑنے والوں کے خلاف تم بھی اللہ کی راہ میں جہاد کرو، خبردار زیادتی نہ کرنا، بلاشبہ اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا" قرآن مجید میں دشمن کے ساتھ جہاد وقتال فرض قرار دیتے وقت "اللہ کی راہ میں" کے الفاظ کا ذکر ساتھ دکھائی دیتا ہے اسلام میں جس "جہاد" کا حکم دیا گیا ہے یہ حق تعالیٰ کے امر و رضا کے تحت بھلائی کے قیام اور انسانوں کو انسانوں کی غلامی سے نجات دلانے کی خاطر ہے۔ حقیقی آزادی کا حصول ایک اللہ کے بندے ہونے کا شرف پانے کی غرض سے ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں سبھی مجاہدوں سے محترم اور عظیم تر ہیں۔ وہ سارے پیغمبروں کے امام اور متقین کے لیڈر ہیں۔ آپؐ نے حق کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کیا، صحابہ کرام راہ ہدایت کے چمکدار ستارے بن کر اسی راہ پر چلے۔ انہوں نے بھی اپنی جان اور مال، کے ساتھ جہاد کیا۔ اللہ نے انہیں بھی کامیابی سے ہمکنار کیا، انہوں نے عظیم ترین صلہ کے ساتھ ساری انسانیت کو سکھ اور خوشی نصیب کی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں عظیم ترین حکمرانی نصیب فرمائی۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے خلیفہ منتخب ہونے پر مسلمانوں سے جو پہلا خطاب عام فرمایا تھا اس کا ہر جملہ اور خاص کر جہاد کے بارے یہ الفاظ کس قدر اہم ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا: "اے لوگو! تم میں سے بہتر نہ ہونے کے باوجود تمہارا خلیفہ منتخب کیا گیا ہوں اگر راہ راست پر چلوں تو میرا تعاون کرنا اگر بے راہ ہو جاؤں تو میری اصلاح کرنا سچ امانت اور جھوٹ خیانت ہے تم میں سے

Marfat.com

جو کمزور ہے میرے لیے قوی ہے یہاں تک کہ میں اس کا حق دلا دوں (ان شاء اللہ) اور تم میں سے جو قوی ہے میرے لیے کمزور ہے یہاں تک کہ میں اس سے حق وصول نہ کر لوں (ان شاء اللہ) قانون الٰہی ہے جو قوم راہ حق میں جہاد چھوڑ دیتی ہے وہ ذلیل کر دی جاتی ہے اور جس قوم میں بے حیائی عام ہو جاتی ہے اس پر عذاب الٰہی مسلط کر دیا جاتا ہے

لوگو! جب تک میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کروں تم میری اطاعت کرنا اگر میں اللہ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کروں تو تم پر میری اطاعت لازم نہیں ہے، اٹھو نماز ادا کریں، اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے"۔

اسلام کا حکم کردہ جہاد وہ نہیں ہے جس کا باطل پراپیگنڈہ کر رہا ہے یا بعض لوگ سمجھتے ہیں بعض مفاد پرستوں کے مقاصد یا بعض کم علم اسلام کے نادان دوستوں کے معاملات سے قطع نظر اسلام کے حکم جہاد کے بارے حکم دینے والوں نے سب سے پہلے اپنے آپ کو جہاد کا محکوم ٹھہرالیا ہے۔ اللہ کی راہ میں جہاد کی تعبیر، قرآن کریم اور سنت رسول کی روشنی میں، رسول اکرم کے اسوۂ حسنہ اور آپؐ کے صحابہ کے جانے اور اختیار کردہ کی طرح جاننا، پہچاننا اور اس کے مطابق زندگی گزارنا ہر مؤمن کے لیے زندگی بھر کا یقینی فریضہ ہے۔

اسلام ساری انسانیت کی سعادت اور آزادی کو ہدف مقرر کرتا ہے اس کے لیے تمام بنی نوع انسان کی سعادت کا ذریعہ بننے والی فکری اور عملی اساسوں کو واضح شکل میں بیان کر چکا ہے پس اب ضرورت ہے کہ ان اساسیات کو تمام تر عمدگی اور خوبصورتی، باریکی اور برتری کے ساتھ جانا جائے اور اس کے مطابق زندگی گزاری جائے۔

Marfat.com

# اختصارات

ادارہ "اخبار ملی" (ترکی) نے کتاب ہذا کی تبویب و تدوین میں درج ذیل انداز اپنایا ہے۔

☆ جہاد کے بارے چھ اہم ترین ابواب میں کتاب کو تقسیم کیا ہے۔

☆ ہر باب میں پہلے آیات قرانیہ کو لائے ہیں، لیکن ہر آیت پر الگ عنوان قائم نہیں کیا بلکہ باب کے جامع عنوان کے تحت ہی متعلقہ آیت لائے ہیں۔

☆ ہر باب میں کتب ستہ سے احادیث کا مناسب انتخاب کیا گیا ہے۔ اور احادیث پر ابواب قائم ہیں۔

☆ اصل کتاب میں تجرید بخاری کے حوالہ جات پائے جاتے ہیں جبکہ ہم نے تجرید بخاری کی بجائے دارالسلام، لاہور کی ایک جلد میں طبع کردہ عمدہ بخاری شریف سے احادیث نمبر نقل کر دیے ہیں۔

☆ صحیح مسلم کے حوالہ جات میں کوئی رد و بدل نہیں کیا گیا ہے بلکہ بعینہ نقل کر دیے ہیں۔

☆ بخاری، مسلم کی روایات کو صحیح تسلیم کرتے ہوئے ان کی صحت وضعف کے بارے کسی تردد کا شکار نہیں ہوئے اس لیے بخاری مسلم کے بارے صرف حدیث نمبر درج کرنے پر ہی اکتفا کیا گیا ہے۔

☆ سنن اربعہ یعنی ابو داؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ کی احادیث کے حوالہ نمبر تمام تر تبدیل کر دیے ہیں ان کتب سے احادیث کے نمبر اور ان کی صحت

Marfat.com

کے بارے علامہ ناصر البانی حفظہ اللہ تعالی کی کتب سے مدد لی ہے۔ اور کتاب میں ابوداود، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ کے بعد نمبر سے مراد علامہ البانی صاحب کی صحیح ابوداود، صحیح ترمذی، صحیح نسائی اور صحیح ابن ماجہ کے نمبر احادیث ہیں۔

☆ اصل ترکی کتاب میں پائی جانے والی احادیث میں سے گنتی کی چند ایک علامہ البانی صاحب کے حکم کے مطابق ضعیف ہیں اور ہم نے انہیں موجودہ اردو ترجمہ میں جگہ نہیں دی ہے۔ تاہم جن احادیث کے بارے دیگر آئمہ سے صحت کا حکم مل گیا ہے انہیں درج کر کے صحت کا حکم لگانے والے امام صاحب کا ذکر کر دیا ہے اگرچہ ان احادیث کے ساتھ نمبر علامہ البانی صاحب کی ضعیف ترمذی یا ضعیف ابن ماجہ کے ہیں۔ آیات کا ترجمہ تفسیر ابن کثیر کے اردو ترجمہ سے نقل کردہ ہے لیکن احادیث کا ترجمہ ترکی سے براہ راست کیا گیا ہے۔ روایت کرنے والے صحابی کا نام اختصار کی غرض سے اردو ترجمہ میں ذکر نہیں کیا گیا ہے کیونکہ یہ عربی متن میں مذکور ہے۔

☆ ترکی جیسے برادر ملک میں کردہ کوشش کے تعارف کے علاوہ قرآن وسنت کی ٹھوس راہنمائی سے فریضہ جہاد کو سمجھنے اور ادا کرنے کی غرض سے یہ سعی ناتمام سی کی جارہی ہے۔

☆ نیتوں کے مطابق اللہ سے تو اجر ملتا ہی ہے لیکن احباب گرامی کے ہاں "گر قبول افتد، زہے عزوشرف" تاہم کسی تسامح کی نشاندہی پر شکر گزار ہوں گے۔

Marfat.com

# فرضیت جہاد

کے بارے

# آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ

Marfat.com

Marfat.com

# فرضیت جہاد کے بارے آیات قرآنیہ

وَ جَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ هُوَ اجْتَبٰكُمْ وَ مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِی الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَ فِیْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ هُوَ مَوْلٰكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿﴾ [۲۲:الحج:۷۸]

اور اللہ کی راہ میں ویسا ہی جہاد کرو جیسے جہاد کرنے کا حق ہے۔ اس نے تمہیں برگزیدہ بنایا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں ڈالی دین تمہارے باپ ابراہیم کا. اسی اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے اس قرآن سے پہلے اور اس میں بھی تاکہ پیغمبر تم پر گواہ ہو جائے اور تم تمام لوگوں کے گواہ بن جاؤ۔ پس تمہیں چاہیے کہ نمازیں قائم رکھو اور زکواتیں ادا کرتے رہو۔ اور اللہ کو مضبوط تھام لو۔ وہی تمہارا ولی اور مالک ہے۔ پس کیا ہی اچھا مالک اور کتنا ہی بہتر مددگار ہے۔

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِيْزٌ ﴿﴾ [۲۲:الحج:۳۹-۴۰]

جن مسلمانوں سے کافر جنگ کر رہے ہیں انہیں بھی مقابلے کی اجازت دی

Marfat.com

جاتی ہے کیونکہ وہ مظلوم ہیں۔ بے شک ان کی مدد پر اللہ قادر ہے۔ یہ وہ ہیں جنہیں بلاوجہ اپنے گھروں سے نکالا گیا صرف ان کے اس قول پر کہ ہمارا پروردگار فقط اللہ ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو آپس میں ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجے اور یہودیوں کے معبد اور وہ مسجدیں بھی ویران کر دی جاتیں جہاں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے۔ جو اللہ کی مدد کرے گا اللہ بھی ضرور اسکی مدد کرے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ بڑی قوتوں والا اور بڑے غلبے والا ہے۔

وَ قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ﴿﴾ [۲:البقرة: ۱۹۰]

لڑو اللہ کی راہ میں ان سے جو تم سے لڑتے ہیں اور زیادتی نہ کرو اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

وَ قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ یَکُوْنَ الدِّیْنُ لِلّٰهِ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَی الظّٰلِمِیْنَ ﴿﴾ [۲:البقرة:۱۹۳]

ان سے لڑو جب تک فتنہ نہ مٹ جائے اور اللہ تعالیٰ کا دین غالب نہ آجائے، اگر یہ رک جائیں (تو تم بھی رک جاؤ) زیادتی تو صرف ظالموں پر ہی ہے۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا یَاْتِکُمْ مَّثَلُ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِکُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَ زُلْزِلُوْا حَتّٰی یَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰی نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ ﴿﴾

[۲ :البقرة : ۲۱۴]

کیا تم یہ گمان کیا بیٹھے ہو کہ جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ اب تک تم پر وہ

Marfat.com

حالات نہیں آئے جو تم سے اگلے لوگوں پر آئے تھے انہیں بیماریاں اور تکلیفیں پہنچیں اور وہ یہاں تک جھنجوڑے گئے کہ رسول اور اس کے ساتھ ایمان والے کہنے لگے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی؟ سن رکھو کہ اللہ کی مدد قریب ہی ہے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَ عَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۝ [۲:البقرة:۲۱٦]

تم پر جہاد فرض کیا گیا گو وہ تمہیں دشوار معلوم ہو۔ ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو بُری جانو اور در حقیقت وہی تمہارے لیے بھلی ہو۔ اور یہ بھی تمہارے لیے ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو اچھی سمجھو، حالانکہ وہ تمہارے لیے بُری ہو۔ حقیقی علم اللہ ہی کو ہے، تم محض بے خبر ہو۔

وَ قَاتِلُوا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۝

[۲:البقرة:۲٤٤]

اور اللہ کی راہ میں لڑائی لڑو اور جان رکھو کہ بے شک اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ لَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَ يَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ۝ [۳:آل عمران:۱٤۲]

کیا تم یہ سمجھ بیٹھے ہو کہ تم جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ اب تک اللہ تعالی نے یہ معلوم نہیں کیا کہ تم میں سے جہاد کرنے والے کون ہیں اور صبر کرنے والے کون ہیں۔

Marfat.com

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِى الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِىْ قُلُوْبِهِمْ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۵۶]

اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے کفر کیا اور اپنے بھائیوں کے حق میں، جب کہ وہ سفر میں ہوں یا جہاد میں ہوں، کہا کہ اگر یہ ہمارے پاس موجود ہوتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اس خیال کو اللہ تعالیٰ ان کی دلی حسرت کا سبب بنادے، اللہ تعالیٰ جلاتا ہے اور مارتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ تمہارے عمل کو دیکھ رہا ہے۔

اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَ قَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۶۸]

یہ وہ لوگ ہیں جو خود بھی بیٹھے رہے اور بھائیوں کی بابت کہا کہ اگر وہ بھی ہماری بات مان لیتے تو قتل نہ کیے جاتے، کہہ دیجیے! اگر تم سچے ہو تو اپنی جانوں سے موت کو ہٹا دو۔

وما لَكُمْ لا تُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا﴿﴾

[٤:النساء:٧٥]

Marfat.com

بھلا کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اور ان ناتوانوں مردوں عورتوں اور ننھے ننھے بچوں کے چھٹکارے کے لیے جہاد نہ کرو؟ جو یوں دعائیں مانگ رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ان ظالموں کی بستی سے ہمیں نجات دے اور ہمارے لیے خود اپنے پاس سے حمایتی اور کارساز مقرر کر دے اور ہمارے لیے خاص اپنے پاس سے مددگار بنا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ۝ [٤:النساء:٧٦]

جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ تو اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ اللہ تعالی کے سوا اوروں کی راہ میں لڑتے ہیں پس تم شیطان کے دوستوں سے جنگ کرو یقین مانو کہ شیطانی حیلہ بالکل بودا اور سخت کمزور ہے۔

فَقَاتِلْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۝ [٤:النساء:٨٤]

پس آپ اللہ کی راہ میں قتال کیجیے، آپ کو بجز آپؐ کے ذاتی فعل کے کوئی حکم نہیں اور مسلمانوں کو ترغیب دے دیجیے۔ اللہ تعالی سے امید ہے کہ کافروں کے زور جنگ کو روک دیں گے اور اللہ تعالی زور جنگ میں زیادہ شدید ہیں، اور سخت سزا دیتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِىْ

Marfat.com

سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۝ [٥:المائدة:٣٥]

مسلمانوں اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کی طرف نزدیکی کی جستجو کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تمھارا بھلا ہو۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۝ [٨:الانفال:٤٥]

اے ایمان والو! جب تم کسی مخالف فوج سے بھڑ جاؤ تو ثابت قدم رہو۔ اور بکثرت اللہ کو یاد کرو تاکہ تمہیں کامیابی حاصل ہو۔

وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ۝ [٨:الانفال:٤٦]

اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے رہو، آپس میں اختلاف نہ کرو ورنہ بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کو سہار رکھو، یقیناً اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۝ [٩:التوبة:١٦]

کیا تم یہ سمجھے بیٹھے ہو کہ تم چھوڑ دیے جاؤ گے حالانکہ اب تک اللہ نے تم میں سے انہیں ممتاز نہیں کیا جو مجاہد ہیں اور جنہوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ کے اور مومنوں کے سوا کو دلی دوست نہیں بنایا، اللہ خوب خبردار ہے جو تم کر رہے ہو۔

Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ﴿﴾ [۹:التوبة:۳۸]

اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے راستے میں کوچ کرو تو تم زمین پکڑ لیتے ہو۔ کیا تم آخرت کے عوض دنیا کی زندگانی پر ہی ریجھ گئے ہو۔ سنو دنیا کی زندگی تو آخرت کے مقابلے میں کچھ یونہی سی ہے۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا وَّ جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ﴿﴾ [۹:التوبة:۴۱]

نکل کھڑے ہو جاؤ ہلکے پھلکے ہو تو بھی اور بھاری بھر کم ہو تو بھی۔ اور راہ رب میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو یہی تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ﴿﴾ [۹:التوبة:۷۳]

اے نبی! کافروں اور منافقوں سے جہاد جاری رکھو اور ان پر سختی کرو ان کی اصلی جگہ دوزخ ہے جو نہایت بدترین جگہ ہے۔

فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا﴿﴾

[۲۵۔الفرقان:۵۲]

پس آپ کافروں کا کہنا نہ کریں اور بحکم اللہ ان سے پوری طاقت سے بڑا جہاد کریں۔

Marfat.com

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ وَ نَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ۝ [٤٧:محمد:٣١]

یقیناً ہم تمہارا امتحان کر کے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو صاف معلوم کر لیں گے اور ہم تمہاری حالتوں کی بھی جانچ کریں گے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ۝

[٤٩:الحجرات:١٥]

مومن تو وہ ہیں جو اللہ پر اور اسکے رسول پر پکا ایمان لائیں پھر شک وشبہ نہ کریں اور اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کرتے رہیں (اپنے دعوی ایمان میں) یہی سچے اور راست گو ہیں۔

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَ تُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۝ [٦١:الصف:١١]

اللہ تعالی پر اور اسکے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جانوں سے جہاد کرو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ جَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ۝

[١٦:النحل:١٢٥]

اپنے رب کی راہ کی طرف لوگوں کو اللہ کی وحی اور بہترین نصیحت کے

Marfat.com

ساتھ بلایئے اور ان سے بہترین طریقے سے گفتگو کریں یقیناً آپ کا رب اپنی راہ سے بھٹکنے والوں کو بخوبی جانتا ہے اور وہ راہ یافتہ لوگوں سے بھی پورا واقف ہے۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ۝

[۱۵:الحجر:۹۴]

پس آپ اس حکم کو جو آپ کو کیا جا رہا ہے کھول کر سنا دیجیے اور مشرکوں سے منہ پھیر لیجیے۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ۝ [۹:التوبة:۲۹]

ان لوگوں سے لڑو جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے جو اللہ اور اسکے رسول کی حرام کردہ شے کو حرام نہیں جانتے نہ دین حق کو قبول کرتے ہیں (یہ) ان لوگوں میں سے (ہیں) جنہیں کتاب دی گئی ہے یہاں تک کہ وہ ذلیل وخوار ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔

Marfat.com

Marfat.com

# فرضیت جہاد کے بارے احادیث مبارکہ

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسلمانوں کو قتال کی اجازت دینا اور اس بارے نازل ہونے والی پہلی آیت کا بیان

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا أُخْرِجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَخْرَجُوا نَبِيَّهُمْ، إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ لَيَهْلِكُنَّ. فَنَزَلَتْ ﴿ أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ ﴾ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ سَيَكُونُ قِتَالٌ. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَهِيَ أَوَّلُ آيَةٍ نَزَلَتْ فِي الْقِتَالِ.

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ سے (مشرکوں کی طرف سے) نکالے جانے (اور مدینہ کی طرف ہجرت کرتے وقت) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا: (مشرکوں نے اپنی طرف بھیجا گیا) نبی (مکہ سے) نکال دیا انا للہ و انا الیہ راجعون۔ (ہم اللہ کے بندے ہیں اور پھر اس کی طرف لوٹائے جائیں گے) یہ لوگ یقیناً ہلاک ہوں گے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی: ”جن مسلمانوں سے کافر جنگ کر رہے ہیں انہیں بھی مقابلے کی اجازت دی جاتی ہے، کیونکہ وہ مظلوم ہیں۔ بے شک ان کی مدد پر اللہ قادر ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کہتے ہیں:

(یہ آیت نازل ہونے پر) میں جان گیا کہ آئندہ کافروں سے ضرور جنگ ہوگی۔

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں: قتال کے بارے نازل ہونے والی پہلی آیت یہ ہے۔

(یہ حدیث سنن نسائی (۲۸۹۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

مکی دور میں قتال کی اجازت نہیں ملی تھی۔ حتی کہ مشرکوں کی طرف سے مختلف ایذاء وسزا پانے پر مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہنے لگے: اے اللہ کے رسول! جس سے ہم دوچار ہیں یہ کیا ہے؟ آپؐ ہمیں اجازت لے کر دیں اور ہم چپکے سے انہیں قتل کر ڈالیں، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ابھی لڑائی کی اجازت نہیں ملی ہے۔“ بالآخر مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے کے بعد سورۃ حج کی آیت نمبر ۳۹ میں لڑائی کی اجازت ملی۔

درحقیقت جہاد سے متعلقہ آیات ایک ترتیب اور نظم میں نازل ہوئی ہیں۔ پہلے اللہ تعالی نے مشرکوں سے منہ موڑنے کا حکم دیا (۱۵: حجر: ۳۹)۔ پھر احسن انداز سے مجادلہ کا حکم دیا گیا (۱۶: نحل ۱۲۵)۔ اس کے بعد محاربہ کی اجازت دی گئی (۲۲: حج: ۳۹)۔ دشمنوں کے چڑھائی اور یلغار کرنے پر مقابلہ کی اجازت دی گئی (۲: بقرۃ: ۱۹۱)۔ آخر پر حرمت والے مہینے گذر جانے کی شرط کے ساتھ جہاد قبول ہوا (۹: توبۃ: ۵)۔

بالآخر عام معنی میں جہاد فرض کر دیا گیا (۲: بقرۃ: ۴۴)۔

## رسول اللہ ﷺ کا اپنے بارے واضح کرنا کہ مجھے لڑائی کا حکم دیا گیا ہے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

Marfat.com

" أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنِّى رَسُولُ اللّٰهِ، وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَ يُؤْتُوا الزَّكَاةَ "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " بلاشبہ، اللہ کے علاوہ کوئی دوسرا معبود برحق نہیں اور میرے بارے اللہ کے رسول ہونے کو تسلیم (زبان سے اقرار) کرنے کے بعد نماز بالکل صحیح صحیح اور زکوٰۃ لازمی شکل میں ادا کرنے تک لوگوں کے ساتھ مجھے قتال کرنے (لڑنے) کا حکم دیا گیا ہے۔"

(یہ حدیث متواتر ابن ماجہ (۵۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ ﷺ کا جہاد کے بارے حکم

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا "

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا: "(کافروں کے ساتھ جہاد کے لیے نہ نکلو لیکن) جب حکم ہو جائے تو نکل پڑو"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۷۷۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کا انکار کرنے والوں کے ساتھ جہاد کرنا

عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَقَالَ: " سِيْرُوا بِاسْمِ اللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ وَلَا تَمْثُلُوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيْدًا "

حضرت صفوان بن عسالؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے ہمیں ایک سریہ (آپؐ کی نمائندہ جنگ) پر بھیجا۔ اور (بھیجتے وقت) فرمایا: " اللہ کے نام کے ساتھ مدد مانگتے ہوئے اللہ کی راہ میں (جہاد کی غرض سے) چلو، اللہ کا انکار کرنے والوں سے لڑائی کرو، لیکن (دشمن کے وجود کا) مثلہ نہ کرنا (جسم سے کوئی حصہ نہ کاٹنا)، (ان سے اگر کوئی عہد معاہدہ ہو تو) غداری نہ کرنا، مال غنیمت میں خیانت نہ کرنا، اور بچوں کو قتل نہ کرنا۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۰۶) نے صحیح حسن سند سے روایت کی ہے)

## لا الہ الا اللہ کہنے تک مشرکوں سے لڑنا

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: " اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ عَصَمَ مِنِّی مَالَہُ وَ نَفْسَہُ اِلاَّ بِحَقِّہٖ وَ حِسَابُہُ عَلَی اللّٰہِ "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " لا الہ الا اللہ کہنے تک (مشرک) لوگوں سے لڑنے کا مجھے حکم ملا ہے۔ جو کوئی لا الہ الا اللہ کہہ لے گا (ایمان لے آئے گا)، شرعی حدود کے علاوہ، مجھ سے اپنی جان اور اپنا مال اس نے بچا لیا اور اس کی (معصیت و نافرمانی) کا حساب اللہ پر ہے"۔

(یہ حدیث متواتر سنن نسائی (۲۸۹۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

# متعلقات جہاد

کے بارے

# آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ

Marfat.com

Marfat.com

# جہاد اور اس سے متعلقہ مفہوم بیان کرنے والی آیات کریمہ

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ [۲:البقرۃ:۲۱۸]

البتہ ایمان لانے والے، ہجرت کرنے والے، اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے ہی رحمت الٰہی کے امیدوار ہیں۔ اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا اور بہت مہربانی کرنے والا ہے۔

وَكَاَیِّنْ مِّنْ نَّبِیٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّیُّوْنَ كَثِیْرٌ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ ○

[۳:آل عمران:۱۴۶]

بہت سے نبیوں کے ہمرکاب ہو کر بہت سے اللہ والے جہاد کر چکے ہیں انہیں بھی اللہ کی راہ میں تکلیفیں پہنچیں لیکن نہ تو انہوں نے ہمت ہاری نہ سست رہے اور نہ دبے اور اللہ صبر کرنے والوں ہی کو چاہتا ہے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ○

[۳:آل عمران:۱۴۷]

اور یہی کہتے رہے کہ اے پروردگار ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہمارے کاموں میں جو بے جا زیادتی ہوئی ہے اسے بھی معاف فرما اور ہمیں ثابت قدمی عطا فرما اور ہمیں کافروں کی قوم پہ مدد دے۔

Marfat.com

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْ بَعْدُ وَ ھَاجَرُوْا وَ جَاھَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ
مِنْكُمْ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُھُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ كِتَابِ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ
بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿﴾ [۸:الانفال:۷۵]

اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ ہو کر جہاد کیا پس یہ لوگ بھی تم میں سے ہیں اور رشتے ناتے والے ان میں سے بعض بعض سے زیادہ نزدیک ہیں اللہ کے حکم میں۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ
الْمُحْسِنِیْنَ ﴿﴾ [۲۹:العنکبوت:۶۹]

اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم انہیں اپنی راہیں ضرور دکھا دیں گے یقیناً اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کے ساتھی ہیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ اُولٰٓئِكَ فِی الْاَذَلِّیْنَ ﴿﴾ كَتَبَ
اللّٰہُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿﴾ [۵۸:المجادلۃ:۲۰،۲۱]

بے شک اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی جو لوگ مخالفت کرتے ہیں وہی سب سے زیادہ ذلیلوں میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ لکھ چکا ہے کہ بے شک میں اور میرے پیغمبر غالب رہیں گے۔

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَھُمَا
فَاِنْ بَغَتْ اِحْدٰھُمَا عَلَی الْاُخْرٰی فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰی تَفِیْٓءَ اِلٰی

Marfat.com

اَمْرِ اللّٰہِ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَھُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ﴿﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ وَاتَّقُوْا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿﴾ [٤٩:الحجرات:٩-١٠]

اور اگر مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں میل ملاپ کرا دو پھر اگر ان دونوں میں سے ایک دوسری جماعت پر زیادتی کرے تو تم سب اس گروہ سے جو زیادتی کرتا ہے لڑو۔ یہاں تک کہ وہ اللہ تعالی کے حکم کی طرف لوٹ آئے اگر لوٹ آئے تو پھر انصاف کے ساتھ صلح کرا دو اور عدل کرو اللہ تعالی انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ یاد رکھو سارے مسلمان بھائی ہیں پس اپنے دو بھائیوں میں ملاپ کرا دیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

ھُوَالَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا ﴿﴾ [٤٨:الفتح:٢٨]

وہی جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اسے ہر دین سے اوپر رکھے اور اللہ تعالی کافی ہے اظہار حق کرنے والا۔

وَ اِذْ یَمْکُرُ بِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْکَ اَوْ یَقْتُلُوْکَ اَوْ یُخْرِجُوْکَ وَ یَمْکُرُوْنَ وَ یَمْکُرُ اللّٰہُ وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ ﴿﴾ [٨:انفال:٣٠]

اور اس واقعہ کا بھی ذکر کیجئے جب کہ کافر لوگ آپ کی نسبت تدبیر سوچ رہے تھے کہ آپ کو قید کر لیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو خارج وطن کر دیں اور وہ تو اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ اپنی تدبیر کر رہا تھا اور سب سے مستحکم

Marfat.com

تدبیر کرنے والا اللہ ہی ہے۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ وَ يُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْا اٰيٰتِي وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا﴿﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَ نَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ فِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَ اِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا﴿﴾

[۱۸:الکہف:۵۶-۵۷]

ہم تو اپنے رسولوں کو صرف اس لیے بھیجتے ہیں کہ وہ خوشخبریاں سنا دیں اور ڈرا دیں کافر لوگ جھوٹی باتوں کو سند بنا کر جھگڑے کر کے چاہتے ہیں کہ اس سے حق کو لڑکھڑا دیں وہ میری آیتوں اور جس چیز سے ڈرایا جائے اسے مذاق میں اڑاتے ہیں اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی جائے وہ پھر بھی منہ موڑے رہے اور جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیج رکھا ہے اسے بھول جائیں بے شک ہم نے ان کے دلوں پر اس کی سمجھ سے پردے ڈال رکھے ہیں اور ان کے کانوں میں گرانی ہے گو تو انہیں ہدایت کی طرف بلاتا رہ لیکن یہ کبھی ہدایت نہیں پائیں گے۔

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ﴿﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴿﴾[۹:التوبۃ:۳۲-۳۳]

Marfat.com

وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو منہ سے بجھا دیں اور اللہ تعالیٰ انکاری ہے مگر اسی بات کا کہ اپنا نور پورا کرے گا گو کافر ناخوش رہیں اسی نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا ہے کہ اس کو تمام مذہبوں پر غالب کر دے اگرچہ مشرک برا مانیں۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ﴿﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ﴿﴾ [٥:المائدہ:٥٦-٥٧]

اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے اور اسکے رسول سے اور مسلمانوں سے دوستی کرے وہ یقین مانے کہ اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب رہے گی مسلمانو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جو تمہارے دین کو ہنسی کھیل بنائے ہوئے ہیں۔ خواہ وہ ان میں سے ہوں جو تم سے پہلے کتاب دیے گئے یا کفار ہوں اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا﴿﴾
[٤:النساء:٤٥]

اور اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کو خوب جاننے والا ہے اور اللہ تعالیٰ کا دوست ہونا کافی ہے اور اللہ تعالیٰ کا مددگار ہونا بس ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ

Marfat.com

وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ
يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْ
اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا
قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى
مَضَاجِعِهِمْ وَ لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِيُمَحِّصَ مَا فِيْ
قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۝ [۳:آل عمران:۱۵۴]

پھر اُس نے اس غم کے بعد تم پر امن نازل فرمایا اور تم میں سے ایک جماعت کو امن کی نیند آنے لگی۔ ہاں کچھ وہ لوگ بھی تھے کہ انہیں اپنی جانوں کی پڑی ہوئی تھی وہ اللہ تعالی کے ساتھ ناحق جہالت بھری بدگمانی کر رہے تھے اور کہتے تھے کیا ہمیں بھی کسی چیز کا اختیار ہے؟ آپ کہہ دیجئے کہ کام تو کُل کا کُل اللہ کے اختیار میں ہے یہ لوگ اپنے دلوں کے بھید نہیں بتاتے کہتے ہیں کہ اگر ہمیں کچھ بھی اختیار ہوتا تو یہاں قتل نہ کیے جاتے۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر تم لوگ اپنے گھروں میں بھی رہتے تب بھی جن لوگوں کے لیے قتل مقدر ہو چکا تھا وہ لوگ ان مقامات کی طرف نکل پڑتے جہاں وہ گرے ہیں۔ اور یہ جو کچھ ہوا اس لیے ہوا تاکہ اللہ تعالی سب باطن کی بات آزمائش کرے اور تاکہ تمہارے دلوں کی بات کو صاف کر دے۔ اور اللہ سب باطن کی باتوں کو خوب جانتے ہیں۔

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۝ اِنْ
يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ وَ تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ

Marfat.com

النَّاسِ وَ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ يَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَآءَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۳۹-۱۴۰]

تم نہ سستی کرو اور نہ غمگین ہو، تمہیں غالب رہو گے اگر تم ایماندار ہو۔ اگر تم زخمی ہوئے تو تمہارے مخالف لوگ بھی تو ایسے ہی زخمی ہو چکے ہیں۔ ہم ان دنوں کو لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہتے ہیں اور (شکست احد اس لئے تھی) کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جان لے اور تم میں سے بعض کو شہادت کا درجہ عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ناحق والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَ اعْفُ عَنَّا وَ اغْفِرْلَنَا وَ ارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ﴿﴾ [۲:البقرۃ:۲۸۶]

اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جو نیکی وہ کرے وہ اس کے لئے اور جو برائی وہ کرے وہ اس پر ہے۔ اے ہمارے رب! اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا۔ اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈالو جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی طاقت ہمیں نہ ہو اور ہم سے درگزر فرما۔ اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر تو ہی ہمارا مالک ہے ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ

Marfat.com

كَفَرُوْا اَوْلِيٰئُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ

اُولٰئِكَ اَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ﴿﴾ [۲:البقرة:۲۵۷]

ایمان لانے والوں کا کارساز اللہ تعالیٰ خود ہے وہ انہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال کر لے جاتا ہے اور کافروں کے اولیاء شیاطین ہیں وہ انہیں روشنی سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں یہ لوگ جہنمی ہیں جو ہمیشہ اس میں پڑے رہیں گے۔

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصَارٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ اِنَّ

هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ

الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ﴿﴾ [۲:البقرة:۱۹۰]

آپ سے یہود و نصاریٰ ہرگز راضی نہ ہونگے جب تک کہ آپ ان کے مذہب کے تابع نہ بن جائیں آپ کہہ دیجئے کہ اللہ کی ہدایت ہی ہدایت ہے۔ اور اگر آپ نے باوجود اپنے پاس علم آجانے کے پھر ان کی خواہشوں کی پیروی کی تو اللہ کے پاس نہ تو آپ کا کوئی ولی ہوگا اور نہ مددگار۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴿﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ

اللّٰهِ اَفْوَاجًا﴿﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا﴿﴾

[۱۰۳:النصر:۱-۳]

جب اللہ کی مدد اور فتح آجائے اور تو لوگوں کو اللہ کے دین میں جوق در جوق آتا دیکھ لے۔ تو اپنے رب کی تسبیح اور حمد کرنے لگے اور اس سے مغفرت کی دعا مانگ بے شک وہ معاف کرنے والا ہے۔

Marfat.com

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلاَ عَلَى الْمَرْضٰى وَلاَ عَلَى الَّذِيْنَ لاَ يَجِدُوْنَ

مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ

سَبِيْلٍ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴿﴾ وَلاَ عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ

قُلْتَ لاَ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّ اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

حَزَنًا اَلاَّ يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ﴿﴾ [۹:التوبة:۹۱-۹۲]

ناتواں ضعیفوں پر اور بیماروں پر اور ان پر جن کے پاس خرچ کرنے کو کچھ نہیں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ وہ اللہ اور اسکے رسول کی خیر خواہی کرتے رہیں ایسے نیک کاروں پر الزام کی راہ کوئی نہیں اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت والا اور رحمت والا ہے ہاں ان پر بھی کوئی حرج نہیں جو آپؐ کے پاس آتے ہیں کہ آپؐ انہیں سواری مہیا کریں تو آپؐ جواب دیتے ہیں کہ میں تو آپؐ کی سواری کے لیے کچھ نہیں پاتا تو رنج والم سے اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں کہ انہیں خرچ کے لیے کچھ بھی میسر نہیں۔

اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَ هُمْ اَغْنِيَآءُ رَضُوْا بِاَنْ

يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لاَ يَعْلَمُوْنَ﴿﴾

[۹:التوبة:۹۳]

بے شک ان لوگوں پر تو راہ الزام ہے اور انہیں پر ہے جو باوجود دولتمند ہونے کے آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں یہ خانہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر خوش ہوتے ہیں اور ان کے دلوں پر مہر خداوندی لگ چکی ہے جس سے وہ محض بے علم ہو چکے ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

# جہاد اور اس سے متعلقہ مفہوم بیان کرنے والی احادیث صحیحہ

## صحابہ کرامؓ کا رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر موت تک کیلئے بیعت کرنا

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الْخَنْدَقِ فَاِ ذَا الْمُہَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ یَحْفِرُوْنَ فِی غَدَاۃٍ بَارِدَۃٍ فَلَمْ یَکُنْ لَّھُمْ عَبِیْدٌ یَعْمَلُوْنَ ذٰلِکَ لَھُمْ فَلَمَّا رَاٰی مَا بِھِمْ مِّنَ النَّصَبِ وَالْجُوْعِ. قَالَ:

" اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ

فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُھَاجِرَۃِ"

فَقَالُوا مُجِیْبِیْنَ لَہٗ:

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوا مُحَمَّدًا

عَلَی الْجِھَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا.

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ: (جنگ احزاب کے موقع پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق پر پہنچے۔ مہاجرین وانصار کو ٹھنڈے مگر خوب دن چڑھے وقت خندق کھودتے ہوئے دیکھا۔ ان کے پاس غلام بھی نہیں تھے جو ان کی طرف سے یہ کام کرتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی برداشت کردہ یہ مشقت اور بھوک دیکھ کر فرمایا:

"اے اللہ! خوشی کی زندگی اور جینا تو آخرت کا جینا ہے، تو انصار اور مہاجرین

Marfat.com

کی مغفرت فرما!

وہاں پر موجود صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جواباً کہا:
"جب تک ہم زندہ ہیں اس وقت تک کے لیے ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر جہاد کی بیعت کی ہے"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۳۴) نے روایت کی ہے)

## انصار کی بیعت

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: بَايَعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَكْرَهِ وَالأَثَرَةِ عَلَيْنَا وَاَنْ لاَ نُنَازِعَ الأَمْرَ اَهْلَهُ وَاَنْ نَقُولَ الْحَقَّ حَيْثُمَا كُنَّا لاَ نَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لاَئِمٍ.

حضرت عبادہ بن صامتؓ نے فرمایا: ہم (انصاریوں) نے (عقبہ کی رات) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یوں بیعت کی:

مشکل اور آسان حالات میں، خوشی اور پریشانی کے دور میں اور دوسروں کو ہم پر ترجیح دیئے جانے کے موقع پر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات سننے اور اطاعت کرنے، حکم کے بالمقابل امارات کے بارے نزاع نہ کھڑا کرنے اور ہم جہاں کہیں بھی ہوں حق بات کرنے پر، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی۔ نیز اللہ کے (دین یا حق کے) بارے ملامت کرنے والے کی ملامت کی ہرگز پرواہ نہیں کریں گے۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۱۵) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## بیعت کا اسلام اور جہاد کے بارے ہونا

عَنْ اَنَسٍ ، اَنَّ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانُوا یَقُولُونَ یومَ الْخَنْدَقِ :

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا

عَلَی الاِسْلَامِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا

اَوْ قَالَ عَلَی الْجِهَادِ شَكَّ حَمَّادٌ .

وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ :

" اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْخَیْرَ خَیْرُ الاٰخِرَۃِ

فَاغْفِرْ لِلاَنْصَارِ وَالْمُھَاجِرَۃِ"

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ جنگ خندق کے دن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی کہہ رہے تھے :

جب تک ہم زندہ ہیں اس وقت تک کے لیے ہم اسلام پر زندہ و کاربند رہنے کی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے (ہاتھوں پر) بیعت کرنے والے ہیں"۔

یہاں (راوی حدیث) "حماد" کو شک ہے کہ "ثابت" نے "اسلام پر" یا "جہاد پر" کہا تھا۔

(جواباً) نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا : "اے اللہ ! خیر تو حقیقت میں آخرت کی خیر ہے، پس تو انصار و مہاجرین کو بخش دے"۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۳۰) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

## سفر میں تین آدمی بھی ہوں تو ایک امیر مقرر کرنا

عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اِذَا خَرَجَ ثَلَاثَۃٌ فِی سَفَرٍ فَلْیُؤَمِّرُوا اَحَدَھُمْ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تین آدمی سفر پر نکلیں تو اپنے میں سے ایک کو اپنا امیر مقرر کرلیں"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۷۲۲) نے حسن صحیح سند سے روایت کی ہے)

## امام کیسے ہوگا؟

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ بَنِی اِسْرَائِیلَ کَانَتْ تَسُوسُھُمْ اَنْبِیَاؤُھُمْ کُلَّمَا ذَھَبَ نَبِیٌّ خَلَفَہُ نَبِیٌّ. وَاَنَّہُ لَیْسَ کَائِنٌ بَعْدِی نَبِیٌّ فِیْکُمْ" . قَالُوا : فَمَا یَکُونُ ؟ یَا رَسُولَ اللّٰہِ! قَالَ : "تَکُونُ خُلَفَاءَ فَیَکْثُرُوا" قَالُوا : فَکَیْفَ نَصْنَعُ ؟ قَالَ : "اَوْفُوا بِبَیْعَۃِ الاَوَّلِ فَالاَوَّلِ اَدُّوا الَّذِی عَلَیْکُمْ فَسَیَسْاَلُھُمُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِ الَّذِی عَلَیْھِمْ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بنی اسرائیل کے انبیاء (حکومتی) نظم ونسق کیا کرتے تھے۔ جب کبھی کوئی نبی فوت ہوتا تو اس کی جگہ دوسرا نبی لے لیتا۔ لیکن میرے بعد تم میں سے کوئی نبی نہیں ہوگا"۔ صحابہ نے عرض کیا: "اے اللہ کے رسول! اس صورت میں (آپؐ کے بعد) کیا ہوگا"؟ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا:

Marfat.com

"(میرے بعد) خلفاء ہوں گے اور ان کی تعداد بھی بکثرت ہو گی۔ (صحابہ نے) عرض کیا: (اے اللہ کے رسول! جب کئی ایک خلفاء ہوں تو) ہم کیا کریں ؟آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"پہلے سے کردہ خلیفے کی بیعت کو ہی لازم ٹھہراؤ (کیونکہ اس کی بیعت پہلے کی گئی تھی) اور تم پر عائد (حکم سننے اور اطاعت کرنے کے) حق کو ادا کرو۔ اللہ عزوجل بھی انہیں تمہارے ضروری حقوق کے بارے پوچھیں گے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۲۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## امامت کا کوئی دوسرا دعویدار اٹھے تو کیا ہو گا؟

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ عَمْرٍو، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ بَایَعَ اِمَامًا فَاَعْطَاہُ صَفْقَۃَ یَدِہٖ وَثَمْرَۃَ قَلْبِہٖ، فَلْیُطِعْہُ مَا اسْتَطَاعَ، فَاِنْ جَاءَ آخَرُ یُنَازِعُہُ فَاضْرِبُوا رَقَبَۃَ الْآخَرِ" قُلْتُ: اَنْتَ سَمِعْتَ ھٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُہُ اُذُنَايَ، وَوَعَاہُ قَلْبِي. قُلْتُ: ھٰذَا ابْنُ عَمِّكَ مُعَاوِیَۃُ یَاْمُرُنَا اَنْ نَفْعَلَ وَ نَفْعَلَ. قَالَ: " اَطِعْہُ فِی طَاعَۃِ اللّٰہِ وَاعْصِہٖ فِی مَعْصِیَۃِ اللّٰہِ".

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس کسی نے ایک امام کی بیعت کر لی ہاتھ کی ہتھیلی اور دل کا ثمر اسے دے دیا، تو پھر اپنی ہمت کی حد تک اس (امیر) کی اطاعت کرے۔ اگر کوئی دوسرا امام (امیر) کھڑا ہو اور اس سے (امامت کے بارے) جھگڑا کرے، تو دوسرے کی گردن اڑا دو۔ (راوی حدیث) کہتا ہے میں نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے پوچھا کیا آپ نے بذات خود یہ رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم سے سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا میرے دونوں کانوں نے اسے سنا اور میرے دل نے یاد رکھا۔ میں (راوی) نے (ان سے) کہا: یہ آپ کے چچازاد حضرت معاویہؓ ہمیں یوں کرو، ایسے کرو کا حکم کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا (حضرت معاویہؓ کے) جو احکامات اللہ کی اطاعت میں ہوں انہیں تسلیم کرو، اگر اللہ کی نافرمانی والے کاموں کا حکم دیا جائے تو اس کی اطاعت نہ کرو۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۳۵۷۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مسلمان امیر کی اطاعت واجب ہے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ الطَّاعَةُ فِيْمَا اَحَبَّ اَوْ كَرِهَ اِلاَّ اَنْ يُّؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ، فَاِذَا اُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ، فَلاَ سَمْعَ وَلاَ طَاعَةَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کسی مسلمان کو گناہ سرانجام دینے کا حکم صادر آنے کے علاوہ چاہے برضا و رغبت اور چاہے بامر مجبوری (مسلمان امیر کے احکامات کی) اطاعت واجب ہے۔ جب اللہ کی نافرمانی (گناہ) کا کوئی حکم دیا جائے تو (کسی امیر کی) نہ بات سننا اور نہ اطاعت کرنا ہے۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۱۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## امام (امیر) کی اطاعت رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ہے

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ اَطَاعَنِيْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ. وَمَنْ

Marfat.com

أَطَاعَ الإِمَامَ فَقَدْ أَطَاعَنِي، وَمَنْ عَصَى الإِمَامَ فَقَدْ عَصَانِي".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس نے میری اطاعت کی بلاشبہ اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی بلاشبہ اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ جس نے امام کی (حاکم وقت) کی اطاعت کی بلاشبہ اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امام کی نافرمانی کی بلاشبہ اس نے میری نافرمانی کی"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۰۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## امام کی اطاعت کرنا

عَنْ أُمِّ الْحُصَيْنِ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "إِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ مُجَدَّعٌ، فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا، مَا قَادَكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" اگر تم پر ناک کان کٹا حبشی غلام (بھی) امیر مقرر کر دیا جائے تو جب تک وہ اللہ کی کتاب کے ساتھ تمہاری قیادت کرتا چلا جائے تم اس کے احکامات کو سنو اور اس کی اطاعت کرو"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۱۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## معصیت نہ ہونے تک امام کی اطاعت کرنا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: "اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، مَا لَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ، فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلاَ سَمْعَ وَلاَ طَاعَةَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کی معصیت نہ ہونے تک

Marfat.com

مسلمان آدمی پر پسند ہو، یا ناپسند امیر کی بات سننا اور اطاعت کرنا ضروری ہے۔ تاہم جب معصیت کا حکم دیا جائے تو پھر نہ سننا اور نہ اطاعت کرنا ہے۔"

(یہ حدیث ابو داود (۲۶۲۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی نافرمانی میں کمانڈر کی اطاعت نہیں ہے:

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَلْقَمَةَ بْنَ مُجَزِّزٍ عَلَى بَعْثٍ، وَ اَنَا فِيهِمْ فَلَمَّا انْتَهَى اِلَى رَأْسِ غَزَاتِهِ اَوْ كَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، اسْتَاْذَنَتْهُ طَائِفَةٌ مِنَ الْجَيْشِ، فَاَذِنَ لَهُمْ وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسٍ السَّهْمِيَّ. فَكُنْتُ فِيمَنْ غَزَا مَعَهُ فَلَمَّا كَانَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ اَوْقَدَ الْقَوْمُ نَارًا لِيَصْطَلُوا اَوْ لِيَصْنَعُوا عَلَيْهَا صَنِيعًا. فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ (وَ كَانَتْ فِيهِ دُعَابَةٌ) اَلَيْسَ لِي عَلَيْكُمُ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ؟ قَالُوا: بَلَى. قَالَ: فَمَا اَنَا بِاٰمِرِكُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا صَنَعْتُمُوهُ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ فَاِنِّي اَعْزِمُ عَلَيْكُمْ اِلَّا تَوَاثَبْتُمْ فِي هٰذِهِ النَّارِ. فَقَامَ نَاسٌ فَتَحَجَّزُوا، فَلَمَّا ظَنَّ اَنَّهُمْ وَاثِبُونَ قَالَ: اَمْسِكُوا عَلَى اَنْفُسِكُمْ، فَاِنَّمَا كُنْتُ اَمْزَحُ مَعَكُمْ. فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَكَرُوا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ اَمَرَكُمْ مِنْهُمْ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَلَا تُطِيعُوهُ"۔

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علقمہ بن مجززؓ کو ایک لشکر کا امیر بنا کر بھیجا اور میں بھی ان (مجاہدین) میں تھا۔ کمانڈر لشکر سمیت جب لڑائی کی سر پر جا پہنچا یا ابھی راستے میں ہی تھے کہ لشکر میں سے ایک دستے نے (الگ جانے کے لیے) اجازت چاہی۔ کمانڈر نے

Marfat.com

اجازت دے دی اور ان پر حضرت عبداللہ بن حذافہ بن قیس سہمیؓ کو ان کا امیر مقرر کر دیا۔ میں (ابو سعید حذری) بھی ان کے ساتھ جانے والوں میں سے تھا (حضرت عبداللہ بن حذافہ ساتھیوں کے گروپ کے ساتھ) راستے میں ایک جگہ تھے کہ مجاہدین نے آگ سینکنے یا اس پر کچھ پکانے کی غرض سے بڑی آگ جلائی۔ (ہمارے کمانڈر) حضرت عبداللہ بن حذافہؓ نے پوچھا (اور ان کے چہرے پر مذاق کا انداز نمایاں تھا): (ارے مجاہدوں) کیا تمہارے اوپر میری بات سننے اور اطاعت کرنے کا حق نہیں ہے؟ مجاہدین نے جواب دیا ہاں (حق ہے)۔ کمانڈر نے کہا پھر میں تمہیں جس چیز کا حکم دینے والا ہوں کیا تم اسے بجالاؤ گے؟ انہوں نے کہا (ضرور بجا لائیں گے)۔ کمانڈر نے کہا میں تمہیں اس (شعلے مارتی) آگ میں چھلانگ لگانے کا حکم دیتا ہوں۔ اس پر بعض مجاہدین کھڑے ہو گئے کمانڈر نے جب دیکھا کہ یہ لوگ واقعی آگ میں چھلانگ لگانے کے لیے تیار ہیں تو کہا اپنے آپ کو روکو (یعنی آگ میں چھلانگ مت لگاؤ)، میں تم سے صرف مذاق کر رہا تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچنے پر انہیں یہ واقعہ بیان کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ان میں (امراء میں) سے جو کوئی تمہیں اللہ کی نافرمانی کا حکم دے تو اس کی بالکل اطاعت نہ کرو"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۸۶۳) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ مَسْعُودٍ ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: " سَیَلِی أُمُورَکُمْ بَعْدِیْ رِجَالٌ یُطْفِئُونَ السُّنَّۃَ وَیَعْمَلُونَ بِالْبِدْعَۃِ ، وَ یُؤَخِّرُونَ الصَّلَاۃَ عَنْ مَوَاقِیتِہَا ". فَقُلْتُ : یَا رَسُولَ اللّٰہِ! إِنْ أَدْرَکْتُہُمْ

Marfat.com

كَيْفَ اَفْعَلُ ؟ قَالَ :" تَسْاَلُنِی يَابْنَ اُمِّ عَبْدٍ كَيْفَ تَفْعَلُ ؟ لاَ طَاعَةَ لِمَنْ عَصَى اللّٰهَ "

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" میرے بعد تمھارے معاملات ایسے لوگوں کے ہاتھوں میں (یعنی حکمران) ہونگے جو میری سنت (میری راہ) مٹانے والے، بدعتوں پر عمل کرنے والے، اور نماز کو اس کے وقت سے لیٹ کرنے والے ہوں گے"۔ اس پر میں (حضرت عبداللہ بن مسعودؓ) نے پوچھا اے اللہ کے رسول! اگر میں ان کا دور پاؤں تو کیا کروں ؟ آپؐ نے فرمایا" اے ابن ام عبد! تو مجھ سے پوچھتا ہے کہ میں (اس وقت) کیا کروں ؟ (سن لے) اللہ کی نافرمانی کرنے والے کی کوئی اطاعت نہیں ہے"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۱۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

فتنہ ظہور پذیر ہونے پر......

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : " يَكُونُ دُعَاةٌ عَلَى اَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ اَجَابَهُمْ اِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيْهَا ". قُلْتُ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ! صِفْهُمْ لَنَا. قَالَ :" هُمْ قَوْمٌ مِنْ جِلْدَتِنَا، يَتَكَلَّمُونَ بِاَلْسِنَتِنَا " . قُلْتُ : فَمَا تَاْمُرُنِی ، اِنْ اَدْرَكَنِی ذٰلِكَ . قَالَ: " فَالْزَمْ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِمَامَهُمْ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَّلاَ اِمَامٌ، فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا . وَلَوْ اَنْ تَعَضَّ بِاَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَ اَنْتَ كَذٰلِكَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جہنم کے دروازوں پر (لوگوں کو جہنم کی طرف) بلانے والا (جہنمیوں کا) ایک گروپ ہو گا جس کسی نے ان پکارنے

Marfat.com

والوں کی پکار پر ان دروازوں کا رخ کیا وہ (پکارنے والے) اسے جہنم میں اٹھا پھینکیں گے (یعنی جہنم میں جانے کا سبب بن جائیں گے)۔ (حضرت حذیفہ بن یمانؓ کہتے ہیں) میں نے کہا اے اللہ کے رسول !اس گروپ کے اوصاف تو ہمیں بیان کر دیں ؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وہ لوگ ہماری ملت میں سے (یا اولاد آدم میں سے) ایک ٹولہ ہوں گے ہماری زبان ہی میں بات چیت کریں گے" میں (حضرت حذیفہؓ) نے کہا اگر یہ فتنے والے مجھ تک پہنچ جائیں تو آپؐ مجھے کیا حکم دیتے ہیں (کہ پھر میں کیا کروں) ؟ آپؐ نے فرمایا "تم مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امیر (حکمران) سے وابستہ رہنا (ان سے الگ نہیں ہونا) اور اگر ان (مسلمانوں) کی نہ جماعت ہو اور نہ امام تو پھر تم سب فرقوں سے الگ رہنا ایک درخت کی جڑ کو دانتوں سے پکڑنے کی طرح (اگرچہ مشکل میں ہو لیکن فرقوں سے الگ تھلگ وقت گزارتا) رہ حتی کہ موت آن پہنچے اور تو اسی حالت میں (فرقوں سے الگ تھلگ) ہو۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۳۲۱۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## فتنے کھڑے کرنے والوں کے بارے

عَنْ عَرْفَجَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : " سَتَكُونُ فِي أُمَّتِي هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ ، فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يُفَرِّقَ أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ وَهُمْ جَمِيعٌ فَاضْرِبُوهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عنقریب میری امت میں ضرور فتنے رونما ہونگے مسلمان جب (اتفاق واتحاد کے ساتھ) اکٹھے ہوں اور کوئی بدبخت مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کی کوشش کرے تو تلوار سے اس کی

Marfat.com

گردن اڑا دے چاہے کوئی بھی ہو"

(یہ حدیث ابوداؤد (۴۷۶۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## تین آدمیوں کے لیے المناک عذاب ہے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: " ثَلاَثَةٌ لاَ یُکَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلاَ یَنْظُرُ اِلَیْهِمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ، وَلاَ یُزَکِّیْهِمْ ، وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ . رَجُلٌ عَلٰی فَضْلِ مَاءٍ بِالْفَلاَةِ یَمْنَعُهُ مِنِ ابْنِ السَّبِیْلِ .وَرَجُلٌ بَایَعَ رَجُلاً بِسِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ ، فَحَلَفَ بِاللّٰهِ لَأَخَذَهَا بِکَذَا وَ کَذَا ، فَصَدَّقَهُ ، وَهُوَ عَلٰی غَیْرِ ذٰلِكَ.وَ رَجُلٌ بَایَعَ اِمَاماً لاَ یُبَایِعُهُ اِلاَّ لِدُنْیَا فَاِنْ اَعْطَاهُ مِنْهَا وَفٰی لَهُ وَاِنْ لَمْ یُعْطِهِ مِنْهَا لَمْ یَفِ لَهُ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" تین آدمی ہیں کہ ان سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کلام نہیں فرمائے گا اور نہ ان کی طرف نظر (رحمت) کرے گا۔ اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے ایک دردناک عذاب ہے۔ (ان میں سے پہلا) جس کے پاس جنگل میں اپنی ضروریات سے زائد پانی ہے لیکن (پیاسے) مسافر کو نہیں دیتا (دوسرا) عصر کے بعد کسی کو اپنا مال اللہ کی قسموں پر بیچنے والا کہ یہ مال میں نے اس قیمت پر خریدا ہوا ہے اس قیمت پر بیچ رہا ہوں خریدار نے تو اس کی قسموں پر اعتبار کر لیا لیکن وہ اپنی قسموں پر جھوٹا ہے۔ (تیسرا) وہ آدمی جو امام (امیر المومنین) کی صرف دنیا کی خاطر بیعت کرتا ہے اگر امام اسے دنیا کا مال ومتاع دیتا رہے تو یہ بیعت نبھاتا ہے (یعنی اطاعت کرتا ہے) اور اگر وہ نہیں دیتا تو یہ کردہ بیعت کو وفاء نہیں کرتا (بلکہ نافرمانی کرتا) ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۱۹) نے صحیح سند سے رویت کی ہے)

Marfat.com

# دور فتنہ میں طرز عمل

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ : " کَیْفَ بِکُمْ وَ بِزَمَانٍ " اَوْ " یُوْشِكُ اَنْ یَّاْتِیَ زَمَانٌ یُغَرْبَلُ النَّاسُ فِیْہِ غَرْبَلَةً تَبْقٰی حُثَالَةٌ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرِجَتْ عُھُوْدُھُمْ وَ اَمَانَاتُھُمْ ، وَ اخْتَلَفُوْا فَکَانُوْا ھٰکَذَا " وَ شَبَّكَ بَیْنَ اَصَابِعِہٖ ، فَقَالُوْا : [وَ] کَیْفَ بِنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ؟ قَالَ : " تَاْخُذُوْنَ مَا تَعْرِفُوْنَ وَ تَذَرُوْنَ مَا تُنْکِرُوْنَ وَ تُقْبِلُوْنَ عَلٰی اَمْرِ خَاصَّتِکُمْ وَ تَذَرُوْنَ اَمْرَ عَامَّتِکُمْ " .

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" تمہارے ساتھ تمہارا دور کیسا ہوگا؟ یا عنقریب ایک زمانہ آئے گا جس میں انسانوں کی چھلنی سے گذار کر صفائی کی مانند (صفائی) ہوگی) (اور اچھے لوگ رخصت ہو جائیں گے) رذیل باقی رہیں گے عہد معاہدے اور امانتیں ختم ہو جائیں گی اختلاف رونما ہوگا اور ایک دوسرے سے یوں الجھ پڑیں گے" اور ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسری میں ڈال کر دکھایا (صحابہؓ) نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! ہمیں کیا رویہ اختیار کرنے کی نصیحت فرماتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا" معروف کو تم قبول کرو گے منکر کو ترک کر دو گے تم میں سے ممتاز لوگوں کے احکامات قبول کرو گے اور (علم کی دولت سے محروم) لوگوں کے احکامات ترک کرتے چلے جاؤ گے"۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۳۶۴۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## دورِ اختلاف میں

عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ يَقُولُ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ وَذَرِفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ. فَقِيْلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ! وَعَظْتَنَا مَوْعِظَةَ مُوَدِّعٍ فَاعْهَدْ إِلَيْنَا بِعَهْدٍ. فَقَالَ: "عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَإِنْ عَبْدًا حَبَشِيًّا، وَسَتَرَوْنَ مِنْ بَعْدِي اِخْتِلَافًا شَدِيْدًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَإِيَّاكُمْ وَالْأُمُورَ الْمُحْدَثَاتِ. فَإِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ".

حضرت عرباض بن ساریہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے دلوں کو تڑپا دینے اور آنکھوں سے آنسو جاری کر دینے والا بہت خوف خدا والا وعظ فرمایا۔ آپؐ سے کہا گیا اے اللہ کے رسول! الوداع ہونے والے کے کردہ وعظ کی طرح آپؐ نے وعظ فرمایا ہے۔ ہمیں کوئی نصیحت فرمائیں۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! تقویٰ اختیار کرو اور اگرچہ حبشی غلام تم پر امیر مقرر ہو اس کی بات سن کر اطاعت کو لازم پکڑو۔ تم میرے بعد شدید اختلافات دیکھو گے اس لیے تم میری سنت اور ھدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت کو مضبوطی سے پکڑنا۔ ان سنتوں کو دانتوں سے پکڑنے والے کی طرح مضبوطی سے پکڑنا (یا آمدہ ایذاء و تکلیف پر تحمل کی غرض سے دانت دبائے رکھنا)۔ دین میں نئے نئے کاموں کی ایجاد سے بچو کیونکہ ہر بدعت (دین میں ہر نیا کام) گمراہی ہے۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۴۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

# جہاد کے لیے کردہ قول فعل پر پکے رہنا

عَنْ حُذَیْفَةَ بْنِ الْیَمَانِ قَالَ: مَا مَنَعَنِی اَنْ اَشْهَدَ بَدْرًا اِلاَّ اَنِّی خَرَجْتُ اَنَا وَاَبِی، حُسَیْلٌ. قَالَ: فَاَخَذَنَا كُفَّارُ قُرَیْشٍ. قَالُوا اِنَّكُمْ تُرِیْدُوْنَ مُحَمَّدًا؟ فَقُلْنَا: مَا نُرِیْدُهُ، مَا نُرِیْدُ اِلاَّ الْمَدِیْنَةَ. فَاَخَذُوا مِنَّا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِیْثَاقَهُ لَنَنْصَرِفَنَّ اِلَی الْمَدِیْنَةِ وَلاَ نُقَاتِلَ مَعَهُ. فَاَتَیْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْنَاهُ الْخَبَرَ. فَقَالَ: "اِنْصَرِفَا نَفِیْ لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ، وَنَسْتَعِیْنُ اللّٰهَ عَلَیْهِمْ".

حضرت حذیفہ بن یمانؓ کہتے ہیں مجھے بدر سے روکنے والی کوئی چیز نہ تھی بات صرف یہ تھی کہ میں اپنے والد حُسیل کے ساتھ (راہ پر) نکلا لیکن کفار قریش نے ہمیں پکڑ لیا اور کہنے لگے تم مطلقاً محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جانا چاہتے ہو ہم نے کہا ہم آپؐ کے پاس نہیں جانا چاہتے ہم تو بس مدینہ جانا چاہتے ہیں اس پر انہوں نے ہم سے اللہ کے نام پر پختہ وعدہ لیا کہ ہم مدینہ ہی جائیں گے اور ان (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ مل کر جہاد نہ کریں گے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ کر ہم نے یہ خبر آپؐ کو پہنچائی تو آپؐ نے فرمایا۔ "تم جاؤ ہم ان سے کردہ عہد نبھاتے ہیں اور ان پر غلبہ کے لیے اللہ سے مدد مانگتے ہیں" (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حذیفہ اور ان کے والد کے کردہ اقرار کو نبھانے کا حکم اس لیے دیا تھا کہ اس کا چرچا صحابہ میں تھا۔ ورنہ ترک جہاد پر کردہ قول و قرار کو نبھانا واجب نہیں ہے)۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۹۸) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

# عذر کی وجہ سے پیچھے رہنے کی رخصت

عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ ، قَالَ : كُنْتُ إِلَى جَنْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَشِيَتْهُ السَّكِيْنَةُ فَوَقَعَتْ فَخِذُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَخِذِي ، فَمَا وَجَدْتُ ثِقَلَ شَيْءٍ أَثْقَلَ مِنْ فَخِذِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: "أُكْتُبْ" فَكَتَبْتُ فِي كَتِفٍ "لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ" إِلَى آخِرِهِ ، فَقَامَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ ، وَكَانَ رَجُلًا أَعْمَى ، لَمَّا سَمِعَ فَضِيْلَةَ الْمُجَاهِدِيْنَ ، فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، فَكَيْفَ بِمَنْ لَا يَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؟ فَلَمَّا قَضَى كَلَامَهُ، غَشِيَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّكِيْنَةُ فَوَقَعَتْ فَخِذُهُ عَلَى فَخِذِي ، وَوَجَدْتُ مِنْ ثِقْلِهَا [ فِي الْمَرَّةِ الثَّانِيَةِ كَمَا وَجَدْتُ فِي الْمَرَّةِ الْأُولَى ] ثُمَّ سُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ : "إِقْرَأْ يَا زَيْدُ" فَقَرَأْتُ "لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ" فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ" الْآيَةُ كُلُّهَا، قَالَ زَيْدٌ : فَأَنْزَلَهَا اللّٰهُ وَحْدَهَا فَأَلْحَقْتُهَا ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى مُلْحَقِهَا عِنْدَ صَدْعٍ فِي كَتِفٍ.

حضرت زید بن ثابتؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا آپؐ پر خاموشی طاری ہو گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ران میری ران پر آن پڑی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ران سے (اس وقت) وزنی اور بھاری کوئی چیز نہ پاتا تھا۔ پھر آپؐ پر وحی نازل ہونا بند ہو گئی رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لکھو" میں نے ایک خشک ہڈی پر لکھا "مومنوں میں سے بیٹھے رہنے والے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے برابر نہیں ہیں" (......) آیت کے آخر تک لکھا ابن ام مکتومؓ جو کہ نابینا آدمی تھے مجاہدین کی فضیلت سن کر کھڑے ہوئے اور کہنے لگے اے اللہ کے رسول! مومنوں میں سے جہاد کی طاقت نہ رکھنے والوں کا معاملہ کیسے ہوگا؟ (ابن ام مکتومؓ کے) بات ختم کرتے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سکوت طاری ہو گیا اور آپؐ کی ران میری ران پر آپڑی اور اس کا بوجھ دوسری مرتبہ بھی پہلی طرح مجھ پر پڑا پھر آپؐ پر وحی آنا بند ہو گئی اور آپؐ نے فرمایا، اے زید پڑھو" میں نے پڑھا (مومنوں میں سے بیٹھ رہنے والے برابر نہیں) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (معذوروں کے علاوہ) اور پوری آیت پڑھی......

(یہ حدیث ابوداؤد (۸۸۱۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## عذر کی بناء پر جہاد میں حصہ نہ لینے والوں کا معاملہ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَقَدْ تَرَكْتُمْ بِالْمَدِيْنَةِ اَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيْرًا وَلاَ اَنْفَقْتُمْ مِنْ نَفَقَةٍ وَلاَ قَطَعْتُمْ مِنْ وَادٍ اِلاَّ وَهُمْ مَعَكُمْ فِيْهِ " قَالُوا : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، وَ كَيْفَ يَكُونُونَ مَعَنَا وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ ؟ فَقَالَ " حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا "البتہ تم میں سے مدینہ میں بہت سے ایسے لوگوں کو چھوڑا ہے جو کہ تمہارے سفر طے کرتے، اللہ کی راہ میں خرچ کرتے اور وادیوں کو عبور کرتے وقت تمہارے ساتھ ہیں" صحابہ

Marfat.com

کرام نے عرض کیا وہ مدینے میں ہونے کے باوجود ہمارے ساتھ کیونکر ہوسکتے ہیں؟ تو آپؐ نے فرمایا "انہیں عذر نے روک لیا تھا"

(یہ حدیث ابوداود (۲۱۸۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ ﷺ انتہائی جسارت و بہادری کے مالک تھے

عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَی الْبَرَاءِ فَقَالَ: اَکُنْتُمْ وَلَّیْتُمْ یَوْمَ حُنَیْنٍ؟ یَا اَبَا عُمَارَةَ! فَقَالَ: اَشْهَدُ عَلٰی نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا وَلّٰی وَلٰکِنَّهٗ اِنْطَلَقَ اَخِفَّاءُ مِنَ النَّاسِ وَحُسَّرٌ اِلٰی هٰذَا الْحَیِّ مِنْ هَوَازِنَ وَهُمْ قَوْمٌ رُمَاةٌ فَرَمَوْهُمْ بِرِشْقٍ مِنْ نَبْلٍ کَاَنَّهَا رِجْلٌ مِنْ جَرَادٍ فَانْکَشَفُوا فَاَقْبَلَ الْقَوْمُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ اَبُوْسُفْیَانَ بْنُ الْحَارِثِ یَقُوْدُ بِهٖ بَغْلَتَهٗ فَنَزَلَ، وَدَعَا، وَاسْتَنْصَرَ، وَهُوَ یَقُوْلُ: "اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ اَللّٰهُمَّ! نَزِّلْ نَصْرَکَ".

قَالَ الْبَرَاءُ کُنَّا وَاللّٰهِ اِذَا احْمَرَّ الْبَاْسُ نَتَّقِیْ بِهٖ وَاِنَّ الشُّجَاعَ مِنَّا لَلَّذِیْ یُحَاذِیْ بِهٖ یَعْنِی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

ابو اسحاق سے مروی ہے کہ حضرت براءؓ کے پاس ایک آدمی آیا اور کہنے لگا کیا تم غزوہ حنین کے دن پیٹھ پھیر کر بھاگے تھے اے ابو عمارہ! اس پر حضرت براء نے یوں فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیٹھ پھیر کر نہیں بھاگے تھے لیکن لوگوں میں سے بعض جلد باز اور بغیر زرہ پہنے ھوازن کے اس قبیلہ کی طرف گئے تھے حالانکہ وہ تیر انداز قوم تھی اور انہیں تیروں کی بارش کا سامنا ہوا تھا یہ تیر گویا ٹڈی دل کا لشکر تھا جس سے یہ لوگ تتر بتر ہو گئے دشمن سیدھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر آن چڑھا ابو سفیان بن حارثؓ آپؐ کے خچر کی

Marfat.com

لگام تھامے ہوئے تھے اس حالت میں آپ (خچر سے) اترے دعا کی اور اللہ سے کامیابی چاہی۔ آپ کہہ رہے تھے۔ میں نبی ہوں جھوٹ نہیں ہے میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں اے اللہ اپنی مدد نازل فرما۔ حضرت براء نے فرمایا اللہ کی قسم جب لڑائی کی آگ خوب سرخ ہوتی تو ہم آپ کے پاس پناہ پاتے ہم میں سے انتہائی بہادر وہی تھا جو آپ کے ساتھ کھڑا ہوتا تھا۔

(یہ حدیث مسلم (۷۹/۱) نے روایت کی ہے)

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائی میں جرأت و بہادری

عَنْ سَلَمَةَ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَلَمَّا وَاجَهْنَا الْعَدُوَّ تَقَدَّمْتُ فَاعْلُو ثَنِيَّةً فَاسْتَقْبَلَنِي رَجُلٌ مِنَ الْعَدُوِّ فَارْمِيْهِ بِسَهْمٍ فَتَوَارٰى عَنِّي فَمَا دَرَيْتُ مَا صَنَعَ وَطَرْتُ اِلَى الْقَوْمِ فَإِذَاهُمْ قَدْ طَلَعُوْا مِنْ ثَنِيَّةٍ أُخْرٰى فَالْتَقَوْهُمْ وَصَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَارْجِعُ مُنْهَزِمًا وَعَلَيَّ بُرْدَتَانِ مُتَّزِرًا بِاِحْدَاهُمَا مُرْتَدِيًا بِالْأُخْرٰى فَاسْتَطْلَقَ إِزَارِي فَجَمَعْتُهُمَا جَمِيْعًا وَمَرَرْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَقَدْ رَاٰى ابْنُ الْاَكْوَعِ فَزَعًا" فَلَمَّا غَشُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ الْبَغْلَةِ ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ مِنَ الْاَرْضِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهِ وُجُوْهَهُمْ فَقَالَ: "شَاهَتِ الْوُجُوْهُ" فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْهُمْ اِنْسَانًا اِلَّا مَلَأَ عَيْنَيْهِ تُرَابًا

Marfat.com

بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ. فَوَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ".

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حنین کی لڑائی لڑی۔ جب دشمن سے ہمارا سامنا ہوا تو میں آگے بڑھا اور ایک گھاٹی پر چڑھا اسی اثناء میں دشمن کا ایک آدمی میرے سامنے نکلا میں نے اس پر ایک تیر پھینکا وہ اچانک میری نظروں سے غائب ہو گیا میں نہ سمجھ پایا کہ اس نے کیا کیا ہے۔ اچانک کیا دیکھتا ہوں دشمن دوسری گھاٹی سے نکل آیا ہے اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی لڑائی ہوئی اور صحابہ نے (شکست کھا کر) پیٹھ پھیر لی اور میں بھی شکست خوردہ پلٹا میرے اوپر دو چادریں تھی ایک بطور تہبند اور دوسری اوپر اوڑھے ہوئے تھا کہ میری تہبند کھل گئی تو میں نے دونوں کو اکٹھا کر لیا اور شکست خوردہ حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا آپ سیاہی ملے سفید خچر پر تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اکوع کے بیٹے (سلمہ) نے ضرور خوف پایا ہے" جب (دشمنوں نے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیر لیا تو آپ اپنے خچر سے اترے پھر زمین سے ایک مٹھی مٹی لی۔ اور ان کے چہروں کی طرف گھوم کر (مٹی پھینکتے آئے) فرمایا "بگڑ گئے چہرے (ستیاناس ہو ان چہروں کا)" ان میں سے اللہ کے پیدا کردہ ہر انسان کی اس مٹھی بھر خاک سے آنکھیں بھر گئیں تھیں۔ آخر وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے اللہ عزوجل نے انہیں شکست سے دوچار کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے مال (بطور غنیمت) مسلمانوں میں تقسیم کر دیے۔

(یہ حدیث مسلم (۸۱/۱) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

## رسول اللہ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ خوب صورت سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ بہادر تھے.

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ ذُكِرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَكَانَ اَجْوَدَ النَّاسِ وَكَانَ اَشْجَعَ النَّاسِ وَلَقَدْ فَزِعَ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ لَیْلَةً فَانْطَلَقُوْا قِبَلَ الصَّوْتِ فَتَلَقَّاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سَبَقَهُمْ اِلَى الصَّوْتِ وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ لِاَبِی طَلْحَةَ عُرْیٍ. مَا عَلَیْهِ سَرْجٌ فِی عُنُقِهِ السَّیْفُ وَهُوَ یَقُوْلُ : "یٰاَیُّهَا النَّاسُ ! لَنْ تُرَاعُوْا "یَرُدُّهُمْ. ثُمَّ قَالَ لِلْفَرَسِ: "وَجَدْنَاهُ بَحْرًا اَوْ اِنَّهُ لَبَحْرٌ".

قَالَ حَمَّادٌ :وَحَدَّثَنِی ثَابِتٌ اَوْ غَیْرُهُ قَالَ :كَانَ فَرَسًا لِاَبِی طَلْحَةَ یُبَطَّأُ فَمَا سُبِقَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْیَوْمِ.

حضرت انس بن مالکؓ کے پاس (ایک دفعہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہوا تو انہوں (حضرت انسؓ) نے فرمایا آپؐ لوگوں میں سب سے زیادہ حسین وجمیل تھے لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے اور لوگوں میں سب سے زیادہ بہادر تھے۔ ایک رات اہل مدینہ دشمن کی خطرہ کی آواز پر اس طرف چلے لوگوں کو اس طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو طلحہؓ کے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر بغیر زین ڈالے اور گلے میں تلوار لٹکائے ملے۔ کیونکہ آپؐ لوگوں سے پہلے وہاں پہنچ کر واپس پلٹ رہے تھے اور وہاں جانے والے اہل مدینہ سے کہہ رہے تھے "اے لوگو! تم ہرگز نہ ڈرنا" نیز انہیں واپس لوٹا رہے تھے پھر گھوڑے کے بارے فرمایا "ہم نے

Marfat.com

اسے دریا (کی طرح رواں) پایا" یا یہ تو دریا (کی طرح) رواں ہے۔

راویوں میں سے حماد کہتے ہیں کہ ثابت یا کسی دوسرے نے مجھے یہ حدیث روایت کرتے ہوئے کہا وہ ابو طلحہ کا گھوڑا تھا (اپنی بھاری بھر کم چال کی وجہ سے) پیچھے رہا کرتا تھا لیکن اس دن کے بعد سے کوئی اس سے آگے نہ نکل سکا۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۳۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذشتہ واقعات بیان کرتے وقت آنکھوں دیکھے کی طرح بیان کرتے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَحْكِي نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ، وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ وَيَقُوْلُ: "رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ".

حضرت عبداللہؓ (بن مسعود) بیان کرتے ہیں گویا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انبیاء میں سے کسی ایک نبی کا حال ہمیں بیان کرتے دیکھ رہا ہوں۔ جنہیں ان کی قوم نے مارا تھا (اور انہیں خون کی حالت میں چھوڑا تھا) وہ (نبی) اپنے چہرے سے خون صاف کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے "اے میرے رب! میری قوم کو معاف فرمادے کیونکہ وہ بے خبر ہیں۔"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۳۲۵۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جہاد پر جانے والے لشکر کے لیے دعا

عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَشْخَصَ السَّرَايَا يَقُوْلُ لِلشَّاخِصِ: "اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ

Marfat.com

وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چھوٹے لشکروں کو روانہ فرماتے، تو ساتھ جانے والوں کے لیے یوں دعا فرماتے

"اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ"

میں تمہارے دین، تمہاری امانت، (پیچھے چھوڑی ہوئی چیزیں) اور تمہارے اعمال کے نتیجے کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۷۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ ﷺ نے انیس غزوات میں شرکت فرمائی

عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَحَجَّ بَعْدَ مَا هَاجَرَ حَجَّةً لَمْ يَحُجَّ غَيْرَهَا حَجَّةَ الْوَدَاعِ

حضرت زید بن ارقمؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انیس غزوات میں شرکت کی اور ہجرت کے بعد ایک دفعہ حج کیا (یعنی) حجۃ الوداع۔ اس کے علاوہ کوئی حج نہیں کیا۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۴۴) نے روایت کی ہے)

## غزوہ احد میں رسول اللہ ﷺ زخمی ہوئے

عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ يَوْمَ اُحُدٍ وَ شُجَّ فِي رَأْسِهِ. فَجَعَلَ يَسْلُتُ الدَّمَ عَنْهُ وَيَقُوْلُ: "كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوْا نَبِيَّهُمْ وَ كَسَرُوْا رَبَاعِيَتَهُ وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ" فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ "لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ" [۳:آل عمران:۱۲۸]

Marfat.com

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ (غزوہ) احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا (سامنے کا چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا) دانت ٹوٹا اور سر پر بھی زخم آیا آپؐ خون صاف کرتے جاتے تھے اور کہتے تھے، اپنے نبی کا سر زخمی کرنے اور دانت توڑنے والی قوم کیسے فلاح پائے گی حالانکہ وہ (نبی) انہیں اللہ کی طرف دعوت دیتا تھا اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ تمہارا کچھ اختیار نہیں (اللہ چاہے ان کو معاف کردے اور چاہے عذاب دے)۔

حدیث مبارکہ آیت کے سبب نزول کو واضح کر رہی ہے اس کے باوجود اس آیت کے سبب نزول میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض مفسرین کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منافقینؔ کے ایک گروہ پر لعنت کرنے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی کچھ مفسرین کے مطابق احد کی تباہی سے دوچار کرنے والوں کو بددعا کرنے پر یہ آیت نازل فرمائی اس آیت کو اصحاب صفہ کے قتل سے منسوب کرنے والے بھی ہیں۔ جن قاتلوں پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس دن تک بددعا کی تھی"

آیت سے مراد" مجرموں کی اصلاح یا عذاب کرنے کے بارے آپؐ پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی ہے، یا جنگ میں فتح یا شکست آپؐ کے ہاتھ میں نہیں ہے"۔

(یہ حدیث مسلم (۱/ ۱۰۴) نے روایت کی ہے)

## غزوہ احد میں تیر اندازوں کا معاملہ

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ :جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الرَّجَّالَۃِ یَوْمَ اُحُدٍ وَکَانُوْا خَمْسِیْنَ رَجُلاً عَبْدَ
اللّٰہِ بْنَ جُبَیْرٍ فَقَالَ: "اِنْ رَاَیْتُمُوْنَا تَخْطَفُنَا الطَّیْرُ فَلاَ تَبْرَحُوْا مَکَانَکُمْ
ھٰذَا حَتّٰی اُرْسِلَ اِلَیْکُمْ وَاِنْ رَاَیْتُمُوْنَا ھَزَمْنَا الْقَوْمَ وَاَوْطَاْنَاھُمْ فَلاَ
تَبْرَحُوْا حَتّٰی اُرْسِلَ اِلَیْکُمْ "فَھَزَمُوْھُمْ .قَالَ : وَاَنَا وَاللّٰہِ رَاَیْتُ النِّسَاءَ
یَشْتَدِدْنَ قَدْ بَدَتْ خَلاَخِلُھُنَّ وَ اَسْوُقُھُنَّ رَافِعَاتٍ ثِیَابَھُنَّ .فَقَالَ
اَصْحَابُ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ جُبَیْرٍ :اَلْغَنِیْمَۃَ اَیْ قَوْمِ الْغَنِیْمَۃَ ظَھَرَ اَصْحَابُکُمْ
فَمَا تَنْتَظِرُوْنَ.فَقَالَ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ جُبَیْرٍ :اَنَسِیْتُمْ مَا قَالَ لَکُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالُوْا : وَاللّٰہِ لَنَاْتِیَنَّ النَّاسَ فَلَنُصِیْبَنَّ مِنَ الْغَنِیْمَۃِ
فَلَمَّا اَتَوْھُمْ صُرِفَتْ وُجُوْھُھُمْ فَاَقْبَلُوْا مُنْھَزِمِیْنَ فَذٰلِکَ اِذْ یَدْعُوْھُمُ
الرَّسُوْلُ فِیْ اُخْرَاھُمْ فَلَمْ یَبْقَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَیْرُ
اثْنَیْ عَشَرَ رَجُلاً فَاَصَابُوْا مِنَّا سَبْعِیْنَ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُہٗ اَصَابُوْا مِنَّا الْمُشْرِکِیْنَ یَوْمَ بَدْرٍ اَرْبَعِیْنَ وَمِائَۃَ
سَبْعِیْنَ اَسِیْرًا وَسَبْعِیْنَ قَتِیْلاً فَقَالَ اَبُوْ سُفْیَانَ:اَفِی الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ
ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَنَھَاھُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّجِیْبُوْہُ ثُمَّ قَالَ
:اَفِی الْقَوْمِ ابْنُ اَبِیْ قُحَافَۃَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ .ثُمَّ قَالَ : اَفِی الْقَوْمِ ابْنُ
الْخَطَّابِ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی اَصْحَابِہٖ فَقَالَ: اَمَّا ھٰؤُلاَءِ فَقَدْ
قُتِلُوْا.فَمَا مَلَکَ عُمَرُ نَفْسَہٗ فَقَالَ : کَذَبْتَ وَاللّٰہِ یَا عَدُوَّاللّٰہِ!اِنَّ الَّذِیْنَ
عَدَدْتَ لَاَحْیَاءٌ کُلُّھُمْ وَقَدْ بَقِیَ لَکَ مَا یَسُوْءُ کَ قَالَ: یَوْمٌ بِیَوْمِ بَدْرٍ

Marfat.com

وَالْحَرْبُ سِجَالٌ اِنَّكُمْ سَتَجِدُوْنَ فِي الْقَوْمِ مُثْلَةً لَمْ آمُرْبِهَاوَلَمْ تَسُؤْنِي ثُمَّ اَخَذَ يَرْتَجِزُ :اُعْلُ هُبَلْ اُعْلُ هُبَلْ.فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :" اَلاَ تُجِيْبُوْا لَهُ "قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ !مَا نَقُوْلُ قَالَ : "قُوْلُوْا اللّٰهُ أَعْلٰى وَأَجَلُّ". قَالَ:اِنَّ لَنَا الْعُزّٰى وَلاَ عُزّٰى لَكُمْ .فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:"اَلاَ تُجِيْبُوْا لَهُ"؟قَالُوْا:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَقُوْلُ؟ قَالَ:" قُوْلُوْا اللّٰهُ مَوْلاَنَا وَلاَ مَوْلٰى لَكُمْ".

حضرت براء بن عازبؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (غزوہ) احد کے دن پچاس پیادہ (سپاہیوں) پر حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کو کمانڈر مقرر کر دیا اور فرمایا" (اے میرے اصحاب) اگر تم دیکھو کہ پرندے ہمارا گوشت نوچ رہے ہیں تو اس وقت بھی تم نے اس مقام (جس پر تمہیں متعین کر رہا ہوں) کو ہرگز نہ چھوڑنا جب تک کہ میں تمہیں بلانہ بھیجوں اور اگر تم دیکھو کہ دشمن پر ہم نے فتح پائی اور انہیں کچل ڈالا ہے تب بھی میرے بلانے تک تم نے اپنی جگہ ہرگز نہیں چھوڑنی ہے" (یوں آپ نے جگہ نہ چھوڑنے کا قطعی حکم فرمادیا)

اس کے بعد (لڑائی شروع ہوئی اور پہلے حملے میں) مسلمانوں نے مشرکوں کو ہزیمت سے دوچار کر دیا راوی (حضرت براء بن عازبؓ) کہتے ہیں اللہ کی قسم میں نے (اس وقت دشمن کی فوج سے مشرک) عورتیں دیکھیں انہوں نے اپنے کپڑے سمیٹے ہوئے تھے ان کی پازیبیں اور پنڈلیاں نظر آ رہی تھیں اور وہ (شکست کی وجہ سے اور پہاڑ پر چڑھنے کے لیئے) تیزی سے بھاگی جا رہی تھیں مسلمانوں کے اس غلبہ کی وجہ سے حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کے ساتھیوں نے کہنا شروع کر

Marfat.com

دیابھائیو! مال غنیمت، مال غنیمت تم یہاں کا ہے کے انتظار میں ہو (چلو چلیں اور ہم بھی مال غنیمت اکھٹا کریں)

حضرت عبداللہ بن جبیرؓ نے اس پر کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تمہیں حکم دیا تھا کیا اس کو بھول گئے ہو؟ لیکن انہوں نے اصرار کیا کہ اللہ کی قسم! ہم ضرور اپنے بھائیوں کے پاس جائیں گے اور مال غنیمت میں سے جو کچھ ہمارا حصہ ہے وہ ضرور لیں گے (اور متعین کردہ جگہ کو چھوڑ کر لشکر میں آن ملے) ابھی یہ پہنچ ہی پائے تھے کہ (دشمن کے دوبارہ حملے کی وجہ سے) ان کے چہرے پھیر دیئے گئے۔ فوج (کی ساری طاقت) شکست خوردہ ہونے پر (مدینے کی طرف) واپسی شروع ہوئی۔

یہی ابتری کی گھڑی تھی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں پیچھے سے (اے اللہ کے بندو! میری طرف آؤ، اے اللہ کے بندو! میری طرف آؤ میں اللہ کا رسول ہوں جو واپس پلٹے گا اور دشمن اس پر حملہ کرے گا تو اس کے لیے جنت ہے کہتے ہوئے) آواز دے رہے تھے۔ اس موقع پر نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے ساتھ صرف بارہ آدمی باقی رہ گئے تھے۔

احد کی لڑائی میں مشرکین نے ہمارے ستر آدمی شہید کیے جبکہ بدر کی لڑائی میں نبی علیہ الصلاۃ والسلام اور صحابہ کرام نے مشرکین کے ایک سو چالیس آدمیوں میں سے ستر کو قتل کیا اور ستر کو قید کیا تھا (لڑائی رکنے پر) مشرکوں کے رئیس ابوسفیان (مسلمانوں کو) تین دفعہ پکارا

کیا تم میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے؟ (یعنی کیا وہ زندہ ہیں؟) لیکن نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کا جواب دینے سے منع فرمادیا۔ پھر ابوسفیان نے تین بار

Marfat.com

پکارا

کیا تم میں ابن ابی قحافہ (حضرت ابوبکر صدیقؓ) ہے؟ پھر تین بار پکارا کیا تم میں ابن الخطاب (حضرت عمر فاروقؓ) ہے؟

اس کے بعد مشرکین مکہ سے مخاطب ہو کر کہنے لگا (جان لو) یہ لوگ سب کے سب مارے گئے اب حضرت عمرؓ اپنے آپ کو نہ روک سکے اور کہا

اے اللہ کے دشمن! بخدا تو نے جھوٹ بولا ہے اچھی طرح جان لے جن کا تو نام لے رہا ہے وہ سارے کے سارے زندہ ہیں اور (کل فتح مکہ کے موقع پر) تجھے نقصان پہچانے والی ہماری قوت ہے۔

ابوسفیان نے حضرت عمرؓ کے جواب میں کہا آج جنگ بدر کا بدلہ مل گیا لڑائی ڈول کی طرح ہوتی ہے (جس طرح کنویں کا ڈول کہ ایک اوپر اور دوسرا نیچے ہوتا ہے اس طرح کبھی تم غالب اور کبھی ہم غالب) اب تم اپنے مقتولین میں سے بعض کو مثلہ (ناک کان کٹے ہوئے) کی حالت میں پاؤ گے میں نے اس کا حکم نہیں دیا تھا لیکن یہ بات مجھے ناگوار بھی محسوس نہ ہوئی پھر (ابوسفیان) اس طرح زجر پڑھنے لگا

اے ہبل تو سربلند ہوا　　اے ہبل تو سربلند ہوا

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے یہ سن کر فرمایا "مسلمانو! تم (ابوسفیان کا) جواب نہیں دو گے؟ صحابہ نے پوچھا اے اللہ کے رسولؐ! کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا "کہو اللہ کی ذات ہی بلند اور ارفع ہے (صحابہ کے یوں جواب دینے پر) ابوسفیان نے کہا

ہمارے پاس عزیٰ ہے تمہارے پاس عزیٰ نہیں ہے (یہ سن کر) نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے صحابہ سے پوچھا "اس کا جواب نہیں دو گے"؟ صحابہ نے عرض

Marfat.com

کیا ہم اس کا جواب کیونکر دیں؟ آپ نے فرمایا "کہو اللہ ہمارا مددگار ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے"۔ (اور انہوں نے یوں جواب دیا)

## خنجر والا واقعہ

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ اتَّخَذَتْ يَوْمَ حُنَيْنٍ خِنجرًا فكَانَ مَعَهَا فَرَآهَا اَبُوْطَلْحَةَ فَقَالَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ!هٰذِهِ اُمُّ سُلَيْمٍ مَعَهَا خِنجرٌ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:"مَا هٰذَا الْخِنْجَرُ" قَالَتْ : اِتَّخَذْتُهُ اِنْ دَنَا مِنِّى اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ بَقَرْتُ بِهِ بَطْنَهُ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ.قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! اقْتُلْ مَنْ بَعْدَنَا مِنَ الطُّلَقَاءِ انْهَزَمُوْا بِكَ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" يَا اُمَّ سُلَيْمٍ ! اِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفٰى وَاَحْسَنَ".

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ روایت کرتے ہیں کہ (غزوہ) حنین کے دن (ان کی والدہ) ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک خنجر لیا وہ خنجر ان کے پاس تھا۔ یہ دیکھ کر ابو طلحہ (ان کے خاوند) نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! یہ ام سلیم ہے اور ان کے پاس خنجر ہے۔ اس پر رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے ان سے پوچھا "یہ خنجر کیسا ہے؟" انہوں نے جواب دیا کہ میں نے یہ خنجر اس لیے لیا ہے تاکہ اگر مشرکوں میں سے کوئی ایک میرے پاس آیا تو اس (خنجر) سے اس کا پیٹ پھاڑ ڈالوں گی۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی علیہ وسلم ہنس پڑے۔ ام سلیم نے کہا اے اللہ کے رسول! ہمارے علاوہ آزاد لوگوں میں سے جو آپ سے (فتح مکہ پر) شکست خوردہ ہیں انہیں قتل کر دیجئے (کیونکہ وہ دل سے مسلمان نہیں ہوئے ہیں) اس

Marfat.com

پر رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا "اے ام سلیم! (کافروں کے شر سے) اللہ تعالیٰ کفایت کر گیا اور (ہمارے ساتھ) احسان کیا"

(یہ حدیث مسلم (۱/ ۱۳۴) نے روایت کی ہے)

## رسول اللہ ﷺ کی مشرکوں کے ہاتھوں سے اٹھائی ہوئی تکالیف

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: بَيْنَمَا رُسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى عِنْدَ الْبَيْتِ وَاَبُوْجَهْلٍ وَاَصْحَابٌ لَهُ جُلُوْسٌ وَقَدْ نُحِرَتْ جَزُوْرٌ بَالْاَمْسِ فَقَالَ اَبُوْجَهْلٍ: اَيُّكُمْ يَقُوْمُ اِلَى سَلاَ جَزُوْرِ بَنِى فَلَانٍ فَيَاْخُذُهُ فَيَضَعُهُ فِى كَتِفَى مُحَمَّدٍ اِذَا سَجَدَ؟ فَانْبَعَثَ اَشْقَى الْقَوْمِ فَاَخَذَهُ فَلَمَّا سَجَدَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ قَالَ فَاسْتَضْحَكُوْا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَمِيْلُ عَلَى بَعْضٍ وَاَنَا قَائِمٌ اَنْظُرُ لَوْ كَانَتْ لِى مَنْعَةٌ طَرَحْتُهُ عَنْ ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ حَتّٰى انْطَلَقَ اِنْسَانٌ فَاَخْبَرَ فَاطِمَةَ فَجَاءَ تْ وَهِىَ جُوَيْرِيَةٌ فَطَرَحَتْهُ عَنْهُ ثُمَّ اَقْبَلَتْ عَلَيْهِمْ تَشْتِمُهُمْ فَلَمَّا قَضَى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ رَفَعَ صَوْتَهُ ثُمَّ دَعَا عَلَيْهِمْ وَكَانَ اِذَا دَعَا دَعَا ثَلَاثًا وَاِذَا سَاَلَ سَاَلَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ: " اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ " ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا سَمِعُوْا صَوْتَهُ ذَهَبَ عَنْهُمُ الضِّحْكُ وَخَافُوْا دَعْوَتَهُ ثُمَّ قَالَ " اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِاَبِى جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَالْوَلِيْدَ بْنِ

Marfat.com

عُقْبَةَ وَاُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ وَعُقْبَةَ بْنِ اَبِی مُعَيْطٍ "(وَذَكَرَ السَّابِعَ وَلَمْ اَحْفَظْهُ) فَوَالَّذِی بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَاَيْتُ الَّذِيْنَ سَمَّی صَرْعَی يَوْمَ بَدْرٍ ثُمَّ سُحِبُوْا اِلَی الْقَلِيْبِ قَلِيْبِ بَدْرٍ.

قَالَ اَبُوْ اِسْحٰقَ: الْوَلِيْدُ بْنُ عُقْبَةَ غَلَطٌ فِی هٰذَا الْحَدِيْثِ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے اور ابو جہل اپنے دوستوں سمیت بیٹھا ہوا تھا۔ گذشتہ روز (مکہ میں) ایک اونٹنی ذبح کی گئی تھی۔ ابو جہل نے کہا، کون بنی فلاں کی اونٹنی کا بچہ دان لاتا ہے اور اسے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مونڈھوں کے درمیان رکھتا ہے جبکہ آپؐ سجدہ میں ہوں۔ ان کا بدبخت شقی (عقبہ بن ابی معیط ملعون) اٹھا اور لے آیا۔ جب نبی علیہ الصلاۃ والسلام سجدہ میں گئے تو آپ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان اسے رکھ دیا۔ اس پر وہ ہنسنے لگے اور (ہنسی کے مارے) ایک دوسرے پر گرنے لگے۔ میں کھڑا دیکھ رہا تھا اگر مجھ میں طاقت ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیٹھ سے اسے اٹھا پھینکتا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے ہی میں رہے، وہ سر نہیں اٹھا رہے تھے حتی کہ ایک آدمی گیا اور حضرت فاطمہؓ کو اس کی خبر دی حضرت فاطمہ اس وقت بچی سی تھیں وہ فوراً آئیں (اور آپ کی پیٹھ سے) اسے اتار پھینکا پھر ان (مشرکوں) کی طرف پھر کر انہیں برا بھلا کہنے لگیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز مکمل کر چکے تو آواز بلند کی اور ان سب پر بددعا کی اور آپؐ جب دعا کرتے تو تین بار دعا کرتے اور جب (اللہ سے کچھ) مانگتے تو تین بار مانگتے پھر آپؐ نے تین بار فرمایا۔

Marfat.com

"اے اللہ قریش تیرے حوالے ہیں" مشرکین نے جب آپ کی آواز سنی تو ان کی ہنسی جاتی رہی اور آپ کی بددعا سے ڈر گئے۔ پھر آپ نے یہ دعا کی۔ اے اللہ۔ ابو جہل بن ھشام، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عقبہ، امیہ بن خلف، عقبہ بن ابی معیط، تیرے سپرد ہیں راوی کہتا ہے ساتواں نام مجھے یاد نہیں رہا (جو کہ بخاری کی راویت میں عمارہ بن ولید ہے) اس ذات کی قسم جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے البتہ میں (راوی) نے ان سب لوگوں کو جن کا آپ نے نام لیا تھا بدر کے دن مردار پڑے ہوئے دیکھا تھا پھر انہیں گھسیٹ کر بدر کے گڑھے میں پھینک دیا گیا۔

ابو اسحاق نے کہا اس حدیث میں ولید بن عقبہ کا نام غلط ہے۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۰۷) نے روایت کی ہے)۔

## رسول اللہ ﷺ کا مشرکوں کی طرف سے ایذا اٹھانے کے باوجود ان کے لیے بددعا نہ کرنا

عَنْ عَائِشَةَ ، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اهَلْ أَتَى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ مِنْ يَوْمِ أُحُدٍ؟ فَقَالَ:" لَقَدْ لَقِيْتُ مِنْ قَوْمِكَ وَكَانَ أَشَدُّ مَا لَقِيْتُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَةِ إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى ابْنِ عَبْدِ يَا لِيْلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ فَلَمْ يُجِبْنِي إِلَى مَا أَرَدْتُ فَانْطَلَقْتُ وَأَنَا مَهْمُوْمٌ عَلَى وَجْهِي فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ. فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيْهَا جِبْرِيْلُ فَنَادَانِي. فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ

Marfat.com

عَزَّوَجَلَّ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَمَا رَدُّوْا عَلَيْكَ وَقَدْ بَعَثَ اِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ". قَالَ: "فَنَادَانِی مَلَكُ الْجِبَالِ وَسَلَّمَ عَلَیَّ ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! اِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَاَنَا مَلَكُ الْجِبَالِ وَقَدْ بَعَثَنِی رَبُّكَ اِلَيْكَ لِتَأْمُرَنِی بِاَمْرِكَ فَمَا شِئْتَ؟ اِنْ شِئْتَ اَنْ اُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الاَخْشَبَيْنِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " بَلْ اَرْجُوْا اَنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ مِنْ اَصْلاَبِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ وَحْدَهُ لاَ يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا".

حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اے اللہ کے رسول! کیا آپؐ پر احد کے دن سے بھی کوئی سخت دن گزرا ہے؟ آپؐ نے فرمایا "میں نے تیری قوم سے بہت تکلیف اٹھائی ہے اور ان کے ہاتھوں سب سے زیادہ تکلیف مجھے عقبہ کے دن پہنچی۔ جب میں نے عبدیالیل کے بیٹے پر اپنے آپ کو پیش کیا لیکن اس نے مجھے (یعنی اسلام) قبول نہ کیا میں چلا آیا اور میرے چہرے پر رنج برس رہا تھا اور "قرن الثعالب" پہنچ کر مجھے ہوش آیا (قدرے رنج سے نکلا) اور میں نے سر اٹھایا، کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بادل ہے جس نے مجھ پر سایہ کر رکھا ہے۔ میں نے دیکھا اس میں حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں انہوں نے مجھے آواز دی کہ اللہ عزوجل نے وہ سب کچھ سنا ہے جو آپؐ نے قومؐ سے کہا ہے اور رد میں انہوں نے جو جواب دیا ہے۔ اور پہاڑوں کے فرشتے کو آپؐ کی طرف بھیجا ہے تاکہ ان کے بارے جو چاہیں آپؐ اسے حکم کریں" پھر فرمایا "اس کے پیچھے مجھے ملک الجبال نے پکارا اور سلام عرض کیا اور کہا اے محمد! بلاشبہ اللہ نے آپؐ کی قوم کی

Marfat.com

باتیں سنی ہیں میں پہاڑوں کا فرشتہ ہوں اور آپ کے رب نے مجھے آپ کی طرف اس لیے بھیجا ہے کہ آپ جو چاہتے ہیں مجھے حکم کریں اگر آپ چاہیں تو میں ان پر دونوں پہاڑ ملا دوں"۔ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے جواب دیا "مجھے امید ہے کہ اللہ ان کی اولادوں میں سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو صرف ایک اللہ کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ بالکل کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے"۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۱۱) نے روایت کی ہے)

## رسول اللہ ﷺ کی دشمن کے لیے بددعا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِی اَوْفٰی یَقُوْلُ: دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الاَحْزَابِ فَقَالَ: " اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ ،اهْزِمِ الاَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (خندق کی لڑائی کے دن) احزاب (یعنی مشرکوں) پر بددعا کرتے ہوئے فرمایا

" اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ اهْزِمِ الاَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ "

اے قرآن کے نازل کرنے والے! (دشمنوں کے ساتھ) جلد حساب چکانے والے! اے میرے اللہ! (مدینہ کے سامنے جمع ہونے والے) احزاب (یعنی یہ عرب قبائل) کو تو بکھیر دے۔ اے اللہ! انہیں ہزیمت سے دوچار کر اور (ان کے ارادوں کو تو) ہلا کر رکھ دے۔ (تاکہ اپنی جگہوں پر جمے نہ رہیں)

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۵) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## جہاد مسلسل جاری رہے گا

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لاَ تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلَى مَنْ نَاوَأَهُمْ حَتَّى يُقَاتِلَ آخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَالَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میری امت میں سے ایک گروہ حق پر لڑتا رہے گا اور ان سے دشمنی کرنے والوں پر غالب آئے گا حتی کہ وہ آخر پر مسیح دجال سے جہاد کریں گے"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۱۷۰) نے صحیح سند روایت کی ہے)

## فتح مکہ کے بعد بھی جہاد ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَتْحِ مَكَّةَ: "لاَهِجْرَةَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح (یعنی) فتح مکہ کے دن فرمایا "(فتح مکہ کے بعد) ہجرت نہیں لیکن جہاد اور نیت کا ثواب باقی ہے۔ جب جہاد کے لیے پکارا جائے تو فوراً اس کی طرف بھاگ نکلو"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۱۶۷) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد کی دو قسمیں

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: "الْغَزْوُ غَزْوَانِ، فَأَمَّا مَنِ ابْتَغَى وَجْهَ اللّٰهِ وَأَطَاعَ الإِمَامَ وَأَنْفَقَ

Marfat.com

الْكَرِيْمَةَ ، وَيَاسَرَ الشَّرِيْكَ ، وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَإِنَّ نَوْمَهُ وَنَبْهَهُ اَجْرٌ كُلُّهُ وَاَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَسُمْعَةً ، وَعَصَى الاِمَامَ ، وَاَفْسَدَ فِي الاَرْضِ فَاِنَّهُ لَمْ يَرْجِعْ بِالْكَفَافِ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لڑائی دو طرح کی ہے۔ ایک وہ آدمی جو اللہ کی رضا طلب کرتا ہے امام کی اطاعت کرتا ہے، سب سے قیمتی مال خرچ کرتا ہے، ساتھیوں کے لیے آسانی پیدا کرتا ہے، فساد سے اجتناب کرتا ہے۔ اس کا سونا جاگنا سب کچھ باعث ثواب ہے اور جس کسی نے فخر کی غرض سے، ریا کاری کی خاطر، شہرت چاہتے ہوئے جہاد کیا اور امام کی نافرمانی کی زمین پر فساد مچایا وہ ثواب کما کر واپس نہیں ہوگا۔ (بلکہ خالی ہاتھ پلٹے گا)۔

(یہ حدیث ابو داود (۲۱۹۵) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## قیامت تک اللہ کی خاطر جہاد کرنے والے لوگ پائے جائیں گے

عَنْ ثَوْبَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :"لاَ يَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ مَنْصُوْرِيْنَ لاَ يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میری امت میں سے ہمیشہ حق پر ایک گروہ اپنے دشمن پر غالب ہونے والا ہوگا۔ انکی مخالفت کرنے والے انہیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے اللہ کا حکم (قیامت کا دن) آنے تک یہ گروہ موجود رہے گا"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۱۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا چاہے مالدار ہی کیوں نہ ہو وہ زکوۃ (صدقہ) لے سکتا ہے

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :" لاَ تَحِلُّ الصَّدَقَۃُ لِغَنِیٍّ اِلاَّ لِخَمْسَۃٍ لِعَامِلٍ عَلَیْھَا ،اَوْ لِغَازٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ ،اَوْ لِغَنِیٍّ اشْتَرَاھَا بِمَالِہِ ،اَوْ فَقِیْرٍ تُصُدِّقَ عَلَیْہِ فَاَھْدَاھَا لِغَنِیٍّ اَوْ غَارِمٍ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ان پانچ آدمیوں کے علاوہ کسی مالدار کے لیے زکوۃ لینا حلال نہیں عامل زکوۃ (زکوۃ اکٹھی کرنے والا)، اللہ کی راہ کا مجاہد، زکوۃ کے عامل کو اپنے مال کے ساتھ خریدنے والا مالدار، فقیر، کا امیر کو کردہ ہدیہ، جو اسے بطور صدقہ ملا تھا۔ اور (مسلمانوں کے درمیان پائے جانے والے مالدار) مقروض"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۱۴۹۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد میں عورتوں کی کارکردگی

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَغْزُوْ بِاُمِّ سُلَیْمٍ وَنِسْوَۃٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مَعَہٗ اِذَا غَزَا فَیَسْقِیْنَ الْمَاءَ وَ یُدَاوِیْنَ الْجَرْحٰی.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد پر ام سلیم کو ساتھ لے جاتے اور انصار کی بعض عورتیں بھی ساتھ ہوتی تھیں۔ یہ عورتیں پانی پلایا کرتی تھیں اور زخمیوں کی مرہم پٹی کیا کرتی تھیں۔

(یہ حدیث مسلم (۱۴۵/۱) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَسْقِي الْقَوْمَ وَنَخْدِمُهُمْ وَنَرُدُّ الْقَتْلٰى وَالْجَرْحٰى إِلَى الْمَدِيْنَةِ.

ربیع بنت معوذؓ بیان کرتی ہیں کہ ہم (عورتیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد پر نکلا کرتی تھیں ہم مجاہدین کو پانی پلاتیں اور ان کی خدمت کیا کرتی تھیں زخمیوں اور شہیدوں کو مدینے منتقل کیا کرتے تھے۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۸۳) نے روایت کی ہے)

## حضرت ام عطیہؓ کی خدمات جہاد

عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ أَخْلُفُهُمْ فِي رِحَالِهِمْ وَأَصْنَعُ لَهُمُ الطَّعَامَ وَأُدَاوِي الْجَرْحٰى وَأَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضٰى.

حضرت ام عطیہ انصاریہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات غزوات میں شرکت کی۔ میں انکی اشیاء کے پاس نگرانی کرتی ان کے لیے کھانا پکاتی، زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی اور مریضوں کی دیکھ بھال کرتی تھی۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۳۰۵) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## عورتوں کا جہاد کرنے والے مردوں کی مدد کرنا
## (پانی اٹھانا، زخمیوں کا علاج کرنا)

عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ أَنَّ نَجْدَةَ الْحَرُوْرِيَّ كَتَبَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ بِالنِّسَاءِ؟ وَهَلْ

Marfat.com

كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ؟ فَكَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ كَتَبْتَ اِلَىَّ تَسْأَلُنِىْ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ بِالنِّسَاءِ وَكَانَ يَغْزُوْبِهِنَّ فَيُدَاوِيْنَ الْمَرْضٰى وَ يُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ وَاَمَّا يُسْهِمُ فَلَمْ يَضْرِبْ لَهُنَّ بِسَهْمٍ.

نجدة الحروری نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو خط لکھ کر پوچھا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو غزوات پر ساتھ لے جاتے تھے اور ان کا حصہ (مال غنیمت میں) بھی مقرر کیا کرتے تھے؟ اس پر حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے یوں (جواب) لکھا: مجھے خط لکھ کر تم جو پوچھ رہے ہو کہ آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو بھی جہاد میں ساتھ شریک کیا کرتے تھے؟ ہاں۔ آپؐ عورتوں کو ساتھ لے جاتے تھے وہ (عورتیں) بیماروں کا علاج کرتیں اور مال غنیمت سے بھی کچھ پاتیں تھیں۔ باقی رہا مال غنیمت میں سے حصہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ان کے لیے مقرر نہیں کیا کرتے تھے۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۲۶۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مسلمانوں کا یہودیوں کے خلاف جہاد کرنا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " تُقَاتِلُوْنَ الْيَهُوْدَ حَتّٰى يَخْتَبِئَ اَحَدُهُمْ وَرَآءَ الْحَجَرِ فَيَقُوْلُ: يَا عَبْدَاللّٰهِ! هٰذَا يَهُوْدِیٌّ وَرَآئِیْ فَاقْتُلْهُ. وَ فِیْ رِوَايَةٍ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا الْيَهُوْدَ وَذَكَرَ بَاقِیَ الْحَدِيْثِ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (آئندہ) تم یہودیوں سے لڑائی کرو گے حتی کہ ان (یہودیوں) میں سے کوئی ایک اگر اپنے آپ کو پتھر کے پیچھے

Marfat.com

چھپائے گا تو (پتھر) پکارے گا اے اللہ کے بندے! (ارے مسلمان) یہ میرے پیچھے یہودی (چھپا) ہوا ہے اسے قتل کر ڈال۔ایک اور روایت میں ہے کہ مسلمانوں کی یہودیوں سے (خونریز) جنگ نہ ہونے تک قیامت قائم نہیں ہوگی اور باقی ماندہ حدیث بھی ذکر کی (کہ اس جنگ میں مسلمان تمام یہودیوں کو قتل کر دیں گے اور اگر کوئی ایک یہودی بھی پتھر کے پیچھے چھپا تو پتھر اظہار دشمنی کرتے ہوئے پکارے گا اے مسلمان! میرے پیچھے چھپے ہوئے یہودی کو بھی قتل کر ڈالو یہ بات اس حدیث میں کہی گئی ہے۔)

(یہ حدیث بخاری (۲۹۲۵،۲۹۲۶) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

# اہمیت جہاد

کے بارے

# آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ

Marfat.com

Marfat.com

# اہمیت جہاد بیان کرنے والی آیات قرآنیہ

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْکُمْ عَنْ دِیْنِہٖ فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّھُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ اَذِلَّۃٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّۃٍ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ یُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا یَخَافُوْنَ لَوْمَۃَ لَآئِمٍ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿﴾ [۵:المائدۃ:۵۴]

اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ تعالی بہت جلد ایسی قوم کو لائے گا جو اللہ کی محبوب ہو گی اور وہ بھی اللہ سے محبت رکھتی ہو گی۔ وہ نرم دل ہونگے مسلمانوں پر، اور سخت اور تیز ہونگے کفار پر، اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کریں گے۔ یہ ہے اللہ تعالی کا فضل جسے چاہے دے اللہ تعالی بڑی وسعت والا اور بڑا زبردست علم والا ہے۔

وَقَاتِلُوْھُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ وَّیَکُوْنَ الدِّیْنُ کُلُّہٗ لِلّٰہِ فَاِنِ انْتَھَوْا فَاِنَّ اللّٰہَ بِمَا یَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿﴾ [۸:الانفال:۳۹]

اور تم ان سے اس حد تک لڑو ان میں سے فساد عقیدہ نہ رہے اور دین اللہ ہی کا ہو جائے۔ پھر اگر یہ باز آجائیں تو اللہ تعالی ان کے اعمال کو خوب دیکھتا ہے۔

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ مَوْلٰکُمْ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ﴿﴾ [۸:الانفال:۴۰]

اور اگر روگردانی کریں تو یقین رکھیں کہ اللہ تعالی تمہارا رفیق ہے اور وہ

Marfat.com

بہت اچھا مددگار ہے۔

أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَ عِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَوُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ﴿﴾ [۹:التوبۃ:۱۹]

کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلا دینا اور مسجد حرام کی خدمت کرنا اس کے برابر کر دیا ہے، جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا یہ اللہ کے نزدیک برابر کے نہیں اور اللہ تعالیٰ بے انصافوں کو راہ نہیں دکھاتا ہے۔

قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ أُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۳]

یقیناً تمہارے لیے عبرت کی نشانی تھی ان دو جماعتوں میں جو گتھ گئی تھیں۔ ایک جماعت تو اللہ کی راہ میں لڑ رہی تھی اور دوسرا گروہ کافروں کا تھا۔ وہ انہیں آنکھوں سے اپنے سے دوگنا دیکھتے تھے اللہ تعالیٰ جسے چاہے اپنی مدد سے قوی کرتا ہے یقیناً اس میں آنکھوں والے کے لئے بڑی عبرت ہے۔

Marfat.com

# اہمیت جہاد بیان کرنے والی احادیث صحیحہ

## پہلے اسلام پھر جہاد

عَنْ مُجَاشِعٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ، قَالَ : اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنَا وَاَخِي فَقُلْتُ : بَايِعْنَا عَلَى الْهِجْرَةِ .فَقَالَ :" مَضَتِ الْهِجْرَةُ لِاَهْلِهَا فَقُلْتُ :عَلَامَ تُبَايِعُنَا ؟قَالَ :"عَلَى الاِسْلَامِ وَالْجِهَادِ ".

حضرت مجاشع (ابن مسعودؓ) بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے بھائی (مجاہد ابن مسعودؓ) کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! (مدینہ کی طرف) ہجرت پر ہمارے ساتھ عہد اور اجازت عنایت فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا" ہجرت کا حکم، (فتح مکہ سے پہلے) ہجرت کرنے والوں کے بارے گزر چکا (یعنی یہ ان کے ساتھ ہے) میں نے عرض کیا پھر آپ ہمیں کس چیز پر بیعت کا ارشاد کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا!

"(پہلے) اسلام، (پھر) جہاد پر"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۹۶۲) نے روایت کی ہے)

## دشمنوں کے بالمقابل اسلحہ تیار کرنا

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ يَقُوْلُ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ:" ﴿ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ ﴾، اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ ، اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ ، اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ ".

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر فرمایا "اپنی ہمت کے مطابق (اپنے دشمنوں کے مقابلے میں) قوت تیار کرو۔ سن لو! قوت تیر پھینکنا ہے، سن لو! قوت تیر اندازی میں ہے، سن لو! قوت تیر اندازی (فائرنگ) میں ہے۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۱۹۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## زکوۃ ادا کرنا جہاد کرنا

عَنْ وَهَبٍ قَالَ :سَأَلْتُ جَابِرًا عَنْ شَأْنِ ثَقِيْفٍ إِذْ بَايَعَتْ. قَالَ : اِشْتَرَطَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنْ لاَ صَدَقَةَ عَلَيْهَا وَلاَ جِهَادَ . وَاَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَقُوْلُ: "سَيَتَصَدَّقُوْنَ وَيُجَاهِدُوْنَ اِذَا اَسْلَمُوْا".

حضرت وھب بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت جابرؓ سے دریافت کیا کہ بیعت کے وقت ثقیف کے لوگوں کی کیا کیفیت تھی؟ حضرت جابرؓ نے فرمایا (ثقیف کے لوگوں نے) صدقات وزکوۃ ادا نہ کرنے اور جہاد میں حصہ نہ لینے کی شرط رکھی۔ اس کے بعد (حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ) میں نے سنا نبی اکرم علیہ الصلاۃ والسلام فرمارہے تھے "مسلمان ہونے پر زکوۃ ادا کریں گے اور جہاد (بھی) کریں گے"۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۶۱۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## تیر اندازی کی اہمیت

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بِنَفَرٍ يَرْمُوْنَ. فَقَالَ : " رَمْيًا بَنِي اِسْمَاعِيْلَ ، فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا ".

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (ایک دفعہ نبی اسلم کے) چند لوگوں کے پاس سے گزرے جو کہ تیر اندازی کر رہے تھے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا "اے نبی اسماعیل تیر اندازی جاری رکھو۔ بے شک تمہارے باپ (اسماعیل علیہ السلام) بھی ایک (ماہر) تیر انداز تھے۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۷۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## تیر و دیگر اشیاء (مہارت کی غرض سے) پھینکنے کی اہمیت

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرِ الْجُهَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقْرَاءُ عَلَى الْمِنْبَرِ: ﴿وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ﴾ اَلَا وَاِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْىُ" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر تین بار اس آیت کی تلاوت فرمائی "وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ" تم اپنے دشمنوں کے مقابل اپنی ہمت (اور وسائل) کے مطابق (جنگی) قوت تیار رکھو۔ (نیز آپؐ نے فرمایا) اچھی طرح جان لو (اس دور میں) قوت تیر اندازی (میں) ہے۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۶۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بذات خود لڑائی کی کمان کرنا

عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ: يَا اَبَا عُمَارَةَ! اَفَرَرْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ. قَالَ: لَا وَاللّٰهِ! مَا وَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَلٰكِنَّهُ خَرَجَ شُبَّانُ اَصْحَابِهِ وَ اَخِفَّاؤُهُمْ. حُسَّرًا لَيْسَ عَلَيْهِمْ سِلَاحٌ، اَوْ كَثِيْرُ سِلَاحٍ! فَلَقُوْا قَوْمًا رُمَاةً لَا يَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ جَمْعُ

Marfat.com

هَوَازِنَ وَبَنِي نَصْرٍ. فَرَشَقُوْهُمْ رَشْقًا مَا يَكَادُوْنَ يُخْطِئُوْنَ فَاَقْبَلُوْا هُنَاكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ . وَاَبُوسُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ يَقُوْدُ بِهٖ، فَنَزَلَ فَاسْتَنْصَرَ. وَ قَالَ:

اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ          اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

ایک آدمی نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کہا اے ابو عمارہ! کیا تم لوگ (غزوہ) حنین کے دن بھاگ نکلے تھے؟ انہوں نے کہا نہیں، اللہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرگز پیٹھ نہیں پھیری تھی۔ لیکن یہ ہوا تھا کہ آپؐ کے اصحاب میں سے چند جوان اور جلدباز جن کے پاس ہتھیار نہ تھے یا پورے ہتھیار نہ تھے، (میدان میں) نکلے۔ ان کا مقابلہ ھوازن اور بنو نصر کے ایسے تیر اندازوں سے ہوا تھا جن کا کوئی تیر خطا نہیں ہوتا تھا۔ انہوں نے یکبارگی تیروں کی ایسی بوچھاڑ کی کوئی تیر خالی نہ جاتا۔ وہاں وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھے اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سفید خچر پر سوار تھے اور ابو سفیان بن حارث رضی اللہ عنہ کہ (اس خچر کو) . تھے آپؐ فوراً نیچے اترے اور (اللہ سے) مدد مانگی نیز فرمانے لگے

"میں نبی ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں"۔

(اس مفہوم کی حدیث بخاری (۲۹۳۰) نیز (مسلم (۱/ ۷۸) نے بھی روایت کی ہے)

## غزوہ احد

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ انْهَزَمَ نَاسٌ مِنَ

Marfat.com

النَّاسِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْطَلْحَةَ بَيْنَ يَدَىِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجَوِّبٌ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ قَالَ: وَكَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ رَجُلاً رَامِيًا شَدِيْدَ النَّزْعِ وَكَسَرَ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ اَوْ ثَلاَثًا. قَالَ: فَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَهُ الْجَعْبَةُ مِنَ النَّبْلِ فَيَقُوْلُ: "اُنْثُرْهَا لاَبِى طَلْحَةَ" قَالَ: وَيُشْرِفُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَى الْقَوْمِ فَيَقُوْلُ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّى! لاَ تُشْرِفْ لاَ يُصِبْكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ، نَحْرِى دُوْنَ نَحْرِكَ. قَالَ: وَلَقَدْ رَاَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ اَبِى بَكْرٍ وَاُمَّ سُلَيْمٍ وَاِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ اَرَىٰ خَدَمَ سُوْقِهِمَا تَنْقُلاَنِ الْقِرَبَ عَلَى مُتُوْنِهِمَا. ثُمَّ تُفْرِغَانِهِ فِى اَفْوَاهِهِمْ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلآَنِهَا ثُمَّ تَجِيْئَانِ تُفْرِغَانِهِ فِى اَفْوَاهِ الْقَوْمِ. وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدَىْ اَبِى طَلْحَةَ اِمَّا مَرَّتَيْنِ وَاِمَّا ثَلاَثًا، مِنَ النُّعَاسِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ احد کے دن (معرکہ برپا ہونے پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک میں سے بعض لوگوں نے شکست کھائی (اور آپؐ کو چھوڑ دیا)۔ تاہم حضرت ابو طلحہؓ آپؐ کے سامنے رہے اور سپر (ڈھال) سے آپؐ پر اوٹ کر رکھی تھی۔ ابو طلحہؓ بڑے زبردست تیر انداز تھے اس دن انکی دو یا تین کمانیں ٹوٹ گئیں۔ پاس سے جب کوئی شخص تیروں کا ترکش لے کر گزرتا تو آپؐ فرماتے "یہ تیر ابو طلحہؓ کے لیے چھوڑ دو"۔ نبی اکرم علیہ الصلاۃ والسلام گردن اٹھا کر دشمنوں کو دیکھتے تو ابو طلحہ کہتے اے اللہ کے نبی! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں، آپ گردن نہ اٹھائیں

Marfat.com

کہیں دشمن کا کوئی تیر آپؐ کو نہ لگ جائے، میرا گلا آپؐ کے گلے کی بجائے (ان کے سامنے رہے)۔ بے شک عائشہ بنت ابی بکرؓ اور ام سلیمؓ کپڑے اٹھائے ہوئے تھیں اور میں ان کی پنڈلیوں کی پازیبیں دیکھ رہا تھا۔ پانی کے مشکیزے اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوئے پہلے غازیوں کے منہ میں ڈالتیں، خالی ہونے پر جا کر پھر بھر لاتیں اور لوگوں کے منہ میں ڈالتی چلی جاتیں۔ بے شک اونگھ کی وجہ سے ابو طلحہ کے ہاتھ سے دو یا تین بار تلوار گری۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۳۶) نے روایت کی ہے)

## جہاد میں رسول اکرم ﷺ کی انگلی کا زخمی ہونا

عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ : دَمِيَتْ اِصْبَعُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فِي بَعْضِ تِلْكَ الْمَشَاهِدِ. فَقَالَ :

هَلْ اَنْتِ اِلاَّ اِصْبَعٌ دَمِيْتِ وَفِي سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ

غزوات میں سے کسی غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی زخمی ہونے پر خون بہنے لگا تو آپؐ نے فرمایا تو ایک خون بہانے والی انگلی کے سوا کچھ نہیں، اور تجھے جو تکلیف پہنچی ہے وہ اللہ کی راہ میں پہنچی ہے۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۱۲) نے روایت کی ہے)

## پیش آمدہ مشکل گھڑیوں میں اللہ کی رضا کی خاطر کمزوری نہ دکھانا

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: " اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَاَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ وَ فِي كُلٍّ خَيْرٌ. اِحْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلاَ تَعْجِزْ فَاِنْ

Marfat.com

أَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا وَلٰكِنْ قُلْ قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ فَإِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "قوی مومن، کمزور مومن سے زیادہ خیر (وبرکت) والا اور اللہ کے ہاں زیادہ پیارا ہے تاہم دونوں میں خیر ہے تیرے لیے جو کچھ نفع بخش ہے اس کی طلب کر (مفید چیزوں کے لیے) اللہ سے مدد مانگنے میں کوتاہی نہ دکھا اگر کوئی (ناپسندیدہ) بات تیرے ساتھ ہو تو یوں نہ کہنا کاش میں یوں کرتا، ایسے کرتا (اور یہ بات میرے ساتھ نہ ہوتی)۔ بلکہ تو کہہ اللہ کی تقدیر میں (یوں ہی) تھا وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے کیونکہ کلمہ "لو" (یوں کر لیتا، ایسے ہو جاتا) شیطانی (وسوسے اور) عمل کی راہ کھولتا ہے"۔ (تقدیر کے مخالف وسوسے دل میں پیدا کرتا ہے)۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۶۴) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا راہ جہاد میں شہادت پانے کے بعد دوبارہ زندگی پاکر پھر سے جہاد کرنے کی تمنا کرنا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَعَدَّ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِي سَبِيْلِهِ وَيُخْرِجُهُ إِلَّا جِهَادٌ فِي سَبِيْلِي وَإِيْمَانٌ بِي وَتَصْدِيْقٌ بِرُسُلِي فَهُوَ عَلَيَّ ضَامِنٌ أَنْ أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَأَرْجِعَهُ إِلَى مَسْكَنِهِ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْهُ نَائِلاً مَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ ثُمَّ. قَالَ: " وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ لَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ مَا قَعَدْتُّ خِلَافَ سَرِيَّةٍ تَخْرُجُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ أَبَدًا لٰكِنْ لَا أَجِدُ سَعَةً

Marfat.com

فَاَحْمِلَهُمْ وَلَا يَجِدُوْنَ سَعَةً فَيَتَّبِعُوْنِي وَلَا تَطِيْبُ اَنْفُسُهُمْ تَتَخَلَّفُوْنَ بَعْدِيْ. وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ! لَوَدِدْتُّ اَنْ اَغْزُوَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاُقْتَلَ، اَغْزُوَ فَاُقْتَلَ، ثُمَّ اَغْزُوَ فَاُقْتَلَ"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ نے اس مسلمان کے لیے (بڑی عزت وتکریم اور بہت ثواب) تیار کیا ہے جو اس کی راہ میں جہاد پر نکلا، (اللہ فرماتے ہیں) کہ اسے جہاد پر، مجھ پر ایمان اور میرے رسول کی تصدیق میری راہ میں نکالتے ہیں۔ (اللہ فرماتے ہیں) اب میرے ذمہ ہے کہ اسے جنت میں داخل کروں یا وہ جس جگہ (گھر) سے نکلا تھا وہاں اس حال میں پلٹے کہ اس نے ثواب کما رکھا ہو اور مال غنیمت حاصل کر رکھا ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر مسلمانوں پر بھاری ہونے کا (اندیشہ) نہ ہوتا تو اللہ کے راستے میں (جہاد پر) نکلنے والے کسی بھی میدان جہاد سے ہرگز پیچھے نہ رہتا لیکن میرے پاس کوئی امکان نہیں کہ انہیں سواری مہیا کروں وہ بھی کوئی امکان (ذریعہ) نہیں پا رہے ہیں کہ (سوار ہو کر) میرے پیچھے چلے آئیں اگر میں جہاد پر چلا جاؤں تو (جہاد سے) پیچھے رہنے والوں کے دل خوش نہیں رہتے ہیں اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھوں میں محمد کی جان ہے میری آرزو ہے کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہوا شہید ہوں، پھر (زندہ ہو کر) جہاد کرتے ہوئے شہید ہو جاؤں، پھر (دوبارہ زندہ ہو کر) جہاد کرتے ہوئے شہید ہوں"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۲۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا جذبہ جہاد

عَنْ اَسْلَمَ اَبِی عِمْرَانَ قَالَ :غَزَوْنَا مِنَ الْمَدِیْنَةِ،نُرِیْدُ الْقُسْطَنْطِیْنِیَّةَ وَعَلَی الْجَمَاعَةِ عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ وَالرُّوْمُ مُلْصِقُوا ظُهُوْرَهُمْ بِحَائِطِ الْمَدِیْنَةِ ، فَحَمَلَ رَجُلٌ عَلَی الْعَدُوِّ فَقَالَ النَّاسُ مَهْ ، مَهْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ یُلْقِی بِیَدَیْهِ اِلَی التَّهْلُكَةِ. فَقَالَ اَبُوْ اَیُّوْبَ : اِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآیَةُ فِیْنَا مَعْشَرَ الاَنْصَارِ! لَمَّا نَصَرَاللّٰهُ نَبِیَّهُ ، وَاَظْهَرَ الاِسْلاَمَ ، قُلْنَا هَلُمَّ نُقِیْمُ فِی اَمْوَالِنَا وَنُصْلِحُهَا ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی " ﴿وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلاَ تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَی التَّهْلُكَةِ﴾ فَالاِلْقَاءُ بِالاَیْدِیْ اِلَی التَّهْلُكَةِ اِنْ نُقِیْمَ فِی اَمْوَالِنَا وَنُصْلِحَهَا وَنَدَعَ الْجِهَادَ .

قَالَ اَبُوْعِمْرَانَ : فَلَمْ یَزَلْ اَبُوْ اَیُّوْبَ یُجَاهِدُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ حَتّٰی دُفِنَ بِالْقُسْطَنْطِیْنِیَّةِ.

حضرت اسلم ابو عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم مدینے سے قسطنطنیہ (استنبول) کے ارادے سے نکلے۔جماعت (مجاہدین) کے امیر حضرت عبد الرحمٰن بن خالد بن ولید تھے۔رومی (ہمارے انتظار میں) شہر کی دیوار سے پیٹھ لگائے (کھڑے) تھے۔(ہم میں سے) ایک آدمی نے دشمن پر ہتھیار اٹھایا(حملہ کیا) لوگوں نے اسے کہا ٹھہرو، ٹھہرو لَااِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ! اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال رہا ہے۔اس پر حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے جماعت انصار!

Marfat.com

یہ آیت تو ہماری شان میں نازل ہوئی تھی۔ جب اللہ نے اپنے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کی مدد فرمائی تھی اور اسلام کو غالب کیا تھا تو ہم نے کہا چلو اب اپنے مالوں (اونٹوں / باغوں) میں رہیں اور ان کو سنواریں (اس پر) اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی (اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو) اپنے مالوں میں ٹھہرنا ان کی اصلاح میں مصروف ہونا، اور جہاد ترک کرنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔

ابو عمران نے کہا حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ (شہید ہو کر) استنبول میں دفن ہونے تک اللہ کی راہ میں جہاد کرتے رہے۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۱۹۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## میری امت کی سیاحت اللہ کی راہ میں جہاد ہے

عَنْ اَبِی اُمَامَۃَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰہِ اِئْذَنْ لِی فِی السِّیَاحَۃِ. قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ سِیَاحَۃَ اُمَّتِی الْجِہَادُ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی".

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسول! مجھے سیاحت کی اجازت فرمائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میری امت کی سیاحت اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا ہے"۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۱۷۲) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

# جہاد کیسے کیا جائے؟
کے بارے
# آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ

Marfat.com

Marfat.com

# جہاد کیسے کیا جائے؟

## آیات قرآنیہ

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ﴿﴾ [۳ : آل عمران : ۱۰۳]

اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور پھوٹ نہ ڈالو اور اللہ تعالیٰ کی اس وقت کی نعمت کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی پس تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے ہو اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پہنچ چکے تھے تو اس نے تمہیں بچا لیا اللہ تعالیٰ اسی طرح تمہارے لیے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم راہ پاؤ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا﴿﴾

[٤ :النساء:٥٩]

اے ایمان والو! فرمانبرداری کرو اللہ تعالیٰ کی اور فرمانبرداری کرو رسول کی اور تم میں سے اختیار والوں کی پھر اگر کسی چیز میں اختلاف کرو تو اسے لوٹاؤ اللہ تعالیٰ کی طرف اور رسول کی طرف اگر تمہیں اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر

Marfat.com

ایمان ہے یہ بہت بہتر ہے اور باعتبار انجام کے لیے بہت اچھا ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿﴾

[۲:البقرة:۱۵۵]

اور ہم کسی نہ کسی طرح تمہاری آزمائش ضرور کریں گے دشمن کے ڈر سے بھوک پیاس سے مال و جان اور پھلوں کی کمی سے اور ان صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دیجیے۔

وَ اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿﴾ [۲:البقرة:۱۹۵]

اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو اور سلوک واحسان کرو اللہ تعالی احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ ۢبِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿﴾ [۲:البقرة:۲۱۷]

لوگ آپ سے حرمت والے مہینوں میں لڑائی کی بابت سوال کرتے ہیں

Marfat.com

آپ کہہ دیجیے کہ ان میں لڑائی کرنا بڑا گناہ ہے۔ لیکن اللہ کی راہ سے روکنا اس کے ساتھ کفر کرنا اور مسجد حرام سے روکنا اور وہاں کے رہنے والوں کو وہاں سے نکالنا اللہ کے نزدیک اس سے بھی بڑا گناہ ہے یہ لوگ تم سے لڑائی بھڑائی کرتے ہی رہیں گے۔ یہاں تک کہ ان سے ہو سکے تو تمہیں تمہارے دین میں سے مرتد کر دیں اور تم میں سے جو لوگ اپنے دین سے پلٹ جائیں۔ اور اسی کفر کی حالت میں مریں ان کے اعمال دینوی اور اخروی سب غارت ہو جائیں گے۔ یہ لوگ جہنمی ہونگے اور ہمیشہ جہنم میں ہی رہیں گے۔

لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۱۱]

یہ لوگ تمہیں ستانے کے سوا اور زیادہ کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتے اگر لڑائی کا موقع آجائے تو پیٹھ موڑلیں گے پھر مدد نہ کیے جائیں گے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۲۰۰]

اے ایمان والو! تم ثابت قدم رہو اور ایک دوسرے کو تھامے رہو اور جہاد کے لیے تیار رہو تاکہ تم مراد کو پہنچو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ﴿﴾ [۸:الانفال:۱۵]

اے ایمان والو! جب تم کافروں سے دوبدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیر لینا۔

Marfat.com

وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿﴾

[۸:الانفال:۱۶]

اور جو شخص ان سے اس موقع پر پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لیے پینترا بدلتا ہو یا جو اپنی جماعت کی طرف پناہ لینے آتا وہ مستثنی ہے باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آئے گا اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہو گا اور وہ بہت بری جگہ ہے۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿﴾

[۸:الانفال:۱۷]

سو تم نے انہیں قتل نہیں کیا لیکن اللہ تعالی نے ان کو قتل کیا اور آپؐ نے خاک کی مٹھی نہیں پھینکی لیکن اللہ تعالی نے وہ پھینکی اور تا کہ مسلمانوں کو اپنی طرف سے انکی محنت کا خوب عوض دے بلا شبہ اللہ تعالی خوب سننے والا اور خوب جاننے والا ہے۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ وَ اِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿﴾ [۸:الانفال:۳۸]

آپ ان کافروں سے کہہ دیجیے کہ اگر یہ لوگ باز آجائیں تو ان کے سارے گناہ جو پہلے ہو چکے ہیں سب معاف کر دیے جائیں گے اور اگر اپنی وہی عادت رکھیں گے تو کفار سابقین کے حق میں قانون نافذ ہو چکا ہے۔

Marfat.com

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ﴿﴾ [٨:الانفال:٦٠]

تم ان کے مقابلے کے لیے اپنی ہر طاقت کی تیاری کرو اور گھوڑوں کے تیار رکھنے کی کہ ان سے تم اللہ کے دشمنوں کو خوفزدہ رکھ سکو اور ان کے سوا اوروں کو جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں خوب جان رہا ہے۔ جو کچھ بھی اللہ کی راہ میں صرف کر دو گے وہ تمہیں پورا پورا دیا جائے گا اور تمہارا حق نہ مارا جائے گا۔

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ﴿﴾

[٨:الانفال:٦٥]

اے نبی! ایمان والوں کو جہاد کا جوش دلاؤ اگر تم میں بیس بھی صبر کرنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب رہیں گے اور اگر تم میں ایک سو ہوں گے تو ایک ہزار کافروں پر غالب رہیں گے اس واسطے کہ وہ بے سمجھ لوگ ہیں۔

اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْا اَلْفَيْنِ

Marfat.com

بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿﴾ [٨:الانفال:٦٦]

اچھا اب اللہ تمہارا بوجھ ہلکا کرتا ہے وہ خوب جانتا ہے کہ تم میں ناتوانی ہے پس اگر تم میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہونگے تو وہ دو سو پر غالب رہیں گے اور اگر تم میں سے ایک ہزار ہونگے تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً وَاعْلَمُوْآ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿﴾ [٩:التوبة:٣٦]

مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک کتاب اللہ میں بارہ ماہ کی ہے اسی دن سے جب آسمان وزمین کو اس نے پیدا کیا ہے ان میں سے چار حرمت وادب والے ہیں یہی درست دین ہے تم ان مہینوں میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو اور تم تمام مشرکوں سے جہاد کرو جیسے کہ وہ تم سب سے لڑتے ہیں اور جان رکھو کہ اللہ تعالی متقیوں کے ساتھ ہے۔

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿﴾ [٩:التوبة:٤٤]

اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے ویقین رکھنے والے تو مالی وجانی جہاد سے رک رہنے کی کبھی بھی اجازت تجھ سے طلب نہیں کریں گے اور اللہ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے۔

Marfat.com

اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿﴾ [۹:التوبة:٤٥]

یہ اجازت تو تجھ سے وہی طلب کرتے ہیں جنہیں نہ اللہ پر ایمان ہے نہ آخرت کے دن کا یقین ہے جن کے دل میں شک پڑے ہوئے ہیں اور وہ اپنے شک میں ہی سرگرداں ہیں۔

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ذٰلِكَ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿﴾ [٤٧:محمد:٤]

تو جب کافروں سے گھمسان کا رن پڑ جائے تو گردنوں پر وار مارو جب ان کا خوب کٹاؤ کر چکو تو اب خوب مضبوط قید و بند سے گرفتار کرو، پھر اختیار ہے کہ خواہ احسان رکھ کر چھوڑ دو یا فدیہ لے کر تاوقتیکہ لڑائی اپنے ہتھیار رکھ دے یہی حکم ہے اور اگر اللہ چاہتا تو خود ہی ان سے بدلہ لے لیتا لیکن اس کا منشا یہ ہے تم میں سے ایک کا امتحان دوسرے سے لے۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید کر دیے جاتے ہیں اللہ ان کے اعمال ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴿﴾ [٦١:الصف:٤]

بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اس کی راہ میں صف بستہ جہاد کرتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہیں۔

Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ﴿﴾ [٦٦:التحريم:٩]

اے نبی کافروں اور منافقوں سے جہاد کریں اور ان پر سختی کریں ان کا ٹھکانہ جہنم ہے جو بہت بُری جگہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا﴿﴾ [٤:النساء:٧١]

اے مسلمانوں! اپنے بچاؤ کا سامان لے لو، پھر گروہ بن کر کوچ کرو یا سب کے سب اکٹھے ہو کر نکل کھڑے ہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا﴿﴾ [٤:النساء:٩٤]

اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں جا رہے ہو تو تحقیق کر لیا کرو اور جو تم سے سلام علیک کرے تم اسے یہ نہ کہہ دو تو ایمان والا نہیں۔ تم دنیاوی زندگی کے اسباب کی تلاش میں ہو تو اللہ تعالی کے پاس بہت سی غنیمتیں ہیں پہلے تم بھی ایسے ہی تھے پھر اللہ تعالی نے تم پر احسان کیا۔ لہذا تم ضرور تحقیق و کر لیا کرو بے شک اللہ تعالی تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ﴿﴾ [٣:آل عمران:١٥٧]

بالیقین خواہ تم مر جاؤ یا مار ڈالے جاؤ جمع تو اللہ تعالی کی طرف ہی کیے جاؤ

Marfat.com

گے۔

اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۶۰]

اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو اس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد کرے۔ ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ رکھنا چاہیے۔

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ﴿﴾

[۹:التوبۃ:۶]

اگر مشرکوں میں سے کوئی تجھ سے پناہ طلب کرے تو تو اسے پناہ دے دے۔ یہاں تک کہ وہ کلام اللہ سن لے پھر اسے اپنی جائے امن تک پہنچادے یہ اس لیے کہ یہ لوگ بے علم ہیں۔

وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا﴿﴾

[٤:النساء:١٠٤]

ان لوگوں کا پیچھا کرنے سے ہارے ہوئے دل چھوڑ کر بیٹھ نہ رہو اگر تمہیں بے آرامی ہوتی ہے تو انہیں بھی تو تمہاری طرح بے آرامی ہوتی ہے اور تم اللہ سے

Marfat.com

وہ امیدیں رکھتے ہو جو امیدیں انہیں کی اور اللہ تعالیٰ دانا اور حکیم ہے۔

فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ۝ [۴۷ محمد:۳۵]

پس تم بودے بن کر صلح کی درخواست پر اس حال میں نہ اترو جبکہ تم ہی غالب اور بلند ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے ناممکن ہے وہ تمہارے اعمال ضائع کرے

وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ۝ [۹:التوبۃ:۱۲۱-۱۲۲]

اور جو کچھ چھوٹا بڑا انہوں نے خرچ کیا اور جتنے میدان ان کو طے کرنا پڑے یہ سب بھی ان کے نام لکھا گیا تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دے اور مسلمانوں کو یہ نہ چاہیے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں سو ایسا کیوں نہ کیا جائے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت جایا کرے تاکہ وہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔ اور تاکہ یہ لوگ اپنی قوم کو جب کہ وہ ان کے پاس آجائیں ڈرائیں تاکہ وہ ڈر جائیں۔

Marfat.com

# جہاد کیسے کیا جائے؟

# احادیث صحیحہ

## اللہ کے کلمے کی سربلندی کے لیے جہاد کرنا

عَنْ اَبِی مُوْسٰی ، اَنَّ اَعْرَابِیًّا جَاءَ اِلَی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ : اِنَّ الرَّجُلَ یُقَاتِلُ لِلذِّکْرِ وَیُقَاتِلُ لِیُحْمَدَ وَیُقَاتِلُ لِیَغْنَمَ ، وَیُقَاتِلُ لِیُرٰی مَکَانَہٗ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ :" مَنْ قَاتَلَ حَتّٰی تَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِيَ اَعْلٰی فَھُوَ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ".

ایک اعرابی (دیہاتی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا "کہ کوئی آدمی یاد رکھے جانے، کوئی تعریف کیے جانے (یعنی شہرت و ناموری کے لیے)، کوئی مال غنیمت حاصل کرنے اور کوئی اپنا مقام و مرتبہ دکھانے کی غرض سے لڑتا ہے"۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی اللہ کے کلمہ کی سربلندی کے لیے لڑتا (جہاد کرتا) ہے وہی اللہ عزوجل کے راستے میں ہے"۔

(یہ حدیث ابوداود (۲۱۹۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مشرکوں کے خلاف مالی، جانی اور زبانی (لسانی) جہاد کرنا

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ : " جَاھِدُوْا الْمُشْرِکِیْنَ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَاَلْسِنَتِکُمْ ".

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مشرکوں سے اپنے اموال، اپنی جانوں اور زبانوں کے ساتھ جہاد کرو"

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۱۸۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## منکر (برائی) کو ہٹانے کا طریقہ

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ ، قَالَ: اَخْرَجَ مَرْوَانُ الْمِنبَرَ فِی یَوْمِ عِیْدٍ فَبَدَاَ بِالْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَقَالَ رَجُلٌ :یَا مَرْوَانُ ! خَالَفْتَ السُّنَّةَ اَخْرَجْتَ الْمِنْبَرَ فِی هٰذَا الْیَوْمِ وَلَمْ یَکُنْ یُخْرَجُ وَبَدَأْتَ بِالْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ وَلَمْ یَکُنْ یُبْدَأُ بِهَا فَقَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ :اَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰی مَا عَلَیْهِ۔سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ یَقُوْلُ : " مَنْ رَاَی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَاسْتَطَاعَ اَنْ یُّغَیِّرَهُ بِیَدِهِ فَلْیُغَیِّرْهُ بِیَدِهِ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ ".

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ مروان (بن حکم، والی مدینہ نے) ایک عید کے روز منبر (عید گاہ) میں نکلوایا پھر نماز عید سے قبل خطبہ شروع کر دیا اس پر ایک آدمی نے کہا: اے مروان (اے حاکم وقت)! تو نے سنت کی مخالفت کی ہے اس روز تو نے (مسجد سے عید گاہ میں) منبر نکلوایا ہے جو کہ (اس سے پہلے مسجد سے نماز عید کے لیے) نہیں نکلوایا جاتا تھا۔ اور تو نے نماز عید سے پہلے خطبہ شروع کر دیا ہے جو کہ اس سے قبل (نماز عید سے پہلے) نہیں پڑھایا جاتا تھا (بلکہ نماز عید کے بعد پڑھایا جاتا تھا)۔ اس پر حضرت ابو سعید خدریؓ نے فرمایا اس آدمی نے اپنے اوپر عائد ہونے والا فریضہ ادا کر ڈالا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان فرماتے ہوئے سنا تھا کہ "جو کوئی منکر (دین سے الگ کوئی

Marfat.com

شے) دیکھے اور اسے ہاتھ سے بدلنے کی استطاعت رکھتا ہو تو ہاتھ سے بدل ڈالے اگر اس (یعنی ہاتھ سے بدل ڈالنے) کی طاقت نہ ہو تو زبان سے (کوشش کرے) اور اگر اسکی بھی طاقت نہ ہو تو دل سے (برا جانے) اور (دل سے برا جاننا، برائی کو بدلنے کا سوچنا) کمزور ترین ایمان (کی علامت) ہے۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۴۰۱۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## منکر (برائی) کو ہاتھ اور زبان سے ہٹانا

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ یَقُوْلُ "مَنْ رَاَی مُنْکَرًا فَاسْتَطَاعَ اَنْ یُّغَیِّرَہُ بِیَدِہٖ فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ " وَقَطَعَ ھَنَّادٌ بَقِیَّۃَ الْحَدِیْثِ[وَفَاہُ ابْنُ الْعَلَاءِ] " فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ[بِلِسَانِہٖ] فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانُ "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو کوئی آدمی منکر (برائی) دیکھے اور ہاتھ سے ہٹانے کی ہمت رکھتا ہو تو ہاتھ (قوت بازو) سے ہٹا ڈالے۔ اگر اس کی طاقت نہ ہو تو زبان سے (سمجھائے) اور اگر زبان سے (سمجھانے کی ہمت) نہ رکھتا ہو تو دل میں (نفرت) رکھے اور یہ کمزور ترین ایمان ہے"۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۳۶۴۷) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مجبور ٹھہرنے پر اپنا حق زبردستی لینا

عَنْ عُقْبَۃَ ابْنِ عَامِرٍ قَالَ : قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ !اِنَّا نَمُرُّ بِقَوْمٍ فَلَا ھُمْ یُضَیِّفُوْنَا وَلَا ھُمْ یُؤَدُّوْنَ مَا لَنَا عَلَیْھِمْ مِنَ الْحَقِّ وَلَا نَحْنُ نَاْخُذُ مِنْھُمْ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ

Marfat.com

سَلَّمَ: "اِنْ اَبَوْا اِلاَّ اَنْ تَاْخُذُوا کَرْهًا فَخُذُوْا".

حضرت عقبہ بن عامرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ "ہم (ذمی یا بعض مسلمان) لوگوں کے پاس جاتے ہیں لیکن وہ ہمیں (بطور مہمان) ٹھہراتے ہیں اور نہ ہی ان پر ہمارے واجبہ مال ادا کرتے ہیں اور ہم (جبراً) لیتے نہیں ہیں"۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا: "اگر تمہیں جبراً (تمہارے اموال و حقوق) لینے پر ابھارتے ہیں تو پھر (جبراً ہی) لے لیا کرو"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۲۹۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اسلام کی تحریری دعوت

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ کَتَبَ اِلٰی کِسْرٰی وَاِلٰی قَیْصَرَ وَاِلٰی النَّجَاشِیِ وَاِلٰی کُلِّ جَبَّارٍ یَدْعُوْهُمْ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَلَیْسَ بِالنَّجَاشِیِ الَّذِی صَلّٰی عَلَیْهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسریٰ، (ایران)، قیصر (روم) نجاشی (حبشہ) اور ہر ڈکٹیٹر کو خط لکھ کر انہیں اللہ تعالیٰ (کے دین) کی طرف دعوت دی اور یہ نجاشی وہ نہیں تھا جس کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (نماز جنازہ) پڑھی تھی۔

(یہ حدیث مسلم (۱/ ۷۵) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

# ہرقل کو مکتوب گرامی

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، اَنَّ اَبَا سُفْيَانَ اَخْبَرَهُ مِنْ فِيْهِ اِلَى فِيْهِ قَالَ : اِنْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .قَالَ :فَبَيْنَا اَنَا بِالشَّامِ ، اِذْ جِيءَ بِكِتَابٍ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى هِرَقْلَ يَعْنِي عَظِيْمِ الرُّوْمِ. قَالَ : وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَاءَ بِهِ. فَدَفَعَهُ اِلَى عَظِيْمِ بُصْرٰى فَدَفَعَهُ عَظِيْمُ بُصْرٰى اِلَى هِرَقْلَ .فَقَالَ هِرَقْلُ :هَلْ هٰهُنَا اَحَدٌ مِنْ قَوْمِ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ ؟ قَالُوا : نَعَمْ. قَالَ فَدُعِيْتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ. فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ فَاَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ :اَيُّكُمْ اَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ ؟فَقَالَ اَبُوْسُفْيَانَ : فَقُلْتُ : اَنَا . فَاَجْلِسُوْنِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَجْلَسُوا اَصْحَابِي خَلْفِي. ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ فَقَالَ لَهُ : قُلْ لَهُمْ اِنِّي سَائِلٌ هٰذَا عَنِ الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ ، فَاِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ.قَالَ : فَقَالَ اَبُوسُفْيَانَ: وَايْمُ اللّٰهِ!لَوْلاَ مَخَافَةَ اَنْ يُؤْثَرَ عَلَيَّ الْكَذِبُ لَكَذَبْتُ .

ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ سَلْهُ كَيْفَ حَسَبُهُ فِيْكُمْ ؟ قَالَ قُلْتُ : هُوَ فِيْنَا ذُوْحَسَبٍ. قَالَ فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ ؟ قُلْتُ :لاَ. قَالَ : فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ اَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ :لاَ. قَالَ : وَمَنْ يَتَّبِعُهُ ؟ اَشْرَافُ النَّاسِ اَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ ؟ قَالَ قُلْتُ : بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ .قَالَ : اَيَزِيْدُوْنَ اَمْ يَنْقُصُوْنَ ؟ قَالَ قُلْتُ : لاَ بَلْ يَزِيْدُوْنَ . قَالَ : هَلْ يَرْتَدُّ اَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِيْنِهِ بَعْدَ اَنْ يَدْخُلَ فِيْهِ سَخْطَةً لَهُ؟

Marfat.com

قَالَ قُلْتُ : لاَ. قَالَ : فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ ؟ قُلْتُ :نَعَمْ.قَالَ : فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ ؟ قَالَ قُلْتُ : تَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالاً. يُصِيْبُ مِنَّا وَنُصِيْبُ مِنْهُ .قَالَ : فَهَلْ يَغْدِرُ ؟قُلْتُ :لاَ. وَنَحْنُ مِنْهُ فِى مُدَّةٍ لاَ نَدْرِى مَا هُوَ صَانِعٌ فِيْهَا.

قَالَ:فَوَاللّٰهِ!مَا اَمْكَنَنِى مِنْ كَلِمَةٍ اُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا غَيْرَ هٰذِهِ .

قَالَ : فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهُ؟ قَالَ قُلْتُ :لاَ.

قَالَ :لِتَرْجُمَانِهِ : قُلْ لَهُ :اِنِّى سَاَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ فَزَعَمْتَ اَنَّهُ فِيْكُمْ ذُوْحَسَبٍ .وَكَذٰلِكَ الرُّسُوْلُ تُبْعَثُ فِى اَحْسَابِ قَوْمِهَا . وَسَاَلْتُكَ: هَلْ كَانَ فِى آبَائِهِ مَلِكٌ ؟ فَزَعَمْتَ اَنْ لاَ .فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ .وَسَاَلْتُكَ عَنْ اَتْبَاعِهِ ،اَضُعَفَاؤُهُمْ اَمْ اَشْرَافُهُمْ ؟ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ ، وَهُمْ اَتْبَاعُ الرُّسُلِ .وَسَاَلْتُكَ :هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ اَنْ يَقُوْلَ مَا قَالَ ؟ فَزَعَمْتَ اَنْ لاَ .فَقُلْتُ :اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ يَذْهَبُ فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ .وَسَاَلْتُكَ :هَلْ يَرْتَدُّ اَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِيْنِهٖ بَعْدَ اَنْ يَدْخُلَهُ سَخْطَةً لَهُ ؟فَزَعَمْتَ اَنْ لاَ . وَكَذٰلِكَ الاِيْمَانُ اِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوْبِ. وَسَاَلْتُكَ: هَلْ يَزِيْدُوْنَ اَوْ يَنْقُصُوْنَ ؟ فَزَعَمْتَ اَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ .وَكَذٰلِكَ الاِيْمَانُ حَتّٰى يَتِمَّ .وَسَاَلْتُكَ :هَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ ؟فَزَعَمْتَ اَنَّكُمْ قَدْ قَاتَلْتُمُوْهُ فَتَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالاً .يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُوْنَ مِنْهُ. وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰى ثُمَّ تَكُوْنُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ .وَسَاَلْتُكَ :هَلْ يَغْدِرُ ؟فَزَعَمْتَ اَنَّهُ لاَ يَغْدِرُ .وَكَذٰلِكَ

Marfat.com

الرُّسُلُ لاَ تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهُ .فَزَعَمْتَ اَنْ لاَ .فَقُلْتُ : لَوْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهُ ،قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيْلَ قَبْلَهُ .قَالَ : ثُمَّ قَالَ :بِمَ يَاْمُرُكُمْ ؟قُلْتَ :يَامُرُنَا بِالصَّلاَةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ . قَالَ :اِنْ يَكُنْ مَا تَقُوْلُ فِيْهِ حَقًّا ،فَاِنَّهُ نَبِيٌّ .وَقَدْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنَّهُ خَارِجٌ .وَلَمْ اَظُنُّهُ مِنْكُمْ وَلَوْ اَنِّى اَعْلَمُ اَنِّى اَخْلَصُ اِلَيْهِ ،لَاَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ .وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ .وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ .قَالَ :ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَرَاَهُ فَاِذَا فِيْهِ " بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلَى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ .سَلاَمٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ،اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّى اَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الاِسْلاَمِ .اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَاِنَّ عَلَيْكَ اِثْمَ الاَرِيْسِيِّيْنَ وَيَا اَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا اِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَنْ لاَ نَعْبُدَ اِلاَّ اللّٰهَ وَلاَ نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلاَ يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوْا اشْهَدُوا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ [٣:آل عمران:٦٤].فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الاَصْوَاتُ عِنْدَهُ وَكَثُرَ اللَّغَطُ . وَاَمَرَ بِنَا فَاُخْرِجْنَا .قَالَ: فَقُلْتُ لِاَصْحَابِى حِيْنَ خَرَجْنَا لَقَدْ اَمِرَ اَمْرُ ابْنِ اَبِى كَبْشَةَ. اِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِى الاَصْفَرِ .قَالَ :فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَيَظْهَرُ،حَتّٰى اَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الاِسْلاَمَ.

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ابوسفیانؓ نے ان سے منہ در منہ بیان کیا کہ : میں (ابوسفیان) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (صلح حدیبیہ کے موقع پر طے پا جانے والی) مدت کے دوران سیاحت پر نکلا۔ میں (ملک

Marfat.com

شام میں تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہرقل یعنی شہنشاہ روم کے پاس خط لایا گیا یہ خط حضرت دحیہ کلبیؓ لائے تھے انہوں نے یہ خط رئیس بصرہ کو دیا۔ رئیس بصرہ نے ہرقل کو دیا ہرقل نے پوچھا اپنے بارے پیغمبری کا دعوی کرنے والے اس آدمی کی قوم میں سے کوئی یہاں پر (اس ملک میں) ہے؟ انہوں (درباریوں) نے کہا: جی حضور: موجود ہے. اس پر چند قریشیوں کے ساتھ میں بھی بلایا گیا. ہرقل کے پاس ہم پہنچے ہمیں اس کے سامنے بٹھایا گیا اور اس نے کہا:

کہ اپنے بارے پیغمبر ہونے کا دعوی کرنے والے کے خاندانی نسب میں تم میں سے کون زیادہ قریب ہے؟ حضرت ابوسفیانؓ نے (جواباً) کہا: "میں ہوں" اس پر مجھے اس (ہرقل) کے سامنے اور میرے احباب کو میرے پیچھے بٹھا دیا گیا. پھر ترجمان کو بلا کر یوں کہا: ان لوگوں (حضرت ابوسفیان کے پیچھے بیٹھنے والوں) سے کہو! میں اپنے پیغمبر ہونے کا دعوی کرنے والے اس آدمی کے بارے پوچھنے والا ہوں اگر (ابوسفیان) نے جھوٹ بولا تو تم سب اس کا جھوٹ بیان کرنا. راوی کہتا ہے کہ: اس پر حضرت ابوسفیان نے کہا: اللہ کی قسم۔ اگر مجھے یہ ڈر نہ ہوتا کہ یہ لوگ میرا جھوٹ بیان کریں گے (اور میری ذلت ہوگی) تو ضرور جھوٹ بولتا۔

پھر ہرقل نے ترجمان سے کہا: اس سے پوچھو! اس (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کا حسب (خاندان) تمہارے درمیان کیسے (مقام و مرتبہ کا) ہے؟ ابوسفیان نے کہا کہ وہ ہمارے درمیان بہت عالی حسب (خاندان والا) ہے۔

اس کے آباؤ اجداد میں سے کوئی بادشاہ گزرا ہے؟ نہیں۔

اس (پیغمبری کے دعوی) سے پہلے تم لوگوں کی طرف سے اس پر

Marfat.com

جھوٹ بولنے کا الزام پایا جاتا ہے ؟ نہیں۔

ہاں تو اس کے ماننے والے کون لوگ ہیں؟ طبقہ اشراف یا کمزور لوگ ؟۔ نہیں، کمزور (غریب) لوگ۔

یہ لوگ بڑھ رہے ہیں یا کم ہوتے جارہے ہیں ؟۔ نہیں، بلکہ یہ لوگ بڑھ رہے ہیں۔

کیا ان میں سے کوئی دین میں داخل ہونے کے بعد، دین کو ناپسند کرتے ہوئے اس سے مرتد ہوا ہے ؟ نہیں۔

کیا اس کے ساتھ کہیں تمہاری جنگ ہوئی ہے ؟ ہاں۔ اس کے ساتھ تمہاری لڑائی کیسی رہی ؟۔ اس کے ساتھ ہماری لڑائی کنویں کے ڈول (کبھی وہ اوپر (غالب) کبھی ہم) کی طرح ہوتی ہے کبھی وہ ہمیں مغلوب کر ڈالتا ہے اور کبھی ہم اسے۔

کبھی عہد شکنی کرتا ہے ؟۔ نہیں تاہم اب ہمارے ساتھ ان کا ایک معاہدہ ہوا ہے دیکھئے اس میں کیا کرتا ہے ؟ ہم کچھ نہیں جانتے. اللہ کی قسم! مجھے اس بات کے سوا اپنی طرف سے کچھ ساتھ ملانے کا موقع ہی نہیں دیا۔

اس سے پہلے یہ (پیغمبری دعوے کی) بات کسی نے کی تھی ؟ نہیں۔ میں (ابوسفیان) نے جواب دیا۔

(ہرقل نے) ترجمان سے کہا کہ اسے (ابوسفیان کو) بتاؤ میں نے اس کے حسب ونسب کے بارے پوچھا: تو نے بتایا کہ وہ ہمارے درمیان عالی نسب ہے۔ پیغمبر ایسے ہی (عالی خاندان) ہوتے ہیں: وہ ہمیشہ اپنی قوم کے عالی خاندانوں میں (پیدا) ہوتے ہیں اس کے آباؤ اجداد میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ اس کا جواب تم

Marfat.com

نے دیا کہ نہیں۔اب میں کہتا ہوں کہ آباؤ اجداد میں سے کوئی بادشاہ ہوتا تو کہتے کہ آبائی سلطنت تلاش کرتا پھرتا ہے......اس کے ماننے والوں کے بارے پوچھا کہ قوم کے اشراف ہیں یا غرباء؟ نہیں۔بلکہ غرباء.... تم نے جواب دیا پیغمبروں کے ماننے والے ایسے ہی ہوتے ہیں! تمہیں پوچھا تھا کہ اس پیغمبری دعوے سے پہلے تم لوگ اسے جھوٹا گردانتے تھے؟ تم نے جواب دیا کہ نہیں. تو میں جان گیا کہ یہ ذات لوگوں کے بارے جھوٹ نہ بولنا، چھوڑ کر اب اللہ کے بارے جھوٹ کیونکر بول سکتا ہے نہیں ہرگز نہیں. تم سے پوچھا کہ اس کے دین میں داخل ہو کر پھر کوئی اس کو ناپسند کرتے ہوئے اس سے نکلا ہو؟ تم نے جواب دیا کہ نہیں اور دل کی خوشی سے اختلاط پر ایمان کا یہی عالم ہوتا ہے تم سے پوچھا کہ اس کے ماننے والے بڑھ رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تعداد بڑھنے کا تم نے بتلایا اور ایمان کا یہی حال ہے حتی کہ پورا ہو جائے۔اس کے ساتھ کبھی تم نے لڑائی لڑی ہے؟ کے جواب میں تم نے کہا کہ ہماری باہمی لڑائیوں کبھی وہ فاتح اور کبھی ہم! پیغمبروں کی (پہلے) ایسے ہی آزمائش ہوا کرتی ہے لیکن انجام بخیر انہی کا (مقدر ہوتا) ہے !تمہیں اس کی عہد شکنی کے بارے پوچھا تو تم نے جواب دیا کہ اس نے آج تک عہد شکنی نہیں کی ہے پیغمبر اسی کردار کے حامل ہوتے ہیں اور عہد شکنی نہیں کرتے تم سے پوچھا کہ :اس سے پہلے یہ پیغمبری دعوے کی بات کسی نے کی تھی؟ نہیں کہ تم نے جواب دیا اس پر میں کہتا ہوں :اگر یہ بات کسی نے کی ہوتی میں کہتا پہلے سے کردہ بات دہرانے والا آدمی ہے ابو سفیان کہتے ہیں کہ اس کے بعد اس نے پوچھا۔تمہیں کس چیز کا حکم دیتا ہے؟ میں نے کہا :۔ ہمیں نماز، زکوۃ، رشتہ داروں کی مدد اور عفت (بری باتوں سے بچنے) کا حکم دیتا ہے۔

Marfat.com

اگر اس کے بارے تمہاری کردہ باتیں برحق ہیں تو وہ نبی ہے اس کے ظہور کو میں جانتا تھا: لیکن تمہارے درمیان (پیدا) ہونے کا گمان نہ تھا اگر میں یہ سمجھتا کہ میں ان تک پہنچ جاؤں گا تو میں ضرور پہنچتا اور ان سے ملنا پسند کرتا۔ اگر میں ان کے پاس ہوتا تو ان کے پاؤں دھوتا البتہ ان کی حکومت یہاں تک آجائے گی جہاں میرے قدم ہیں۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک منگوایا اور پڑھا اس میں لکھا تھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف سے

ہر قل شاہ روم کے نام! سلام اس پر جو راہ ہدایت اختیار کرلے....

اماّ بعد! (تم جان لو کہ) میں تمہیں اسلام کی دعوت دے رہا ہوں۔ مسلمان ہو جاؤ سلامتی میں رہو گے مسلمان ہو جاؤ اللہ تمہیں دوہرا اجر عطا فرمائے گا اگر تم نے اعراض کیا تو محنت کشوں اور کاشت کاروں کا وبال (بھی) تم پر ہو گا۔ اہل کتاب ہمارے تمہارے درمیان جو بات بالکل درست اور سیدھی ہے اس پر آ جائیں اللہ کے علاوہ کسی دوسرے کی عبادت نہ کریں، کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اللہ کی بجائے کسی ایک دوسرے کو رب نہ ٹھہرائیں اگر اس سے اعراض کریں تو کہہ ڈالو ہم تو مسلمان ہیں"۔ جب (ہر قل) خط پڑھنے سے فارغ ہوا تو اس کے قریب سے آوازیں بلند ہوئیں اور شور برپا ہو گیا ہمارے بارے حکم ہوا اور ہمیں نکال باہر کیا گیا (حضرت ابو سفیانؓ نے) باہر نکلنے پر ساتھیوں سے کہا آخر ابن ابی کبشہ (آپؐ کے اجداد میں سے ابو کبشہ نے شعری ستارے کی پوجا شروع کر کے

Marfat.com

نیا دین نکالا تھا اور آپ بھی نیا دین لائے تھے اس لیے آپ کو ابن ابی کبشہ کہا جاتا تھا) کی بات بڑھ گئی (درجہ بڑھ گیا)......اس سے بنی اصفر کا بادشاہ بھی ڈر رہا ہے (ابو سفیان کہتے ہیں کہ) اس دن سے مجھے رسول اللہ ﷺ کے غالب آنے کا (سو فیصد) یقین آگیا بالآخر اللہ نے مجھے بھی اسلام کی دولت نصیب فرمائی۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۴۷) نے روایت کی ہے)

## جہاد کیسے کیا جائے؟اس کے بارے مجاہدین کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات.

عَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: "اُغْزُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ، وَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَقَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، اُغْزُوْا وَلَا تَغْدُرُوْا، وَلَا تَغُلُّوْا، وَلَا تُمَثِّلُوْا، وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کے نام کے ساتھ جہاد کرو، اللہ کی راہ میں جہاد کرو، اللہ سے کفر کرنے والوں کو قتل کرو، لڑائی کرو، عہد شکنی مت کرو، مال غنیمت میں سے خیانت نہ کرو، مثلہ نہ کرو (یعنی ناک، کان، ہاتھ کی انگلیاں نہ کاٹو) بچوں کو مت قتل کرو"۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۲۷۷) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## غزوہ خندق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بذات خود خندق کی کھدائی کرنا

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اِنَّا يَوْمَ الْخَنْدَقِ نَحْفِرُ فَعَرَضَتْ كُدْيَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَاءُوْا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَقَالُوْا: هٰذِهِ كُدْيَةٌ

Marfat.com

عَرَضَتْ فِي الْخَنْدَقِ فَقَالَ:" اَنَا نَازِلٌ " ثُمَّ قَامَ وَبَطْنُهُ مَعْصُوْبٌ بِحَجَرٍ وَلَبِثْنَا ثَلاَثَةَ اَيَامٍ لاَ نَذُوْقُ ذَوَاقًا فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ الْمِعْوَلَ فَضَرَبَ فِي الْكُدْيَةِ فَعَادَ كَثِيْبًا اَهْيَلَ.

حضرت جابرؓ بیان فرماتے ہیں کہ غزوہ خندق میں ہم (صحابہ کرام) خندق کھود رہے تھے کہ ایک سخت مقام در پیش آگیا اس پر صحابہ کرام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہا ایک سخت چٹان سی خندق کی کھدائی میں آڑے آگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں خندق میں اترتا (دیکھتا) ہوں. پھر آپؐ اس حال میں کھڑے ہوئے کہ (بھوک کی وجہ سے) پیٹ پر پتھر باندھ رکھا تھا۔ (خندق کی کھدائی کے دوران) تین دن سے ہم نے کھانے پینے کی کوئی چیز چکھی تک نہ تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (خندق میں اترے) اور کدال لی اسے چٹان پر مارا اور سخت چٹان ریت کے ذروں کی طرح بکھر گئی.

(یہ حدیث بخاری (۱۴۰۱) نے روایت کی ہے)

## صلح حدیبیہ

عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ :لَمَّا اُحْصِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ ، صَالَحَهُ اَهْلُ مَكَّةَ عَلَى اَنْ يَدْخُلَهَا فَيُقِيْمَ بِهَا ثَلاَثًا وَلاَ يَدْخُلَهَا اِلاَّ بِجُلُبَّانِ السَّلاَحِ .السَّيْفِ وَقِرَابِهِ .وَلاَ يَخْرُجَ بِاَحَدٍ مَعَهُ مِنْ اَهْلِهَا. وَلاَ يَمْنَعَ اَحَدًا يَمْكُثُ بِهَا مِمَّنْ كَانَ مَعَهُ .قَالَ لِعَلِيٍّ " اُكْتُبِ الشَّرْطَ بَيْنَنَا .بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ

Marfat.com

مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ " .فَقَالَ لَهُ الْمُشْرِكُوْنَ: لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ تَابَعْنَاكَ وَلٰكِنِ اكْتُبْ !مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ .فَاَمَرَ عَلِيًّا اَنْ يَمْحَاهَا. فَقَالَ عَلِيٌّ :لاَ .وَاللّٰهِ !لاَ اَمْحَاهَا.فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " اَرِنِي مَكَانَهَا " فَاَرَاهُ مَكَانَهَا .فَمَحَاهَا وَكَتَبَ " ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ " فَاَقَامَ بِهَا ثَلاَثَةَ اَيَّامٍ .فَلَمَّا اَنْ كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ قَالُوْا لِعَلِيٍّ: هٰذَا آخِرُ يَوْمٍ مِنْ شَرْطِ صَاحِبِكَ .فَاَمُرْهُ فَلْيَخْرُجْ بِذٰلِكَ .فَقَالَ: " نَعَمْ " فَخَرَجَ

حضرت براء (بن عازبؓ) نے فرمایا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ کے قریب روک دیا گیا تو اہل مکہ نے آپؐ سے (درج ذیل شرائط پر آئندہ سال آنے کے بارے) ایک صلح نامہ طے کیا۔

مکہ میں داخل ہونے پر تین روز ٹھہرنا۔

ہتھیاروں کو غلاف میں رکھ کر داخل ہونا یعنی تلوار نیام میں ہو۔

اہل مکہ میں سے کسی کو ساتھ نہ لے جانا۔

اپنے ساتھیوں میں سے کوئی مکہ میں ٹھہرنا چاہے تو اسے بالکل منع نہ کریں گے۔

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) حضرت علیؓ سے کہا: "باہمی شرائط لکھو! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: یہ وہ فیصلہ ہے جو کہ اللہ کے رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے طے کیا ہے"۔

مشرکین: اگر ہم آپؐ کو اللہ کا رسول مانتے تو آپؐ کے تابع ہو

Marfat.com

جاتے! لیکن آپؐ محمد بن عبداللہ لکھیں!

آپؐ نے حضرت علیؓ کو اسے (محمد رسول اللہ) مٹانے کا حکم دیا اس پر حضرت علیؓ نے عرض کیا: نہیں اللہ کی قسم میں اسے نہیں مٹاؤں گا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وہ جگہ مجھے دکھاؤ" انہوں نے وہ مقام دکھایا آپؐ نے (وہ جملہ) مٹا دیا اور "ابن عبداللہ" لکھا (گیا) آپؐ (مقام حدیبیہ پر) تین دن ٹھہرے۔ جب تیسرا دن تھا تو انہوں (مشرکوں) نے حضرت علیؓ سے کہا تیرے صاحب کی شرط کا یہ آخری دن ہے اسے کہو چلا جائے۔ حضرت علی نے آپ کو خبر دی آپؐ نے فرمایا "اچھا" اور نکل پڑے۔

(یہ حدیث مسلم (۱/ ۹۲) نے روایت کی ہے)

## جنگ میں تیر اندازی کے بارے

عَنْ اَبِی اُسَیْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ حِیْنَ اصْطَفَفْنَا یَوْمَ بَدْرٍ: "اِذَا اَکْثَبُوْکُمْ...... یَعْنِی اِذَا غَشُوْکُمْ...... فَارْمُوْھُمْ بِالنَّبْلِ، وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَکُمْ".

غزوہ بدر میں صف بندی کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب دشمن تمہارے قریب پہنچ جائے یعنی تمہارے گرد گھیرا ڈال لے تو اس پر تیر برساؤ اپنے تیروں میں سے کچھ (بطور احتیاط) بچا رکھو"

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۳۲۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## دوران جہاد جاسوسی

عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: "مَنْ يَّأْتِيْنِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ يَوْمَ الاَحْزَابِ" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: اَنَا ثُمَّ قَالَ: "مَنْ يَّأْتِيْنِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: اَنَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ "اَنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَّحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (قریش کے ساتھ تمام قبائل عرب کی مسلمانوں پر چڑھائی اور ادھر جب بنی قریظہ کے بھی عہد شکنی کرنے پر) غزوہ احزاب کے دن پوچھا "مجھے بنی قریظہ کے معاملے کی خبر کون لا کر دے گا"؟ حضرت زبیرؓ نے کہا اے اللہ کے رسولؐ! میں۔ پھر (جنگ میں تیزی آنے پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک دفعہ پھر) پوچھا "مجھے بنی قریظہ کی خبر کون لا کر دے گا"؟ (پھر بھی) حضرت زبیرؓ نے جواب دیا میں۔ اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہر نبی کا (اصحاب میں سے) حواری (جانثار مددگار ہوتا) ہے اور میرا حواری زبیرؓ ہے"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۴۶) نے روایت کی ہے)

## حرب (لڑائی) حیلہ ہے

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: "اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "حرب (لڑائی) حیلہ (سے عبارت) ہے"۔

(یہ حدیث مسلم (۱/۱۸) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

## کعب بن اشرف (یہودی) کا قتل کروانا

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : " مَنْ لِکَعْبِ بْنِ الْاَشْرَفِ فَاِنَّہٗ قَدْ آذَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ " فَقَامَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَۃَ .فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! اَتُحِبُّ اَنْ اَقْتُلَہٗ .قَالَ: " نَعَمْ " قَالَ :فَأْذَنْ لِی اَنْ اَقُوْلَ شَیْئاً .قَالَ :" قُلْ " فَاَتَاہُ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلَمَۃَ فَقَالَ : اِنَّ ھٰذَا الرَّجُلَ قَدْ سَاَلَنَا صَدَقَۃً وَاِنَّہٗ قَدْ عَنَّانَا وَ اِنِّی قَدْ اَتَیْتُکَ اَسْتَسْلِفُکَ . قَالَ :وَاَیْضًا وَاللّٰہِ لَتَمَلُّنَّہٗ..قَالَ : اِنَّا قَدْ اتَّبَعْنَاہُ فَلاَ نُحِبُّ اَنْ نَدَعَہٗ حَتّٰی نَنْظُرَ اِلٰی اَیِّ شَیْءٍ یَصِیْرُ شَاْنُہٗ وَقَدْ اَرَدْنَا اَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا اَوْ وَسْقَیْنِ . فَقَالَ : نَعَمْ ،اَرْھَنُوْنِیْ قَالُوْا اَیُّ شَیْءٍ تُرِیْدُ .قَالَ : اَرْھَنُوْنِی نِسَائَکُمْ .قَالُوْا: کَیْفَ نَرْھَنُکَ نِسَائَنَا وَاَنْتَ اَجْمَلُ الْعَرَبِ .قَالَ :فَارْھَنُوْنِی اَبْنَاءَ کُمْ .قَالُوْا : کَیْفَ نَرْھَنُکَ اَبْنَاءَ نَا، فَیُسَبُّ اَحَدُھُمْ فَیُقَالَ رُھِنَ بِوَسْقٍ اَوْ وَسْقَیْنِ ھٰذَا عَارٌ عَلَیْنَا وَلٰکِنَّا نَرْھَنُکَ اللَّاْمَۃَ .فَوَاعَدَہٗ اَنْ یَاْتِیَہٗ .فَجَاءَ ہٗ لَیْلاً وَمَعَہٗ اَبُوْ نَائِلَۃَ وَھُوَ اَخُوْ کَعْبٍ مِنَ الرَّضَاعَۃِ .فَدَعَاھُمْ اِلَی الْحِصْنِ فَنَزَلَ اِلَیْھِمْ .فَقَالَتْ لَہٗ امْرَاَتُہٗ :اَیْنَ تَخْرُجُ ھٰذِہِ السَّاعَۃَ .فَقَالَ :اِنَّمَا ھُوَ مُحَمَّدُ ابْنُ مَسْلَمَۃَ وَاَخِی اَبُوْ نَائِلَۃَ .قَالَتْ اِنِّی اَسْمَعُ صَوْتًا کَاَنَّہٗ یَقْطُرُ مِنْہُ الدَّمُ . قَالَ اِنَّمَا ھُوَ اَخِی مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَۃَ وَرَضِیْعِی اَبُوْ نَائِلَۃَ ، اِنَّ الْکَرِیْمَ لَوْ دُعِیَ اِلٰی طَعْنَۃٍ بِلَیْلٍ لَاَجَابَ .قَالَ وَیُدْخِلُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَۃَ مَعَہٗ رَجُلَیْنِ وَفِی رِوَایَۃٍ اَبُوْ عَبْسٍ بْنُ جَبْرٍ وَالْحٰرِثُ بْنُ اَوْسٍ وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ .فَقَالَ :اِذَا مَا جَاءَ فَاِنِّی قَائِلٌ

Marfat.com

بِشَعْرِهِ فَاَشَمُّهُ. فَاِذَا رَاَیْتُمُوْنِی اسْتَمْکَنْتُ مِنْ رَاْسِهِ فَدُوْنَکُمْ فَاضْرِبُوْهُ .وَ قَالَ مَرَّةً ثُمَّ اُشِمُّکُمْ فَنَزَلَ اِلَیْهِمْ مُتَوَشِّحًا وَهُوَ یَنْفَحُ مِنْهُ رِیْحُ الطِّیْبِ .فَقَالَ :مَا رَاَیْتُ کَالْیَوْمِ رِیْحًا اَیْ اَطْیَبِ .فَقَالَ عِنْدِی اَعْطَرُ نِسَاءِ الْعَرَبِ وَاَکْمَلُ الْعَرَبِ. فَقَالَ اَتَاْذَنُ لِی اَشَمَّ رَاْسَکَ .قَالَ نَعَمْ .فَشَمَّهُ ثُمَّ اَشَمَّ اَصْحَابَهُ .ثُمَّ قَالَ اَتَاْذَنُ لِی .قَالَ نَعَمْ .فَلَمَّا اسْتَمْکَنَ مِنْهُ .قَالَ دُوْنَکُمْ ، فَقَتَلُوْهُ ثُمَّ اَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ فَاَخْبَرُوْهُ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ صحابہ سے پوچھا کہ کعب بن اشرف (کو قتل کرنے) کے لیے کون تیار ہے؟ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی ہے۔ محمد بن مسلمہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! اگر آپ چاہتے ہیں تو میں اسے قتل کر ڈالتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہاں میں چاہتا ہوں"۔ محمد بن مسلمہؓ نے کہا تو پھر مجھے اجازت دیجئے کہ (اس کو خوش کرنے کے لیے آپؐ کے خلاف) کچھ کہہ سکوں۔ آپؐ نے فرمایا "جو چاہو کہہ سکتے ہو" اس پر محمد بن مسلمہؓ کعب کے پاس آکر یوں کہنے لگے: اس آدمی (یعنی رسول اللہ) نے ہم سے صدقہ چاہا اور ہم پر ناقابل برداشت بوجھ ڈالا ہے میں آپ سے قابل ادا کوئی چیز لینے آیا ہوں! کعب نے بات بڑھاتے ہوئے محمد بن مسلمہؓ کی طرح کہا بالکل صحیح اس نے تمہارا بوجھ اور بڑھا دیا ہے۔ محمد ابن مسلمہ نے کہا (کیا کریں) ایک بار اس کی اتباع کر چکے ہیں اس لئے چھوڑنا بھی نہیں چاہتے دیکھیں گے اس کا انجام کیا ہوتا ہے اب ہم آپ سے ایک وسق (اونٹ کا بوجھ) یا دو وسق ادھار (کھجوریں) لینا چاہتے ہیں اس پر کعب نے کہا: ٹھیک ہے تم میرے پاس

Marfat.com

رہن رکھو محمد بن مسلمہؓ نے پوچھا رہن کے طور پر آپ کیا چاہتے ہیں؟ کعب نے کہا تمہاری عورتیں. انہوں نے کہا: اپنی عورتیں تمہارے پاس کیسے رہن رکھ سکتے ہیں؟ تم عرب کے سب سے حسین آدمی ہو۔ (عورتیں تمہیں دل دے بیٹھیں گیں) کعب نے کہا تو پھر اپنے بچے رہن رکھ دو۔ انہوں نے کہا اپنے بچے تمہارے پاس کیسے رہن رکھ دیں؟ (کل کلاں) ہر کوئی انہیں طعنہ دے گا یہ ہیں وہ جو ایک یا دو وسق (کھجور) کے بدلے رہن رکھے گئے. یہ ہمارے لیے عار ہے. لیکن ہم اپنی ذرہ رہن رکھ سکتے ہیں۔ (کعب نے موافقت کرتے ہوئے) اپنے پاس آنے کے بارے محمد بن مسلمہؓ سے وقت طے کیا محمد بن مسلمہؓ ایک رات کعب کے پاس آئے (قلعے کے باہر سے اسے آواز دی) (کعب نے) اپنے پاس قلعے میں آنے کی دعوت دی اور مہمانوں کے استقبال کے لیے نیچے اترا۔ کعب کی بیوی نے اسے کہا: اس وقت کہاں جارہے ہو؟ اس اعتراض پر کعب نے کہا اس آواز دینے والے محمد بن مسلمہؓ کے ساتھ میرا رضاعی بھائی ابو نائلہ ہے بیوی نے کہا: میں نے جو آواز سنی ہے اس میں سے خون کے قطرے گر رہے ہیں۔ کعب نے کہا۔ وہ محمد بن مسلمہ ہے اور اس کے ساتھ میرا رضاعی بھائی ابو نائلہ ہے نیز کہا کہ ایک (کریم النفس سردار نوجوان) کو اگر رات کی تاریکی میں نیزے کی ضرب پر بلایا جائے تو وہ ضرور پہنچتا ہے۔ محمد بن مسلمہؓ نے اپنے ساتھ دو آدمی قلعے میں داخل کیے ایک روایت کے مطابق یہ ابو عبسؓ بن جبر، حارث ابن اوس عباد ابن بشر (یوں تین) ہیں محمد ابن مسلمہ ان ساتھیوں کو (پہلے) یوں حکم دیا: کعب کے آنے پر پہلے میں اس کے سر کے بالوں کو پکڑ کر سونگھوں گا. جب تم دیکھو کہ میں نے کعب کا سر خوب مضبوطی سے قابو کر لیا ہے تو فوراً اپنی تلواریں نکال کر اس کا سر اڑا دینا

Marfat.com

(حدیث کے راوی عمرو ابن دینار) نے ابن مسلمۃ کے ساتھیوں کے بارے بتایا کہ ایک دفعہ انہیں بھی کعب کا سر سونگھنے کا حکم تھا۔ اب کعب بن اشرف قیمتی لباس اور سج دھج کے ساتھ قیمتی خوشبو سے بالوں کو آراستہ کر کے مہمانوں کے پاس نیچے اترا اس پر ابن مسلمۃؓ یوں کہتے ہوئے قریب آئے (کیا کہنے، کس قدر عمدہ یہ خوشبو ہے) آج جیسی عمدہ خوشبو (عمر بھر) کبھی نہیں سونگھی۔ کعب نے کہا۔ (تمہارا کیا خیال ہے) عرب کی سب سے قابل تعریف اور سب سے خوبصورت عورتوں کے ساتھ رہتا ہوں۔ محمد بن مسلمۃؓ نے کہا: اپنے سر، اپنے بالوں کو سونگھنے کی اجازت دیتے ہو؟ کعب نے کہا: ہاں اجازت ہے محمد ابن مسلمۃؓ نے خود سونگھا پھر ساتھیوں کو سونگھایا پھر کہنے لگے مجھے ایک بار پھر سونگھنے کی اجازت ہے؟ کعب نے کہا ہاں: اس دفعہ بن مسلمۃؓ نے کعب ابن اشرف کے سر کو خوب قابو کیا اور ساتھیوں سے کہا: ہاں بھئی اپنا کام تمام کرو! انہوں نے (فوراً) تلوار سے گردن اڑا دی۔ اس طرح کعب بن اشرف مارا گیا پھر انہوں نے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے پاس آکر (اس کاروائی کی) خبر دی۔

(یہ حدیث بخاری (۴۰۳۷) نے روایت کی ہے)

## ابو رافع نامی یہودی کو قتل کروانا

عَنِ الْبَرَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی اَبِی رَافِعِ الْیَہُوْدِیِّ رِجَالاً مِنَ الْاَنْصَارِ فَاَمَّرَ عَلَیْہِمْ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عَتِیْکٍ وَکَانَ اَبُوْ رَافِعٍ یُؤْذِیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَیُعِیْنُ عَلَیْہِ وَکَانَ فِیْ حِصْنٍ لَہٗ بِاَرْضِ الْحِجَازِ فَلَمَّا دَنَوْا مِنْہُ وَقَدْ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَرَاحَ النَّاسُ بِسَرْحِہِمْ فَقَالَ عَبْدُاللّٰہِ

Marfat.com

لأَصْحَابِهِ اجْلِسُوْا مَكَانَكُمْ فَإِنِّى مُنْطَلِقٌ وَمُتَلَطِّفٌ لِلْبَوَّابِ لَعَلِّى اَنْ اَدْخُلَ فَأَقْبَلَ حَتّٰى دَنَا مِنَ الْبَابِ .ثُمَّ تَقَنَّعَ بِثَوْبِهِ كَأَنَّهُ يَقْضِى حَاجَةً .وَقَدْ دَخَلَ السَّاسُ فَهَتَفَ بِهِ الْبَوَّابُ يَا عَبْدَاللهِ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ اَنْ تَدْخُلَ فَادْخُلْ فَإِنِّى اُرِيْدُ اَنْ اُغْلِقَ الْبَابَ فَدَخَلْتُ فَمَكَنْتُ .فَلَمَّا دَخَلَ النَّاسُ اَغْلَقَ الْبَابَ ثُمَّ عَلَّقَ الاَغَالِيْقَ عَلٰى وَتِدٍ . قَالَ فَقُمْتُ اِلَى الاَغَالِيْقِ فَاَخَذْتُهَا . فَفَتَحْتُ الْبَابَ وَكَانَ اَبُو رَافِعٍ يُسْمَرُ عِنْدَهُ وَكَانَ فِى عَلَالِىَّ لَهُ . فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْهُ اَهْلُ سَمَرِهِ صَعِدْتُ اِلَيْهِ فَجَعَلْتُ كُلَّمَا فَتَحْتُ بَابًا اَغْلَقْتُ عَلَىَّ مِنْ دَاخِلٍ قُلْتُ اِنِ الْقَوْمُ نَذِرُوْا بِى لَمْ يَخْلُصُوْا اِلَىَّ حَتّٰى اَقْتُلَهُ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ فِى بَيْتٍ مُظْلِمٍ وَسْطَ عِيَالِهِ لاَ اَدْرِى اَيْنَ هُوَ مِنَ الْبَيْتِ فَقُلْتُ اَبَا رَافِعٍ ؟ فَقَالَ مَنْ هٰذَا ؟ فَاَهْوَيْتُ نَحْوَا الصَّوْتِ فَاَضْرِبُهُ ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ وَاَنَا دَاهِشٌ . فَمَا اَغْنَيْتُ شَيْأً وَصَاحَ فَخَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ فَاَمْكُثُ غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ دَخَلْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ مَا هٰذَا الصَّوْتُ يَا اَبَا رَافِعٍ ؟ فَقَالَ لأُمِّكَ الْوَيْلُ اِنَّ رَجُلاً فِى الْبَيْتِ ضَرَبَنِى قَبْلُ بِالسَّيْفِ . قَالَ فَضَرَبْتُهُ ضَرْبَةً اَثْخَنَتْهُ وَلَمْ اَقْتُلْهُ ثُمَّ وَضَعْتُ ظُبَةَ السَّيْفِ فِى بَطْنِهِ حَتّٰى اَخَذَ فِى ظَهْرِهِ . فَعَرَفْتُ اَنِّى قَتَلْتُهُ فَجَعَلْتُ اَفْتَحُ الاَبْوَابَ بَابًا بَابًا حَتّٰى اِنْتَهَيْتُ اِلَى دَرَجَةٍ لَهُ فَوَضَعْتُ رِجْلِى وَاَنَا اَرَى اَنِّى قَدْ اِنْتَهَيْتُ اِلَى الاَرْضِ فَوَقَعْتُ فِى لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ فَانْكَسَرَتْ سَاقِى فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ عَلَى الْبَابِ فَقُلْتُ لاَ اَخْرُجُ اللَّيْلَةَ حَتّٰى اَعْلَمُ اَقْتَلْتُهُ فَلَمَّا صَاحَ الدِّيْكُ قَامَ النَّاعِى عَلَى السُّوْرِ فَقَالَ اَنْعَى اَبَا رَافِعٍ تَاجِرَ اَهْلِ الْحِجَازِ . فَانْطَلَقْتُ اِلَى اَصْحَابِى فَقُلْتُ النَّجَاءَ فَقَدْ

Marfat.com

قَتَلَ اللّٰہُ اَبَا رَافِعٍ . فَانْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ لِي ابْسُطْ رِجْلَكَ فَبَسَطْتُ رِجْلِي فَمَسَحَهَا فَكَاَنَّهَا لَمْ اَشْتَكِهَا قَطُّ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند انصاریوں کو حضرت عبداللہؓ بن عتیک کی زیر امارت ابو رافع یہودی کی طرف (قتل کی غرض سے) بھیجا۔ ابو رافع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچاتا تھا اور آپؐ کے خلاف (ہر کاروائی میں مالی) مدد کرتا تھا۔ یہ (مالدار یہودی) سرزمین حجاز میں ایک ذاتی (مضبوط) قلعہ میں رہتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عتیکؓ جب ساتھیوں کے ساتھ قلعہ کے قریب پہنچے تو سورج غروب ہو چکا تھا۔ بستی کے لوگ بھی (اونٹ، گائے اور بھیڑ بکری جیسے) جانوروں کو چراگاہوں سے واپس لا رہے تھے۔ اس صورت حال میں حضرت عبداللہ بن عتیکؓ نے ساتھیوں سے کہا:

'تم لوگ اپنی جگہ پر بیٹھو، میں (ابو رافع کے قلعہ میں) جاتا ہوں۔ اور (قلعے کے) دربان سے لطف و عنایت کی راہ پاتا ہوں۔ یوں میں قلعے میں داخل ہونے کی امید رکھتا ہوں، اور قلعے کے دروازے کی طرف چلے حتی کہ قریب ہو گئے۔ پھر (اپنے آپ کو چھپانے کی غرض سے) یوں کپڑے اوڑھ لیے جیسے کوئی قضائے حاجت پوری کر رہا ہو۔ آخر تمام لوگ قلعے میں داخل ہو گئے۔ اس وقت قلعے کے دربان نے آواز لگائی:

اے اللہ کے بندے! اگر قلعہ میں داخل ہونا چاہتے ہو تو فوراً داخل ہو جاؤ۔ کیونکہ میں دروازہ بند کرنا چاہتا ہوں۔ میں (عبداللہ) فوراً داخل ہو گیا۔ اور (خچر کے اصطبل میں) اپنے آپ کو چھپالیا۔ لوگوں کے قلعہ میں داخل ہو جانے

Marfat.com

کی بناء پر دربان نے دروازے کو تالہ لگادیا۔ اور چابیاں ایک کیل (کھونٹی) پر لٹکا دیں۔ حضرت عبداللہ بن عتیکؓ کہتے ہیں کہ: (دربان کے سونے کے بعد) میں اٹھا ،چابیاں لے کر دروازہ کھولا۔ ابورافع کے پاس شام کے بعد رات کی مجلس ہوا کرتی تھی۔ اور یہ مجلس قلعہ کی بالائی منزل پر ہوا کرتی تھی۔

اس رات مجلس ختم ہونے اور احباب ابورافع کے وہاں سے جانے کے ساتھ میں اس کے پاس پہنچ گیا اور ہر دروازے کو کھول کر پھر اندر کی طرف سے بند کرلیتا میں نے سوچا تھا کہ اگر ابورافع کے آدمیوں کو میری خبر ہوگئی تو مجھے ابو رافع کو قتل کرنے کی فرصت نہیں دیں گے (اس لیے رکاوٹ کی غرض سے دروازے اندر سے بند کرلیے) اس طرح کرتے کرتے میں ابورافع کے سونے والے کمرے تک جا پہنچا وہ ایک تاریک کمرے میں اہل خانہ کے درمیان (سویا ہوا) تھا۔ وہ کمرے میں کہاں ہے میں نہ جان سکا یہ جاننے کے لیے میں نے آواز دی: ابورافع۔ کون ہے؟ اس نے جواب دیا۔ میں فوراً آواز کی طرف لپکا اور تلوار کا پہلا وار کرڈالا لیکن میں دہشت زدہ تھا اور کوئی کام نظر نہ آیا (یعنی اسے قتل نہ کر سکا)۔ وہ (ابو رافع) چلایا۔ میں فوراً کمرے سے باہر نکل گیا اور تھوڑی دیر انتظار کرنے کے بعد (دوبارہ) کمرے میں گیا اور (اپنی آواز کو تبدیل کرتے ہوئے) کہا: اے ابورافع یہ کیا فریاد تھی؟ تیری ماں کا ستیاناس ہو! تیرے آواز دینے سے پہلے کسی نے یہاں کمرے میں میرے اوپر تلوار سے وار کیا ہے حضرت عبداللہ بن عتیک کہتے ہیں کہ میں نے مزید ایک وار کیا خوب زخمی کیا لیکن اب بھی قتل نہ کر پایا پھر تلوار کی نوک کو اس کے پیٹ پر دبایا حتی کہ ابورافع کے پار ہوگئی۔ اب میں جان گیا کہ دشمن ٹھکانے لگ گیا ہے اس کے بعد فوراً ایک ایک کرکے دروازے

Marfat.com

کھولنے شروع کردیے اور قلعے کی سیڑھیوں کے آخر پر پہنچ گیا یہاں اس خیال سے کہ زمین آگئی ہے قدم رکھا (لیکن ابھی زمین نہ آنے کی وجہ سے) سیڑھی سے گر گیا اور پنڈلی ٹوٹ گئی جبکہ چاندنی بھی چٹک رہی تھی فوراً عمامے میں ٹوٹی ہوئی پنڈلی کو باندھا اور چل دیا دروازے پر پہنچ کر بیٹھ گیا اور اپنے آپ سے کہا اس کے مرنے یا نہ مرنے کی صحیح خبر جاننے تک اس رات اس قلعے سے نہیں نکلوں گا مرغ کی اذان کے ساتھ ہی وفات کا اعلان کرنے والے نے قلعے کی دیوار پر کھڑے ہو کر اعلان کیا۔ سوداگرِ حجاز ابو رافع مارا گیا۔ یہ سنتے ہی میں وہاں سے اپنے ساتھیوں کے پاس نکل آیا اور انہیں خوشخبری دی الحمد للہ! ابو رافع مارا گیا (اور اب چلو) بالآخر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا آپ کو سارا واقعہ عرض کیا (میرے پاؤں کی چوٹ کا سن کر آپؐ نے) مجھے فرمایا: اس کو پھیلاؤ میں نے پاؤں پھیلا دیا آپؐ نے دست مبارک پھیرا اور پاؤں یوں ہو گیا جیسے کبھی تکلیف ہوئی ہی نہ تھی۔

(یہ حدیث بخاری (۴۰۳۹) نے روایت کی ہے)

## اگر جہاد اللہ کی رضا کے لیے نہ ہو تو......

قَالَ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو، یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَخْبِرْنِی عَنِ الْجِھَادِ وَالْغَزْوِ. فَقَالَ: " یَا عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو! اِنْ قَاتَلْتَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا بَعَثَکَ اللّٰہُ صَابِرًا وَ اِنْ قَاتَلْتَ مُرَائِیًا مُکَاثِرًا بَعَثَکَ اللّٰہُ مُرَائِیًا مُکَاثِرًا یَا عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو، عَلٰی اَیِّ حَالٍ قَاتَلْتَ اَوْ قُتِلْتَ بَعَثَکَ اللّٰہُ عَلٰی تِلْکَ الْحَالِ"

حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم سے عرض کیا کہ مجھے جہاد اور غزوہ کے بارے خبر دیجئے۔ آپ نے فرمایا:
اے عبداللہ بن عمرو، اگر صبر کرتے اور اللہ سے ثواب کی امید رکھتے ہوئے جہاد کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں صبر کرنے والے کی طرح (ثواب میں) اٹھائے گا اگر ریا کاری اور مال جمع کرنے والا بن کر جہاد کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں ریاکار اور مال اکٹھا کرنے والے کی طرح (جزا کے ساتھ) اٹھائے گا اے عبداللہ بن عمرو! جس حال میں تم نے جہاد کیا یا قتل ہوئے اللہ تعالیٰ تمہیں اسی حالت پر دوبارہ اٹھائے گا"

## اللہ کی رضا کی بجائے طلب دنیا کے لیے کردہ جہاد

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ :یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ!رَجُلٌ یُرِیْدُ الْجِهَادَ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ وَهُوَ یَبْتَغِی عَرَضًا مِنْ عَرَضِ الدُّنْیَا .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ :" لاَ اَجْرَلَہٗ "فَاَعْظَمَ ذٰلِكَ النَّاسُ وَقَالُوْا لِلرَّجُلِ :عُدْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَلَعَلَّكَ لَمْ تُفْهِمْہُ فَقَالَ :یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ !رَجُلٌ یُرِیْدُ الْجِهَادَ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ وَهُوَ یَبْتَغِی عَرَضًا مِنْ عَرَضِ الدُّنْیَا فَقَالَ :"لاَ اَجْرَ لَہٗ " .فَقَالُوا لِلرَّجُلِ : عُدْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ .فَقَالَ لَہُ الثَّالِثَةَ ، فَقَالَ لَہٗ: " لاَ اَجْرَ لَہٗ "

ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا ایک آدمی اللہ کی راہ میں جہاد (شمار) کرتا ہے حالانکہ وہ دینا کے مال میں سے کچھ مال چاہتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"اس کے لیے کوئی ثواب نہیں ہے"لوگوں کو یہ بات بھاری دکھلائی دی اور اس آدمی سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

سے دوبارہ سوال کرو شاید تم سمجھ نہیں پائے اس آدمی نے پھر آپؐ سے پوچھا کہ ایک آدمی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا چاہتا ہے اور اس کا مقصود مال دنیا حاصل کرنا ہے آپؐ نے فرمایا "اس کے لیے کوئی اجر نہیں" (لوگوں کو یہ بات بھاری نظر آئی) اور اس آدمی سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر دریافت کرو وہ تیسری دفعہ عرض گذار ہوا تو (پھر) آپؐ نے فرمایا "اس کے لیے کوئی اجر نہیں ہے"

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۱۹۶) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## لڑائی میں بچوں اور عورتوں کا معاملہ

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: نَزَلَ اَھْلُ قُرَیْظَۃَ عَلٰی حُکْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاَرْسَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِلٰی سَعْدٍ فَاَتٰی عَلٰی حِمَارٍ، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ لِلْاَنْصَارِ: " قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ" ثُمَّ قَالَ: " ھٰؤُلَآءِ نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِکَ، فَقَالَ: " تَقْتُلُ مُقَاتِلَتَھُمْ وَتَسْبِی ذَرَارِیَّھُمْ، قَالَ: " قَضَیْتَ بِحُکْمِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَرُبَّمَا قَالَ بِحُکْمِ الْمَلِکِ".

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ قریظہ کے لوگ حضرت سعد بن معاذؓ کے فیصلے کو تسلیم کرنے پر تیار ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعدؓ کو بلا بھیجا حضرت سعدؓ ایک گدھے پر سوار ہو کر آئے مسجد کے قریب پہنچنے پر آپؐ نے انصار سے کہا: "اٹھو اپنے سردار کا استقبال کرو" پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعدؓ سے فرمایا "یہ (بنی قریظہ) تمہارے فیصلے پر راضی ہیں"۔ حضرت سعدؓ نے حکم دیا ان کے لڑائی کرنے والے (جوانوں) کو

Marfat.com

قتل، عورتوں اور بچوں کو قید کر لیا جائے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا "تم نے اللہ عزوجل کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے" (راوی نے) کئی ایک بار (اللہ کے حکم کی بجائے) بادشاہ کی مرضی کے بموجب کہا۔

(یہ حدیث بخاری (۴۱۲۱) نے روایت کی ہے)

## غزوہ احزاب

عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّمِيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ ، قَالَ : كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَقَالَ رَجُلٌ : لَوْ اَدْرَكْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَاتَلْتُ مَعَهُ وَاَبْلَيْتُ ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ : اَنْتَ كُنْتَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ ؟ لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ لَيْلَةَ الاَحْزَابِ وَاَخَذَتْنَا رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ وَقُرٌّ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ " اَلاَ رَجُلٌ يَّاْتِيْنِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ "فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ . ثُمَّ قَالَ " اَلاَ رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ ، جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ؟" فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ .فَقَالَ " قُمْ يَا حُذَيْفَةُ ! فَاْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ " فَلَمْ اَجِدْ بُدًّا ، اِذْ دَعَانِي بِاِسْمِي ، اَنْ اَقُوْمَ . قَالَ : "اِذْهَبْ فَاْتِنِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَلاَ تَذْعَرْهُمْ عَلَيَّ ". فَلَمَّا وَلَّيْتُ مِنْ عِنْدِهِ جَعَلْتُ كَاَنَّمَا اَمْشِي فِي حَمَّامٍ . حَتّٰى اَتَيْتُهُمْ فَرَاَيْتُ اَبَا سُفْيَانَ يَصْلِي ظَهْرَهُ بِالنَّارِ فَوَضَعْتُ سَهْمًا فِي كَبِدِ الْقَوْسِ .فَاَرَدْتُ اَنْ اَرْمِيَهُ . فَذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ "وَلاَ

Marfat.com

تَذْعَرْهُمْ عَلَيَّ " وَلَوْ رَمَيْتُهُ لَاَصَبْتُهُ . فَرَجَعْتُ وَاَنَا اَمْشِي فِي مِثْلِ الْحَمَّامِ . فَلَمَّا اَتَيْتُهُ فَاَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِ الْقَوْمِ ،وَفَرَغْتُ،قُرِرْتُ . فَاَلْبَسَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ فَضْلِ عَبَاءَةٍ كَانَتْ عَلَيْهِ يُصَلِّي فِيْهَا . فَلَمْ اَزَلْ نَائِمًا حَتّٰى اَصْبَحْتُ فَلَمَّا اَصْبَحْتُ قَالَ :"قُمْ يَانَوْمَانُ!"

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک آدمی نے کہا اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پاتا تو آپؐ کے ساتھ جہاد کرتا اور اپنے جوہر دکھاتا۔ اس پر حضرت حذیفہؓ نے یوں فرمایا: (کیا) تو ایسا کرتا؟ بے شک میں نے اپنے آپ کو غزوہ احزاب کی رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پایا۔ تیز ہوا اور سردی نے ہمیں آن دبوچا اس حال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجھے اس قوم کی خبر لا کے دینے والا کوئی آدمی نہیں ہے؟ اللہ قیامت کے دن اس کا حشر میرے ساتھ کرے گا" ہم خاموش رہے آپ کو ہم سے کسی نے جواب نہ دیا۔ پھر (دوبارہ) آپؐ نے فرمایا:

مجھے اس قوم کی خبر لا کر دینے والا کوئی آدمی (بھی) نہیں ہے؟ اللہ اس کا حشر میرے ساتھ کرے گا" ہم (پھر بھی) خاموش رہے۔ آپ کو ہم میں سے کسی ایک نے جواب نہ دیا۔ پھر (سہ بار) آپؐ نے فرمایا:

"ہمیں اس قوم کی خبر لا کے دینے والا کوئی آدمی (بھی) نہیں ہے؟ اللہ قیامت کے روز اس کا حشر میرے ساتھ کرے گا" ہم (پھر بھی) خاموش رہے آپ کو ہم سے کسی ایک نے بھی جواب نہ دیا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا "اے حذیفہ اٹھ! ہمیں اس (دشمن) قوم کی خبر لا کر دے!" میں نے کوئی چارہ نہ پایا، کیونکہ (آپؐ نے) میرے نام کے ساتھ کے مجھے بلایا تھا" جاؤ اور اس قوم کی خبر مجھے لا

Marfat.com

کردو! لیکن ان کو اپنے خلاف نہ اکسانا"

آپؐ کے پاس سے نکلتے ہوئے یوں گرمی محسوس ہو رہی تھی جیسے آدمی حمام میں چل رہا ہو۔ آخر دشمن کے پاس پہنچا۔ میں نے دیکھا کہ، ابو سفیان اپنی کمر کو آگ سے سینک رہا ہے۔ میں نے فوراً تیر کمان پر چڑھایا اور اس پر مارنے کا قصد کیا۔ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات یاد آگئی کہ "ان کو اپنے خلاف غصہ میں نہ لانا" تاہم اگر میں تیر پھینکتا تو اسے ضرور لگتا۔ پھر میں پلٹا اور اب بھی حمام میں چلنے کی طرح گرمی محسوس ہو رہی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ کر دشمن کی خبر پہنچا دینے کے بعد سردی محسوس ہوئی۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کمبل، کہ جسے آپؐ اوڑھ کر نماز پڑھتے تھے، اوڑھا دیا۔ اور میں صبح تک سوتا رہا صبح کے وقت آپؐ نے فرمایا

"اے خوب سونے والے اٹھ!"

(یہ حدیث مسلم (۱/۹۹) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

Marfat.com

# صلۂ جہاد

کے بارے

# آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ

Marfat.com

Marfat.com

# جہاد کرنے کا صلہ بیان کرنے والی آیات قرآنیہ

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ﴿﴾ [۲:البقرة:۱۵۴]

اللہ کی راہ کے شہیدوں کو مردہ مت کہو وہ زندہ ہیں لیکن تم نہیں سمجھتے۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَ سَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۴۵]

بغیر اللہ تعالی کے حکم کے کوئی جاندار نہیں مر سکتا مقرر شدہ وقت لکھا ہوا ہے۔ دنیا کی چاہت والوں کو ہم کچھ دنیا دیتے ہیں اور آخرت کا ثواب چاہنے والوں کو ہم وہ بھی دیں گے اور احسان ماننے والوں کو ہم بہت جلد نیک بدلہ دیں گے۔

فَاٰتٰهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۴۸]

اللہ تعالی نے انہیں دنیا کا ثواب بھی دیا اور آخرت کے ثواب کی خوبی بھی عطا فرمائی اور اللہ تعالی نیک لوگوں کو دوست رکھتا ہے۔

وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۵۷]

قسم ہے اگر اللہ کی راہ میں شہید کیے جاؤ یا اپنی موت مرو۔ بے شک اللہ تعالی کی بخشش ورحمت اس سے بہتر ہے جسے یہ جمع کر رہے ہیں۔

Marfat.com

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ۟لَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۵۸]

بالیقین خواہ تم مر جاؤ یا مار ڈالے جاؤ جمع تو اللہ تعالی کی طرف ہی کیے جاؤ گے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴿﴾فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰـهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۶۹۔۱۷۰]

جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید کیے گئے ہیں ان کو ہر گز مردہ نہ سمجھیں بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزیاں دیے جاتے ہیں اللہ تعالی نے اپنا فضل انہیں دے رکھا ہے اس سے بہت خوش ہیں اور خوشیاں منا رہے ہیں۔ ان لوگوں کی بابت جو اب تک ان سے نہیں ملے انکے پیچھے ہیں یوں کے ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۷۱]

وہ خوش ہوتے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل سے اور اس سے بھی کہ اللہ تعالی ایمان والوں کے اجر کو برباد نہیں کرتا۔

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۷۲]

Marfat.com

لوگوں نے اللہ اور رسول کے حکم کو قبول کیا اس کے بعد کہ انہیں پورے زخم لگ چکے تھے ان میں سے جنہوں نے نیکی کی اور پرہیز گاری برتی ان کے لیے بڑا بھاری اجر ہے۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۷۳]

وہ لوگ کہ جب ان سے لوگوں نے کہا کہ کافروں نے تمھارے مقابلے پر لشکر جمع کر لیے ہیں تم ان سے خوف کھاؤ تو اس بات نے انہیں ایمان میں اور بڑھا دیا اور کہنے لگے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے۔

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۷۴]

نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ کی نعمت و فضل کے ساتھ یہ لوٹے انہیں کوئی برائی نہ پہنچی انہوں نے اللہ کی رضامندی کی پیروی کی، اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِيْلِیْ وَقَاتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۹۵]

Marfat.com

پس ان کے رب نے انکی دعا قبول فرمائی کہ تم میں سے کسی کام کرنے والے کے کام کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت میں ہرگز ضائع نہیں کرتا تم آپس میں ایک ہی ہو اس لیے وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکال دیے گئے اور جنہیں میری راہ میں ایذا دی گئی اور جنہوں نے جہاد کیا اور شہید کیے گئے میں ضرور ان کی برائیاں ان سے دور کر دوں گا اور بالیقین انہیں جنتوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں یہ ہے ثواب اللہ تعالی کی طرف سے اور اللہ تعالی ہی کے پاس بہترین ثواب ہے۔

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِى الْبِلَادِ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۹۶]

تجھے کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا فریب میں نہ ڈال دے۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۹۷]

یہ تو بہت ہی تھوڑا فائدہ ہے اس کے بعد ان کا ٹھکانا تو جہنم ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ﴿﴾

[۳:آل عمران:۱۹۸]

لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں چلتی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ مہمانی ہے اللہ کی طرف سے اور

Marfat.com

نیک کاروں کے لیے جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ وہ بہت ہی بہتر ہے۔

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا﴿﴾

[٤:النساء:٧٤]

پس جو لوگ دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے بیچ چکے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا چاہیے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے شہادت پائے یا غالب آجائے یقیناً ہم اسے بہت بڑا ثواب عنایت فرمائیں گے۔

وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴿﴾ [٨:الانفال:٤١]

جان لو کہ تم جس قسم کی جو کچھ غنیمت حاصل کرو اس میں سے پانچواں حصہ تو اللہ کا ہے اور رسول کا اور قرابت داروں کا اور یتیموں کا اور مسکینوں کا اور راہ چلتے مسافروں کا اگر تم ایمان لائے ہو اور اس چیز پر جو ہم نے اپنے بندے پر اسی دن اتارا ہے۔ جو دن حق و باطل کی جدائی کا تھا جس دن دو فوجیں بھڑ گئی تھیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ﴿﴾

[٨:الانفال:٧٤]

Marfat.com

اور جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے جگہ دی اور مدد پہنچائی یہی لوگ سچے مومن ہیں ان کے لیے بخشش ہے اور عزت کی روزی ہے۔

اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَاُولٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ ﴿﴾

[۹:التوبة:۲۰]

جو لوگ ایمان لائے ہجرت کی اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کیا وہ اللہ کے ہاں بہت بڑے مرتبہ والے ہیں اور یہی لوگ مراد پانے والے ہیں۔

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿﴾ [۹:التوبة:۲۱]

انہیں ان کا رب خوشخبری دیتا ہے اپنی رحمت کی اور رضامندی کی اور جنتوں کی اور ان کے لیے وہاں دائمی نعمت ہے۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿﴾

[۹:التوبة:۲۲]

ان میں یہ ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے بلاشبہ اللہ کے پاس بڑا اجر ہے۔

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿﴾ [۹:التوبة:۸۸]

لیکن خود رسول اور اس کے ساتھ کے ایمان والے اپنے مالوں اور جانوں

Marfat.com

سے جہاد کرتے ہیں یہی لوگ بھلائیوں والے ہیں اور یہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴿﴾ [۹:التوبة:۸۹]

انہی کے لیے اللہ نے وہ جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں ہیں جن میں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴿﴾

[۹:التوبة:۱۱۱]

بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی وہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں جس میں قتل کرتے ہیں اور قتل کیے جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ کیا گیا ہے۔ توریت میں اور انجیل میں اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے تو تم لوگ اپنی اس بیع پر جس کا تم نے معاملہ ٹھہرایا ہے۔ خوشی مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴿﴾ [۱۶:النحل:۱۱۰]

Marfat.com

جن لوگوں نے فتنوں میں ڈالے جانے کے بعد ہجرت کی پھر جہاد کیا اور صبر کا ثبوت دیا بیشک تیرا پروردگار ان باتوں کے بعد انہیں بخشنے والا اور مہربانیاں کرنے والا ہے۔

يَوْمَ تَأْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ﴿﴾ [١٦:النحل:١١١]

جس دن ہر شخص اپنی ذات کے لیے لڑتا جھگڑتا آئے گا اور ہر شخص کو اس کے کیے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور لوگوں پر مطلقاً ظلم نہ کیا جائے گا۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ﴿﴾ [٢٢:الحج:٥٨]

اور جن لوگوں نے راہ خدا میں ترک وطن کیا پھر وہ شہید کر دیے گئے یا اپنی موت مر گئے اللہ تعالیٰ انہیں بہترین روزیاں عطا کرے گا اور بے شک اللہ تعالیٰ البتہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ﴿﴾
[٢٩:العنكبوت:٦]

اور ہر ایک کوشش کرنے والا اپنے ہی بھلے کی کوشش کرتا ہے۔ ویسے تو اللہ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ﴿﴾ [٥٧:الحديد:١٠]

Marfat.com

تمہیں کیا ہو گیا ہے جو تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے دراصل آسمانوں اور زمینوں کی میراث کا مالک تنہا اللہ ہی ہے۔ تم میں سے جن لوگوں نے فتح سے پہلے فی سبیل اللہ دیا اور جہاد کیا ہے وہ دوسروں کے برابر نہیں بلکہ ان سے بہت بڑے درجے کے ہیں جنہوں نے فتح کے بعد خیراتیں دیں اور جہاد کیے ہاں بھلائی کا وعدہ تو اللہ تعالیٰ کا ان سب سے ہے جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے اللہ خبردار ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ [٦١:الصف:١٠]

اے ایمان والو! کیا میں تمہیں وہ تجارت نہ بتلاؤں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے۔

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ [٦١:الصف:١١]

تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو۔

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

[٦١:الصف:١٢]

اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور تمہیں ان جنتوں میں پہنچائے گا جس کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور صاف ستھرے گھروں جو جنت

Marfat.com

عدن میں ہونگے یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

وَاُخْرٰی تُحِبُّوْنَھَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿﴾

[الصف:۱۳]

اور ایک اور بھی ہے کہ تم اس کو پسند کرتے ہو (یعنی اللہ کی طرف سے) مدد اور فتح یابی اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ مومنین کو بشارت دیجیے۔

وَلَقَدْ نَصَرَکُمُ اللّٰہُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ فَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ﴿﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَلَنْ یَّکْفِیَکُمْ اَنْ یُّمِدَّکُمْ رَبُّکُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَةِ مُنْزَلِیْنَ ﴿﴾ بَلٰٓی اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَیَاْتُوْکُمْ مِّنْ فَوْرِھِمْ ھٰذَا یُمْدِدْکُمْ رَبُّکُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَةِ مُسَوِّمِیْنَ ﴿﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰہُ اِلَّا بُشْرٰی لَکُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُکُمْ بِهٖ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ﴿﴾ لِیَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اَوْ یَکْبِتَھُمْ فَیَنْقَلِبُوْا خَآئِبِیْنَ ﴿﴾ [۳:آل عمران:۱۲۳-۱۲۷]

جنگ بدر میں اللہ تعالی نے عین اس وقت تمہاری مدد فرمائی جبکہ تم نہایت گری ہوئی حالت میں تھے اس لیے اللہ ہی سے ڈرو (نہ کسی اور سے) تاکہ تمہیں شکر گزاری کی توفیق ہو (اور یہ شکر گزاری باعث نصرت وامداد ہو) جب آپ مومنوں کو تسلی دے رہے تھے کیا آسمان سے تین ہزار فرشتے اتار کر اللہ تعالی کا تمہاری مدد کرنا تمہیں کافی نہ ہوگا کیوں نہیں بلکہ اگر تم صبر اور پرہیزگاری کرو اور یہ لوگ اسی دم تمہارے پاس آجائیں تو تمہارا رب تمہاری امداد پانچ ہزار فرشتوں سے کرے گا جو نشان دار ہونگے۔ اور یہ تو محض تمہارے

Marfat.com

دل کی خوشی اور اطمنان قلب کے لیے ہے ورنہ مدد تو اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ جو غالب اور حکمتوں والا ہے (اس امداد الٰہی کا مقصد یہ تھا کہ اللہ) کافروں کی ایک جماعت کو کاٹ دے یا انہیں ذلیل کر ڈالے اور سارے کے سارے نامراد ہو کر واپس چلے جائیں۔

لَا يَسْتَوِى الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّ رَحْمَةً وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِىْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿﴾

[٤:النساء:٩٥-٩٧]

اپنی جانوں اور مالوں سے خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے مومن اور بغیر عذر کے بیٹھ رہنے والے مومن برابر نہیں۔ اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر اللہ تعالیٰ نے درجوں میں بہت فضیلت دے رکھی ہے۔ اور یوں تو اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو خوبی اور اچھائی کا وعدہ دیا ہے لیکن مجاہدین کو بیٹھ رہنے والوں پر بہت بڑے اجر کی فضیلت دے رکھی ہے۔ اپنی طرف سے مرتبے کی بھی اور بخشش کی بھی اور رحمت کی بھی۔ اور اللہ تعالیٰ بخشش کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ جو لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں جب فرشتے ان

Marfat.com

کی روح قبض کرتے تو پوچھتے ہیں تم کس حال میں ہو یہ جواب دیتے ہیں کہ ہم اپنی جگہ کمزور اور مغلوب تھے فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ تعالی کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم ہجرت کر جاتے یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ پہنچنے کی بری جگہ ہے۔

وَاذْكُرُوْا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴿﴾ [۸:الانفال:۲٦]

اور اس حالت کو یاد کرو جبکہ تم زمین میں قلیل تھے کمزور شمار کیے جاتے تھے اس اندیشہ میں رہتے تھے کہ تم کو لوگ نوچ کھسوٹ نہ لیں سو اللہ نے تم کو رہنے کی جگہ دی اور تم کو اپنی نصرت سے قوت دی۔ اور تم کو نفیس نفیس چیزیں عطا فرمائیں تا کہ تم شکر کرو۔

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ﴿﴾ [۸:الانفال:۹]

اس وقت کو یاد کرو جب کہ تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے پھر اللہ تعالی نے تمہاری سن لی کہ میں تم کو ایک ہزار فرشتوں سے مدد دوں گا جو سلسلہ وار چلے آئیں گے۔

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴿﴾

[٦:الانعام:۱۲۷]

ان لوگوں کے واسطے ان کے رب کے پاس سلامتی کا گھر ہے اور اللہ ان سے محبت رکھتا ہے انکے اعمال کی وجہ سے۔

Marfat.com

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴿﴾

[٤:النساء:١٠٠]

جو کوئی اللہ کی راہ میں وطن چھوڑے گا وہ زمین میں بہت سی جگہیں قیام کی بھی پائے گا اور کشادگی بھی اور جو کوئی اپنے گھر سے اللہ تعالی اور اس کے رسول کی طرف نکل کھڑا ہوا پھر اسے موت نے آپکڑا تو بھی یقیناً اس کا اجر اللہ تعالی کے ذمہ ثابت ہو گیا اور اللہ تعالی بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا﴿﴾

[٤:النساء:٦٩]

اور جو بھی اللہ تعالی اور رسول کی فرمانبرداری کرے وہ ان لوگوں کے ساتھ ہو گا جن پر اللہ تعالی نے انعام کیا ہے جیسے نبی اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ یہ بہترین رفیق ہیں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ﴿﴾

[٣:آل عمران:١٤٤]

(حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) صرف رسول ہی ہیں ان سے پہلے بھی بہت سے رسول ہو چکے ہیں کیا اگر ان کا انتقال ہو جائے یا یہ شہید ہو جائیں تو

Marfat.com

تم اسلام سے الٹے پھر جاؤ گے اور جو کوئی پھر جائے اپنی ایڑیوں پر تو ہر گز اللہ تعالی کا کچھ نہ بگڑے گا عنقریب اللہ تعالی شکر گزاروں کو نیک بدلہ دے گا۔

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًی لَّھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ﴿﴾ [۲:البقرة:۲۶۲]

جو لوگ اپنا مال اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ تو احسان جتاتے ہیں نہ ایذا دیتے ہیں ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے ان پر نہ تو کچھ خوف ہے نہ وہ اداس ہونگے۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ﴿﴾ [۲:البقرة:۱۵۴]

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے جاتے ہیں ان کی نسبت یوں بھی مت کہو کہ وہ (معمولی مردوں کی طرح) ہیں بلکہ وہ تو (ایک ممتاز حیات کے ساتھ) زندہ ہیں لیکن تم (اس حیات) کا ادراک نہیں کر سکتے۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ﴿﴾ [۲:البقرة:۱۵۳]

اے ایمان والوں صبر اور نماز سے سہارا حاصل کرو بلاشبہ حق تعالی صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں (اور نماز پڑھنے والوں کے ساتھ تو بدرجہ اولی ہیں)

اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَکُمْ مُّسْتَخْلَفِیْنَ فِیْہِ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَھُمْ اَجْرٌ کَبِیْرٌ﴿﴾ [۵۷:الحدید:۷]

Marfat.com

اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور اس مال میں سے خرچ کرو جس میں اللہ نے تمہیں دوسروں کا جانشین بنایا ہے۔ پس تم میں سے جو ایمان لائیں اور خرچ کریں انہیں بہت بڑا ثواب ملے گا۔

وَمَا لَكُمْ اَلاَّ تُنْفِقُوْا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا يَسْتَوِي مِنْكُمْ مَنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ اُولٰئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوْا وَكُلاًّ وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿﴾ مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهُ لَهُ وَلَهُ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿﴾ [٥٧:الحديد: ١٠-١١]

تمہیں کیا ہو گیا ہے جو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے دراصل آسمانوں اور زمینوں کی میراث کا مالک تنہا اللہ ہی ہے تم میں سے جن لوگوں نے فتح سے پہلے فی سبیل اللہ دیا ہے اور جہاد کیا ہے وہ دوسروں کے برابر نہیں بلکہ ان سے بہت بڑے درجے کے ہیں جنہوں نے فتح کے بعد خیراتیں دیں اور جہاد کیے ہاں بھلائی کا وعدہ تو اللہ تعالیٰ کا ان سب سے ہے جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے اللہ خبر دار ہے کوئی ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض کے طور پر دے پھر اللہ تعالیٰ اسے اس کے لیے بڑھاتا چلا جائے اور اس کا پسندیدہ اجر ثابت ہو جائے۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿﴾

[٤٧:محمد:٧]

اے ایمان والو اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا۔

Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَ تْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا﴿﴾ [۳۳:الاحزاب:۹]

اے ایمان والو اللہ تعالٰی نے جو احسان تم پر کیا اسے یاد کرو جب کہ تمہارے مقابلے کو فوجوں کی فوجیں آئیں پھر ہم نے ان پر تیز و تند آندھی اور ایسے لشکر بھیجے جنہیں تم نے دیکھا ہی نہیں اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ تعالٰی سب کو دیکھتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ﴿﴾ [۲۲:الحج:۵۸]

اور جن لوگوں نے راہ خدا میں ترک وطن کیا پھر وہ شہید کر دیے گئے یا اپنی موت مر گئے اللہ تعالٰی انہیں بہترین روزیاں عطا فرمائے گا اور بے شک اللہ تعالٰی البتہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ﴿﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ﴿﴾ [۹:التوبة:۱۴،۱۵]

ان سے تم جنگ کرو اللہ تعالٰی انہیں تمہارے ہاتھوں ذلیل و رسوا کرے گا تمہیں ان پر مدد دے گا اور مسلمانوں کے کلیجے ٹھنڈے کرے گا اور ان کے دل کا غم و غصہ دور کرے گا اور وہ جس کی طرف چاہتا ہے رحمت سے توجہ فرماتا ہے۔ اللہ جانتا بوجھتا، حکمت والا ہے۔

Marfat.com

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴿﴾

[۸:الانفال:٦٧]

نبی کے ہاتھ میں قیدی نہیں چاہییں جب تک کہ ملک میں اچھی طرح خونریزی کی جنگ نہ ہو جائے تم تو دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ کا ارادہ آخرت کا ہے اور اللہ زور آور باحکمت ہے۔

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴿﴾

[۸:الانفال:٦٩]

پس جو کچھ حلال اور پاکیزہ غنیمت تم نے حاصل کی ہے خوب کھاؤ پیو اور اللہ سے ڈرتے رہو یقیناً اللہ غفور رحیم ہے۔

وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِىْ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِىْ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ﴿﴾

[۸:الانفال:٤٤]

جب کہ اس نے بوقت ملاقات انہیں تمہاری نگاہوں میں بہت کم دکھائے اور تمہیں ان کی نگاہوں میں کم دکھائے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کام کو انجام تک پہنچادے جو کرنا ہی تھا اور سب کام اللہ ہی کی طرف پھیرے جاتے ہیں۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ

Marfat.com

وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴿﴾ [۵۸:مجادلة:۲۲]

اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والوں کو آپ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرنے والوں سے محبت رکھتے ہوئے ہرگز نہ پائیں گے گو وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے قبیلے کے عزیز ہی کیوں نہ ہوں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان لکھ دیا ہے اور جن کی تائید اپنی روح سے کی ہے اور جنہیں ان جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں آرہی ہیں جہاں یہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہے اور یہ اللہ سے خوش ہیں یہ خدائی لشکر ہے آگاہ رہو بے شک اللہ کے گروہ والے ہی کامیاب لوگ ہیں۔

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلَیْهِ وَاَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰی وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ﴿﴾ [۹:التوبة:۴۰]

اگر تم اس کی مدد نہ کرو تو اللہ ہی نے اس کی مدد کی اس وقت جبکہ اسے کافروں نے دیس سے نکال دیا تھا دو میں سے دوسرا جبکہ وہ دونوں غار میں تھے جب یہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے کہ غم نہ کر اللہ ہمارے ساتھ ہے پس جناب باری نے اپنی طرف سے تسکین اس پر نازل فرما کر ان لشکروں سے اس کی

Marfat.com

مدد کی جنہیں تم نے دیکھا بھی نہیں اس نے کافروں کی بات پست کر دی اور بلند و عزیز تو اللہ کا کلمہ ہی ہے اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِیْ مَوَاطِنَ كَثِیْرَةٍ وَّیَوْمَ حُنَیْنٍ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَیْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَیْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّیْتُمْ مُّدْبِرِیْنَ ﴿﴾ [۹:التوبة:۲۵]

یقیناً اللہ نے بہت سے میدانوں میں تمہیں فتح دی ہے اور حنین کی لڑائی والے دن بھی جب کہ تمہیں اپنی کثرت پر ناز ہو گیا تھا لیکن اس نے تمہیں کوئی فائدہ نہ دیا بلکہ زمین باوجود اپنی کشادگی کے تم پر تنگ ہو گئی پھر تم پیٹھ موڑ کر پھر گئے۔

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿﴾ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا یَشَآءُ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿﴾ [۲:البقرة:۲۵۰-۲۵۱]

جب ان کا جالوت اور اس کے لشکر سے مقابلہ ہوا تو انہوں نے دعا مانگی کہ اے پروردگار ہمیں صبر دے ثابت قدمی دے اور قوم کفار پر ہماری مدد فرما چنانچہ اللہ تعالی کے حکم سے انہوں نے جالوتیوں کو شکست دے دی اور حضرت داؤد کے ہاتھوں جالوت قتل ہوا اور اللہ تعالی نے داؤد کو مملکت و حکمت اور جتنا چاہا علم بھی عطا فرمایا اگر اللہ تعالی بعض لوگوں کو بعض لوگوں سے دفع نہ کرتا تو زمین

Marfat.com

میں فساد پھیل جاتا لیکن اللہ تعالیٰ دنیا والوں پر بڑا فضل وکرم کرنے والا ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِى نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَؤُفٌۢ بِالْعِبَادِ﴿۲۰۷﴾ [۲:۱ البقرة:۲۰۷]

اور بعض لوگ وہ بھی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی طلب میں اپنی جان تک بیچ ڈالتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑی شفقت کرنے والا ہے۔

Marfat.com

# جہاد کا صلہ بیان کرنے والی احادیث صحیحہ

## جہاد کی فضیلت

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: "خَیْرُ مَعَایِشِ النَّاسِ لَهُمْ، رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَیَطِیْرُ عَلٰی مَتْنِهِ کُلَّمَا سَمِعَ هَیْعَةً اَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَیْهِ اِلَیْهَا، یَبْتَغِی الْمَوْتَ اَوِ الْقَتْلَ، مَظَانَّهُ وَرَجُلٌ فِیْ غُنَیْمَةٍ، فِیْ رَأْسِ شَعَفَةٍ مِنْ هٰذِهِ الشِّعَافِ، اَوْ بَطْنِ وَادٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَوْدِیَةِ، یُقِیْمُ الصَّلَاةَ، وَیُؤْتِی الزَّکَاةَ، وَیَعْبُدُ رَبَّهُ حَتّٰی یَاْتِیَهُ الْیَقِیْنُ لَیْسَ مِنَ النَّاسِ اِلَّا فِیْ خَیْرٍ".

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: "لوگوں میں سے خیر (برکت) والی زندگی اس آدمی کی ہے جو (جہاد) فی سبیل اللہ میں گھوڑے کی پیٹھ پر سوار لگام پکڑے، دوڑتے (گویا اڑتے) ہوئے بسر کرے جہاں دشمن کی خوفناک آواز یا دشمن پر حملہ کا بلاوا سنتا ہے تو فوراً گھوڑے پر اڑتا ہوا (یعنی تیزی سے) اس جانب کا رخ کرتا ہے اور مرنے یا مارنے کے میدانوں میں غازی یا شہید ہونے کی آرزو لیے پھرتا ہے۔ اور اس انسان کی زندگی بھی اچھی ہے جو اپنی بکریوں کو لے کر تنہا کسی پہاڑ کی چوٹی پر رہتا ہو یا پہاڑی میدانوں (وادی) میں رہائش اختیار کرلی ہو، نماز قائم کرتا (وقت پر عین تعلیمات نبی کے مطابق پڑھتا) ہو، زکوۃ ادا کرتا ہو اور موت تک رب کی بندگی کرتا ہو اور لوگوں کے ساتھ بھلائی و خیر خواہی کے سوا کچھ نہ کرتا ہو"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۳۲۱۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## جہاد کرنے کی فضیلت

عَنْ اَبِی ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ :اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ :" اِیْمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِی سَبِیْلِهٖ " قُلْتُ :فَاَیُّ الرِّقَابِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ :" اَعْلَاهَا ثَمَناً وَاَنْفَسُهَا عِنْدَ اَهْلِهَا" قُلْتُ : فَاِنْ لَمْ اَفْعَلُ ؟ قَالَ :" تُعِیْنُ صَانِعًا اَوْ تَصْنَعُ لِاَخْرَقَ " قُلْتُ : فَاِنْ لَمْ اَفْعَلُ ؟ قَالَ :" تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ فَاِنَّهَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلَی نَفْسِكَ".

حضرت ابو ذر (غفاری) رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی علیہ الصلاۃ والسلام سے (ایک دفعہ) پوچھا (اے اللہ کے رسول) کونسا عمل افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا:

- "اللہ پر ایمان اور اس (اللہ) کی راہ میں جہاد"۔

میں (ابوذر غفاریؓ) نے پھر پوچھا:

- کونسے غلام (یا قیدی) کو (آزاد کرنا) افضل ہے؟

آپؐ نے فرمایا:

- "جس کی قیمت زیادہ اور اپنے مالک کے ہاں خوب چاہت والا ہو"۔

میں نے (پھر) پوچھا:

- اگر غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ ہو تو...؟

آپؐ نے فرمایا:

- "کسی کاریگر کی معاونت یا اناڑی اور بیکار آدمی کی مدد کرنا"۔

Marfat.com

میں نے (پھر) پوچھا:

۔ اگر مدد بھی نہ کر پاؤں تو...؟

آپؐ نے فرمایا:

۔" تو لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے...! یہ بھی اپنے اوپر کردہ صدقہ میں سے ایک صدقہ ہے"۔

(یہ حدیث بخاری (۱۵۲۸) نے روایت کی ہے)

## اعمال میں کونسا افضل ہے؟

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ سُئِلَ اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ :" اِیْمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ ". قِیْلَ : ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ :" اَلْجِهَادُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ". قِیْلَ :ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ :" حَجٌّ مَبْرُوْرٌ"

حضرت ابو ھریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ (اعمال میں سے) کونسا عمل افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا "اللہ اور اس کے رسول پر ایمان"۔ (پھر) پوچھا گیا کہ اس کے بعد؟ آپؐ نے فرمایا "اللہ کی راہ میں جہاد"۔ (پھر) پوچھا گیا اس کے بعد؟ آپؐ نے فرمایا "مقبول (ہونے والا، ریاکاری اور گناہ سے پاک) حج"۔

(یہ حدیث بخاری (۱۵۱۹) نے روایت کی ہے)

## اعمال میں سے سب سے زیادہ فضیلت والا جہاد ہے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ ؟ اَوْ اَیُّ الْاَعْمَالِ خَیْرٌ ؟ قَالَ :" اِیْمَانٌ بِاللّٰهِ

Marfat.com

وَرَسُوْلِهِ". قِيْلَ: ثُمَّ اَىُّ شَیْءٍ؟ قَالَ: "اَلْجِهَادُ سِنَامُ الْعَمَلِ". قِيْلَ: ثُمَّ اَىُّ شَیْءٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "ثُمَّ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ".

حضرت ابو ھریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اعمال میں سے افضل یا خیر والے (عمل) کے بارے پوچھا گیا؟ آپؐ نے فرمایا "اللہ اور اس کے رسول پر ایمان"۔ (پھر) آپؐ سے پوچھا گیا کہ اس کے بعد؟ آپؐ نے فرمایا "جہاد اعمال میں بلند تر ہے"۔ پھر پوچھا گیا اے اللہ کے رسول اسکے بعد؟ آپؐ نے فرمایا: "مقبول حج"

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۵۵) نے حسن صحیح سند سے روایت کی ہے)

## افضل ترین اعمال میں سے ایک (عمل) جہاد ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ حُبْشِیٍّ الْخَثْعَمِیِّ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: اَیُّ الاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: "طُوْلُ الْقِيَامِ". قِيْلَ: اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: "جَهْدُ الْمُقِلِّ" قِيْلَ: فَاَیُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: "مَنْ هَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ" قِيْلَ: فَاَیُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: "مَنْ جَاهَدَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَالِهِ وَنَفْسِهِ". قِيْلَ: "فَاَیُّ الْقَتْلِ اَشْرَفُ؟ قَالَ: "مَنْ اُهْرِيْقَ دَمُهُ وَعُقِرَ جَوَادُهُ"

نبی علیہ الصلاۃ والسلام سے پوچھا گیا کہ اعمال میں سے سب سے زیادہ فضیلت والا کونسا ہے۔ آپؐ نے فرمایا "طویل قیام (والی نماز) ہے"۔ (پھر آپؐ سے) پوچھا گیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا "اس تنگدست آدمی کا صدقہ جس کے پاس بہت تھوڑا مال ہو"۔ (پھر آپؐ سے) پوچھا گیا کہ کون سی ہجرت افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا "اس آدمی کی ہجرت ہے جو ان چیزوں سے باز آ

Marfat.com

گیا جو اللہ نے اس پر حرام ٹھہرائی ہیں" (پھر آپؐ سے) پوچھا گیا کہ کونسا جہاد افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا "وہ جہاد جو جان و مال کے ساتھ مشرکین کے خلاف کیا جائے" (پھر آپؐ سے) پوچھا گیا کونسی موت زیادہ (خیر و) شرف والی ہے؟ آپؐ نے فرمایا "(وہ موت) جس میں آدمی کا خون بہایا گیا اور اس کے گھوڑے کی کونچیں کاٹ ڈالی گئیں" (یعنی گھوڑا مار ڈالا گیا)

(یہ حدیث ابو داؤد (۱۲۸۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں جہاد دنیا و مافیہا سے افضل ہے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ،اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ :" لَغَدْوَةٌ اَوْ رَوْحَةٌ فِى سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "صبح یا شام (کسی بھی وقت) اللہ کی راہ میں (جہاد کی خاطر) ایک دفعہ چلنا، بلا شبہ دنیا یا دنیا کی ہر شے سے زیادہ خیر (و برکت) والا ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۲۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## کونسا جہاد اللہ کی راہ میں ہے؟

عَنْ اَبِى مُوْسٰى ،قَالَ : سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُقَاتِلُ شَجَاعَةً ، وَيُقَاتِلُ حَمِيَّةً ، وَيُقَاتِلُ رِيَاءً . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ :" مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِىَ الْعُلْيَا ، فَهُوَ فِى سَبِيْلِ اللّٰهِ".

نبی علیہ الصلاۃ والسلام سے پوچھا گیا کہ کوئی شخص بہادری کے لیے جنگ

Marfat.com

کرتا ہے کوئی (ملک یا قبیلہ کی) عزت کے لیے جنگ کرتا ہے کوئی دکھاوے کے لیے جنگ کرتا ہے (ان کے بارے آپ کیا فرماتے ہیں؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجاہد فی سبیل اللہ وہ ہے جو صرف اس لیے جہاد کرتا ہے کہ اللہ کے کلمۃ (کلمہ توحید) کی عزت و سربلندی ہو"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۷۸۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد کے برابر کوئی عمل نہیں

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ،قَالَ :جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ :دُلَّنِی عَلٰی عَمَلٍ یَعْدِلُ الْجِهَادَ ، قَالَ :" لا اَجِدُهُ " قَالَ :" هَلْ تَسْتَطِیْعُ اِذَا خَرَجَ الْمُجَاهِدُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَكَ فَتَقُوْمَ وَلا تَفْتُرَ ، وَتَصُوْمَ وَلا تُفْطِرَ ". قَالَ :وَمَنْ یَسْتَطِیْعُ ذٰلِكَ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر ایک آدمی نے عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسی عبادت بتلائیے جو جہاد کے ہم رتبہ ہو؟ آپ نے فرمایا "میں جہاد کے برابر تو کوئی عبادت نہیں پاتا ہوں۔ (نیز آپ نے فرمایا) کیا تم یہ کر سکتے ہو کہ جب مجاہد (سفر) پر نکلے اور تو اپنی مسجد میں داخل ہو کر (اس کی واپسی تک) نماز پڑھنے کھڑا ہو جائے اور سستی و کاہلی (ہرگز) نہ دکھائے۔ برابر روزے رکھے، اور کوئی روزہ نہ چھوڑے" اس آدمی نے جواباً عرض کیا: حضرت ایسا کون کر سکتا ہے؟

(یہ حدیث بخاری (۲۷۸۵) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

## اللہ کا نام بلند ہونے کی غرض سے جہاد کرنا

عَنْ اَبِی مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ،قَالَ :جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ :اَلرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمَۃِ وَالرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلذِّکْرِ وَالرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِیُرٰی مَکَانَہٗ، فَمَنْ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ .قَال :" مَنْ قَاتَلَ لِتَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ہِیَ الْعُلْیَا فَھُوَ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ "۔

ایک شخص نے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس آکر عرض کیا: (اے اللہ کے رسول) کوئی آدمی تو صرف مال غنیمت کے لیے جہاد کرتا ہے کوئی آدمی (لوگوں کے درمیان) شہرت کی خاطر جہاد کرتا ہے کوئی آدمی لوگوں کو (بہادری) میں اپنا مقام دکھلانے کے لیے جہاد کرتا ہے ان میں فی سبیل اللہ جہاد کون سا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "جو صرف اللہ کا نام سربلند کرنے کی نیت سے جہاد کرتا ہے (اس مجاہد کا کردہ جہاد) اللہ کی راہ میں ہے"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۱۰) نے روایت کی ہے)

## ذی الحجہ کے پہلے عشرے کے روزوں سے جہاد کا افضل ہونا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ :" مَا مِنْ اَیَّامٍ، اَلْعَمَلُ الصَّالِحُ فِیْھَا اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ ،مِنْ ھٰذِہِ الْاَیَّامِ یَعْنِی الْعَشْرَ" قَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ !وَلَا الْجِھَادُ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ؟ قَالَ : " وَلَا الْجِھَادُ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ اِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ فَلَمْ یَرْجِعْ مِنْ ذٰلِکَ بِشَیْءٍ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہمارے آج کل کے یہ ایام

Marfat.com

(یعنی ذالحجہ کے پہلے دس دن) میں کردہ اعمال صالحہ باقی ایام کی نسبت اللہ تعالی کے نزدیک بہت زیادہ پسندیدہ ہیں (صحابہ) نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! اللہ کی راہ میں جہاد بھی کیا (زیادہ پسندیدہ نہیں ہے؟) آپؐ نے فرمایا: (ہاں) اللہ کی راہ میں جہاد بھی (اتنا پسندیدہ نہیں ہے) مگر جو شخص اپنی جان و مال سے کچھ واپس نہ لائے (اس مجاہد کا عمل ان دس دنوں کے عمل سے افضل ہے)"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۱۴۰۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## کونسا جہاد زیادہ فضیلت والا ہے؟

عَنْ اَبِی اُمَامَۃَ ،قَالَ عَرَضَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ رَجُلٌ عِنْدَ جَمْرَۃِ الْاُوْلٰی. فَقَالَ :یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ! اَیُّ الْجِھَادِ اَفْضَلُ ؟ فَسَکَتَ عَنْہُ فَلَمَّا رَمٰی الْجَمْرَۃَ الثَّانِیَۃَ سَائَلَہٗ، فَسَکَتَ عَنْہُ فَلَمَّا رَمٰی جَمْرَۃَ الْعَقَبَۃَ ، وَضَعَ رِجْلَہٗ فِی الْغَرَزِ لِیَرْکَبَ .قَالَ :" اَیْنَ السَّائِلُ ؟" قَالَ :اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ !قَالَ:"کَلِمَۃُ حَقٍّ عِنْدَ ذِی سُلْطَانٍ جَائِرٍ".

(منی میں) پہلے جمرے کے قریب ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! کون سا جہاد افضل ہے؟ آپؐ خاموش رہے جب آپؐ دوسرے جمرے کو کنکریاں مار چکے تو اس آدمی نے پھر وہی پوچھا آپؐ پھر خاموش رہے جب آپؐ (تیسرے اور آخری) جمرہ عقبہ کو کنکریاں مار چکے اور (سواری پر) سوار ہونے کے لیے رکاب میں پاؤں رکھا (تو اس وقت) آپؐ نے پوچھا: سوال پوچھنے والا کہاں ہے؟ اس نے کہا اے اللہ کے رسول

Marfat.com

میں (موجود) ہوں آپ نے فرمایا "(سب سے زیادہ فضیلت والا جہاد) ظالم بادشاہ کے پاس (بھلائی کا حکم دینے والا یا برائی سے منع کرنے والا) کلمہ حق کہنا ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۴۰۱۲) نے حسن صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جنت تلواروں کے سائے تلے ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ اَبِی اَوْفٰی: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ :" یَااَیُّھَاالنَّاسَ لاَ تَتَمَنَّوا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَاسْاَلُوا اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ . فَاِذَا لَقِیْتُمُوْھُمْ فَاصْبِرُوْا وَاعْلَمُوا اَنَّ الْجَنَّۃَ تَحْتَ ظِلاَلِ السُّیُوْفِ " ثُمَّ قَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ وَقَالَ :" اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ، وَمُجْرِیَ السَّحَابِ ،وَھَازِمَ الاَحْزَابِ ، اھْزِمْھُمْ وَانْصُرْنَا عَلَیْھِمْ "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :" اے لوگو! دشمن سے ملنے کی تمنا مت کرو! اللہ تعالیٰ سے سلامتی طلب کرو، ہاں جب دشمن سے مڈ بھیڑ ہو جائے تو پھر صبر کا مظاہر کرو! جان لو، کہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے" پھر نبی علیہ الصلاۃ والسلام کھڑے ہوئے اور یوں دعا فرمائی "اے میرے اللہ !اے کتاب کے نازل کرنے والے ،بادلوں کو چلانے والے (دشمنوں کے) جتھوں کو بھگا دینے والے! انہیں پریشان حال کر دے اور ہمیں ان پر کامیابی عطا فرما"

(یہ حدیث مسلم (۲۰/۱) نے روایت کی ہے)

## سب سے فضیلت والا جہاد، ظالم بادشاہ کو کلمہ عدل کہنا ہے.

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ ، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ :" اَفْضَلُ الْجِھَادِ کَلِمَۃُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ ،اَوْ

Marfat.com

اَمِیْرٍ جَائِرٍ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"افضل ترین جہاد، ظالم بادشاہ یا ظالم امیر کے پاس کہی جانے والی عدل وانصاف کی بات ہے"

(یہ حدیث ابو داؤد (۳٦٥٠) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد کرنے والا اللہ کے ہاں مقبول ہے

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ :" تَعِسَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْھَمِ وَعَبْدُ الْخَمِیْصَۃِ، اِنْ أُعْطِیَ رَضِیَ وَاِنْ لَمْ یُعْطَ سَخِطَ تَعِسَ وَانْتَکَسَ ، وَ اِذَا شِیْکَ فَلاَ انْتَقَشَ طُوْبٰی لِعَبْدٍ آخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِہٖ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ اَشْعَثَ رَأْسُہٗ مُغْبَرَّۃٍ قَدَمَاہُ اِنْ کَانَ فِی الْحِرَاسَۃِ ، کَانَ فِی الْحِرَاسَۃِ، وَاِنْ کَانَ فِی السَّاقَۃِ، کَانَ فِی السَّاقَۃِ اَنِ اسْتَأْذَنَ لَمْ یُؤْذَنْ لَہٗ وَاِنْ شَفَعَ لَمْ یُشَفَّعْ"

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا"درہم و دینار (یعنی سونا چاندی) اور خمیصہ (ایک قسم کی چادر) کا پوجاری ہلاک و شرمسار ہو۔ ایسے (منفعت باز) آدمی کو (کردہ نیکی کا صلہ اللہ کی طرف سے) مل جائے تو راضی ہو جاتا ہے۔ اور اگر نہ ملے تو (اللہ کی تقدیر کے بارے) بگڑتا ہے۔ ایسے (منفعت پسند) ذلیل ہو، نقصان وخسارہ سے دوچار ہو اس کے کانٹا لگے اور نکل نہ سکے (اس کے بالمقابل) اس آدمی کے لیے خوشخبری ہے جو اللہ کی راہ میں گھوڑے کی لگام پکڑے (جہاد میں جانے کے لیے تیار) ہے اس کے بال پریشان حال ہوں، قدم گرد آلود ہو، اگر وہ حراسہ (پہرے داری) پر ہے تو وہ (انتہائی جانفشانی سے) پہرے داری کرتا ہے

Marfat.com

اگر (واپسی پر فوج کے پیچھے) متعین کر دیا جائے تو وہ پیچھے خوب ڈیوٹی نبھا رہا ہے (اللہ کی خاطر یہ ذمہ داریاں ادا کرنے والا بہادر) اگر (کسی مسئلے میں) اجازت چاہے تو اجازت نہ ملے اور اگر سفارش کرے تو وہ بھی نہ مانی جائے" (لیکن اللہ کے ہاں اسکی سب مقبول ہوتی ہے)

(یہ حدیث بخاری (۲۸۸۷) نے روایت کی ہے)

## مسلمان ہونے کے بعد ہجرت کرنے والے اور جہاد کرنے والے کا بدلہ

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ: " اَنَا زَعِيْمٌ وَالزَّعِيْمُ الْحَمِيْلُ لِمَنْ آمَنَ بِي وَاَسْلَمَ وَهَاجَرَ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ وَاَنَا زَعِيْمٌ لِمَنْ آمَنَ بِي وَاَسْلَمَ وَجَاهَدَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ وَبِبَيْتٍ فِي اَعْلٰى غُرَفِ الْجَنَّةِ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَلَمْ يَدَعْ لِلْخَيْرِ مَطْلَبًا وَلاَ مِنَ الشَّرِّ مَهْرَبًا يَمُوْتُ حَيْثُ شَاءَ اَنْ يَمُوْتُ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں (تمہارا) کفیل وضامن ہوں جس نے مجھ پر ایمان لا کر اسلام کے مطابق زندگی گزاری ہجرت کی اس کے لیے جنت کے کنارے ایک گھر اور جنت کے درمیان ایک گھر دیے جانے کا ضامن ہوں اس طرح اس شخص کے لیے جس نے مجھ پر ایمان لا کر میری راہ اختیار کی نیز اللہ کی راہ میں جہاد کیا اس کے لیے جنت کے کنارے ایک گھر اور جنت کے وسط میں ایک گھر اور جنت کی سب سے خوبصورت جگہ پر ایک گھر دیے

Marfat.com

جانے کا ضامن ہوں جس نے یہ کام کیا (ایمان، ہجرت جہاد) اس شکل میں کیا اس نے نیکی کی کوئی بات نہ چھوڑی اور برائی سے بالکل دور رہا (یہ آدمی) جہاں بھی ہو (اس کو جیسے بھی جہاں پر بھی موت آئے) اس کا مقام جنت ہے۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۳۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

عَنِ ابْنِ اَبِی فَاکِہٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: "اِنَّ الشَّیْطَانَ قَعَدَ لِابْنِ آدَمَ بِاَطْرُقِہٖ، فَقَعَدَ لَہٗ بِطَرِیْقِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ: تُسْلِمُ وَتَذَرُ دِیْنَکَ وَدِیْنَ آبَائِکَ وَآبَاءِ اَبِیْکَ فَعَصَاہُ فَاَسْلَمَ ثُمَّ قَعَدَ لَہٗ بِطَرِیْقِ الْھِجْرَۃِ فَقَالَ: تُھَاجِرُ وَتَدَعُ اَرْضَکَ وَسَمَاءَکَ وَاِنَّمَا مَثَلُ الْمُھَاجِرِ کَمَثَلِ الْفَرَسِ فِی الطِّوَلِ فَعَصَاہُ فَھَاجَرَ ثُمَّ قَعَدَ لَہٗ بِطَرِیْقِ الْجِھَادِ. فَقَالَ تُجَاھِدُ فَھُوَ جَھْدُ النَّفْسِ وَالْمَالِ فَتُقَاتِلُ فَتُقْتَلُ فَتُنْکَحُ الْمَرْاَۃُ وَیُقْسَمُ الْمَالُ فَعَصَاہُ فَجَاھَدَ" فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ یُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ وَمَنْ قُتِلَ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ، اَنْ یُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ وَاِنْ غَرِقَ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ اَنْ یُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ اَوْ وَقَصَتْہُ دَابَّتُہٗ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ اَنْ یُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "شیطان ابن آدم کے ہر طرف آگے آتا ہے اسلام کی راہ میں اس کے آگے آتا ہے (مسلمان ہونے والے آدمی سے کہتا ہے) تم کیونکر مسلمان ہو رہے ہو اپنا قدیم دین، اپنے آباؤاجداد کے دین کو چھوڑ رہے ہو؟ لیکن وہ آدمی شیطان کی بات پر کان نہیں دھرتا اور مسلمان ہو جاتا ہے پھر ہجرت کرتے وقت راہ پر آنکلتا ہے اور کہتا ہے تم اپنی مملکت (ارض وسماء یعنی علاقہ) چھوڑ کر کیسے ہجرت کر رہے ہو؟ اور مہاجر کی مثال تو اس گھوڑے

Marfat.com

جیسی ہے جو رسے میں (کھونٹے سے باندھ رکھا) ہے" یہ شخص اس بار بھی شیطان کی بات پر کان نہیں دھرتا اور ہجرت کرتا ہے پھر اس آدمی کے جہاد پر جاتے وقت راہ پر آنکلتا ہے اور کہتا ہے کہ. تو جہاد کرے گا یہ تو تیری جان کھپائے گا اور مال برباد کرے گا ایسے حالات میں تو کیسے جہاد کرے گا؟ تو میدان میں لڑے گا تو مارا جائے گا، تیری بیوی کسی دوسرے سے نکاح کرلے گی اور تیرا مال تقسیم کر ڈالا جائے گا، وہ مومن شیطان کی بات پر ہرگز کان نہیں دھرتا اور جہاد پر چلا جاتا ہے" پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"جو کوئی یوں کرے گا اس کو جنت میں داخل کرنا اللہ عزوجل کے ذمے ہے جو جہاد میں مارا جائے (شہید ہو جائے) جو کوئی پانی میں ڈوب مرے، یا کوئی گھوڑے کی پیٹھ سے گر کر مر جائے ان سب کو جنت میں داخل کرنا اللہ عزوجل کے ذمے ہے"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۳۷) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ ؓ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ یَقُوْلُ:" مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَنْ یُجَاهِدُ فِی سَبِیْلِهٖ۔ کَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْخَاشِعِ الرَّاکِعِ السَّاجِدِ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال، اور اللہ خوب جانتا ہے کہ کون اس کی راہ میں جہاد کر رہا ہے، مسلسل روزے رکھنے والے، رات کو عبادت کرنے والے، خشوع خضوع کے ساتھ رکوع و سجود (یعنی نماز) والے کی ہے"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۳۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## اللہ کی راہ میں جان اور مال کے ساتھ کردہ جہاد کی فضیلت

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَجُلاً اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ : یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! اَیُّ النَّاسِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ :" مَنْ جَاھَدَ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ " قَالَ : ثُمَّ مَنْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ :" ثُمَّ مُؤْمِنٌ فِی شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ یَتَّقِی اللّٰہَ وَیَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّہٖ ".

ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی کہ اے اللہ کے رسول !لوگوں میں سب سے زیادہ فضیلت والا کون ہے ؟آپؐ نے فرمایا" جان اور مال کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا" اس نے پوچھا پھر اس کے بعد کون ؟ آپؐ نے فرمایا" وہ مومن جو (پہاڑوں کی) وادیوں میں کسی ایک وادی میں (اکیلا) رہتا ہے تاکہ لوگ اس کے شر سے محفوظ رہیں اور وہاں اللہ سے ڈرتا (اس کی خوب عبادت کرتا) ہے"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۰۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## صبح جلدی اللہ کی راہ میں جہاد پر نکلنے کی فضیلت

عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ :" اَلْغَدْوَۃُ وَالرَّوْحَۃُ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ، اَفْضَلُ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :"صبح کو جلدی یا شام کو اللہ کی راہ میں جہاد پر جانا، دنیا سے اور جو کچھ (دنیا میں) ہے اس سے زیادہ فضیلت والا ہے"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۲۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## جہاد کرنے والے کا معاملہ

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ :" مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ یُّجَاهِدُ فِی سَبِیْلِهٖ ۔ کَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ وَتَوَکَّلَ اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِ فِی سَبِیْلِهٖ بِاَنْ یَتَوَفَّاهُ اَنْ یُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ اَوْ یَرْجِعَهٗ سَالِمًا مَعَ اَجْرٍ اَوْ غَنِیْمَةٍ ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں (جہاد کرنے والے) مجاہد کی مثال۔ اور اللہ خوب جانتا ہے کہ کون اس کی راہ میں جہاد کر رہا ہے۔ (دن کو) روزے رکھنے والے اور (رات کو) نماز پڑھنے والے کی ہے اور جو مجاہد اللہ کی راہ میں جہاد کر رہا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بارے ذمہ داری لے رکھی ہے کہ یا تو اسے شہادت کی شکل میں موت دے کر سیدھا جنت میں داخل کرے گا یا مجاہد کو (غازی بنا کر) ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ صحیح سالم واپس (ٹھکانے) پر لوٹائے گا"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۷۸۷) نے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا اللہ کی حفاظت میں ہوتا ہے

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ ،عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ : " اَلْمُجَاهِدُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ مَضْمُوْنٌ عَلَی اللّٰهِ اِمَّا اَنْ یَکْفِتَهٗ اِلٰی مَغْفِرَتِهٖ وَرَحْمَتِهٖ وَاِمَّا اَنْ یَرْجِعَهٗ بِاَجْرٍ وَغَنِیْمَةٍ . وَمَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ ، کَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ ، الَّذِی لَا یَفْتُرُ ،حَتّٰی یَرْجِعَ ".

Marfat.com

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا" اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے (مسلمان مجاہد) کا اللہ ضامن (اللہ کی گارنٹی میں) ہے۔ اللہ یا تو اسے مغفرت اور رحمت (کے ٹھکانے یعنی جنت کی طرف) اٹھالے گا یا اسے ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ (گھر کی طرف صحیح سالم) لوٹائے گا۔ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے (مجاہد مسلمان) کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو (دن کو) ہمیشہ روزے رکھتا ہو اور (رات) کو ہمیشہ قیام کرتا ہو اور قیام و صیام میں کوئی سستی اور ناغہ نہ کرتا ہو، یہاں تک کہ مجاہد واپس آجائے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۲۵) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد میں حصہ خواہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَاتَلَ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ فَوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَاِنَّهَا تَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ كَاَغْزَرِ، مَا كَانَتْ لَوْنُهَا الزَّاعْفَرَانُ وَرِیْحُهَا كَالْمِسْكِ "

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا"کسی مسلمان نے اللہ کی راہ میں خواہ اونٹنی کا دودھ دوہنے کی (تھوڑی سی) مدت کے برابر جہاد کیا تو اس کے لیے جنت واجب ہو گئی (یعنی جنت میں داخلہ یقینی ہو گیا) اور جسے اللہ کی راہ میں دوران جہاد کوئی زخم لگا یا کوئی مصیبت آئی وہ قیامت کے دن (اس زخم یا مصیبت) سے بڑھ کر آئے گا لیکن اس کا رنگ زعفران اور خوشبو مشک کی سی ہو گی"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۵۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## اللہ کی راہ میں خواہ تھوڑا سا جہاد کرنے والے کو بڑا صلہ ملنا

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ: " مَنْ قَاتَلَ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ، فُوَاقَ نَاقَةٍ، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ "

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا "جس مسلمان (مجاہد) نے اللہ عزوجل کی راہ میں اونٹنی کا دودھ دوہنے کے درمیانی عرصہ کے برابر (بھی) جہاد کیا اس کے لیے (اللہ کے فضل و کرم سے) جنت واجب ہو گئی"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں تیر اندازی کی فضیلت

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی حُسَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: " اِنَّ اللّٰهَ لَيُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَةً الْجَنَّةَ: صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِی صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ، وَالرَّامِی بِهِ، وَالْمُمِدَّ بِهِ " قَالَ: " ارْمُوا وَارْكَبُوا وَلَاَنْ تَرْمُوا اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ تَرْكَبُوا كُلُّ مَا يَلْهُوْبِهِ الرَّجُلُ الْمُسْلِمَ بَاطِلٌ، اِلاَّ رَمْيَهُ بِقَوْسٍ، وَتَادِيْبَهُ فَرَسَهُ وَ مُلَاعَبَتَهُ اَهْلَهُ، فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بلا شبہ (اللہ تعالی ایک تیر کی وجہ سے تین آدمیوں کو جنت میں داخل کرے گا (ایک) وہ تیر تیار کرنے والا جو تیر تیار کرتے وقت اس سے خیر کا خواہاں ہو، (دوسرا) اس تیر کو پھینکنے والا (تیسرا) اس کی مدد کرنے والا نیز آپؐ نے فرمایا: تیر اندازی اور گھڑ سواری سیکھو میرے ہاں تمہارا تیر اندازی، گھڑ سوار، ہونے سے زیادہ پسندیدہ ہے مسلمان آدمی کا ہر کھیل باطل (بیکار) ہے سوائے کمان سے تیر پھینکنا، گھوڑے کو سدھانا اور بیوی سے

Marfat.com

کھلینا کیونکہ یہ (اس پر) حق ہیں" (اور ان کی ادائیگی سے ان حقوق کی ادائیگی ہوتی ہے)

(یہ حدیث ضعیف ترمذی (۲۷۷) پر ہے جبکہ امام ترمذی نے اسے حسن کہا ہے)

## ایک تیر پھینکنے کے بدلے غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملنا

عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ ، قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ :" مَنْ رَمَى الْعَدُوَّ بِسَهْمٍ ، فَبَلَغَ سَهْمُهُ الْعَدُوَّ ، أَصَابَ أَوْ أَخْطَأَ فَيَعْدِلُ رَقَبَةً "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جس (مجاہد) نے (اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے) دشمن پر ایک تیر پھینکا چاہے وہ تیر ہدف پر صحیح لگا یا نہ لگا وہ تیر (اس کے لیے ثواب کے اعتبار سے) غلام (آزاد کرنے کے) برابر ہے"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۶۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مجاہدوں غازیوں کا ثواب

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ :" مَا مِنْ غَازِيَةٍ تَغْزُوْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُصِيْبُوْنَ غَنِيْمَةً إِلاَّ تَعَجَّلُوْا ثُلُثَيْ أَجْرِهِمْ مِنَ الآخِرَةِ وَيَبْقَى لَهُمُ الثُّلُثُ فَإِنْ لَمْ يُصِيْبُوْا غَنِيْمَةً تَمَّ لَهُمْ أَجْرُهُمْ"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جو لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اگر (ان کے ہاتھ) مال غنیمت لگ جائے تو انہوں نے آخرت کے اجر میں سے دو تہائی اس دنیا میں پالیا ان کے اجر کا تیسرا حصہ آخرت کے لیے باقی رہا

Marfat.com

اور اگر مال غنیمت بالکل ہاتھ نہ لگا تو ان کا سارا اجر وثواب آخرت میں باقی رہا"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۲۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

عَنِ ابْنِ عُمَرَ ،عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ فِیْمَا یَحْکِیْهِ عَنْ رَبِّهٖ عَزَّوَجَلَّ قَالَ:" اَیُّمَا عَبْدٍ مِنْ عِبَادِی ،خَرَجَ مُجَاهِدًا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِی ضَمِنْتُ لَهُ اَنْ اَرْجِعَهُ اِنْ اَرْجَعْتُهُ .بِمَا اَصَابَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِیْمَةٍ وَاِنْ قَبَضْتُهُ غَفَرْتُ لَهُ وَرَحِمْتُهُ "

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب سے (حدیث قدسی میں) یوں بیان فرمایا (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ) میرے بندوں میں سے جو بھی میری راہ میں، میری رضا کے لیے جہاد کرتا ہے اگر میں نے اسے صحیح سالم واپس گھر بھیجنا ہوا تو اس کو اجر وثواب کے ساتھ لوٹاؤں گا اور اگر اس کی روح قبض کروں گا تو اس کے گناہ معاف کرتے ہوئے اپنی مغفرت ورحمت میں ڈھانپ لوں گا"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۲۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں خرچ کردہ تھوڑے مال کا بھی بڑا اجر دیا جائے گا

عَنْ خُرَیْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ :" مَنْ اَنْفَقَ نَفْقَةً فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ كُتِبَتْ لَهُ سَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جس کسی نے اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے تھوڑا یا زیادہ) خرچ کیا تو اس کے لیے بدلے میں سات سو گنا اجر لکھا جاتا ہے"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۶۲۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## تیر تیار کرنے، پھینکنے اور مدد کرنے والے کا معاملہ

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرِ الْجُهَنِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: "اِنَّ اللّٰهَ لَیُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ الثَّلَاثَةَ الْجَنَّةَ: صَانِعَهُ، یَحْتَسِبُ فِی صَنْعَتِهِ الْخَیْرَ، وَالرَّامِیَ بِهِ، وَالْمُمِدَّ بِهِ" وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ: "ارْمُوا وَارْکَبُوا. وَاَنْ تَرْمُوْا اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ تَرْکَبُوْا وَ کُلُّ مَا یَلْهُو بِهِ الْمَرْءُ الْمُسْلِمُ بَاطِلٌ اِلاَّ رَمْیَهُ بِقَوْسِهِ وَتَأْدِیْبَهُ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتَهُ امْرَاَتَهُ فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بلا شبہ (اللہ تعالی ایک تیر کی وجہ سے تین آدمیوں کو جنت میں داخل کرے گا۔ (ایک) وہ تیر تیار کرنے والا جو تیر تیار کرتے وقت اس سے خیر کا خواہاں ہو، (دوسرا) اس تیر کو پھینکنے والا (تیسرا) اس کی مدد کرنے والا۔ نیز آپ نے فرمایا "تیر اندازی اور گھڑ سواری سیکھو میرے ہاں تمہارا تیر اندازی، گھڑ سوار، ہونے سے زیادہ پسندیدہ ہے مسلمان آدمی کا ہر کھیل باطل (بیکار) ہے سوائے کمان سے تیر پھینکنا، گھوڑے کو سدھانا اور بیوی سے کھلینا کیونکہ یہ (اس پر) حق ہیں (اور ان کی ادائیگی سے ان حقوق کی ادائیگی ہوتی ہے)۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۶۷) پر ہے اور امام ترمذی نے اپنی سند سے حسن کہا ہے)

## اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی تیاری کروانا

عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ: "مَنْ جَهَّزَ غَازِیًا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ کَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ مِنْ

Marfat.com

غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَجْرِ الْغَازِی شَيْئًا "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کسی نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی تیاری میں مدد و معاونت کی تو وہ غازی کے ثواب میں معمولی سی بھی کمی کیے بغیر برابر کے ثواب کا حقدار ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۲۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## خرچ کی جانے والی دولت میں سب سے زیادہ فضیلت والی

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ:" اَفْضَلُ دِيْنَارٍ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلَى عِيَالِهِ وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰہِ وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَى اَصْحَابِهِ فِي سَبِيْلِ اللّٰہِ "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "آدمی کے خرچ کردہ مال و دولت میں سب سے زیادہ فضیلت (اجر و ثواب) والی اس کا اہل و عیال پر اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) تیار کیے جانے والے گھوڑے پر اور اللہ کی راہ (جہاد) میں مصروف احباب پر خرچ کردہ مال و دولت ہے"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۳۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی خاطر گھوڑا پالنے کا ثواب

عَنْ تَمِيْمِ الدَّارِیِّ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ :" مَنِ ارْتَبَطَ فَرَسًا فِي سَبِيْلِ اللّٰہِ ثُمَّ عَالَجَ عَلَفَهُ بِيَدِهِ كَانَ لَهُ بِكُلِّ حَبَّةٍ حَسَنَةٌ "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کسی نے اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) گھوڑا پال کر اسے چارہ ودانہ خود کھلایا تو اس کے لیے ہر دانے کے

Marfat.com

بدلے ایک حسنہ (ثواب) ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## گھوڑے کے ساتھ جہاد کرنے والے کا حصہ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا،اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ: " جَعَلَ لِلْفَرَسِ سَھْمَیْنِ وَلِصَاحِبِہِ سَھْمًا "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مال غنیمت میں سے) گھوڑے کے لیے دو حصے اور اس کے مالک کے لیے ایک حصہ مقرر فرمایا (یوں سوار کے لیے تین حصے ہوئے)۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۶۳) نے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) گھوڑا باندھنے والے کا صلہ

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ: " اَلْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِی نَوَاصِیْھَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ .اَلْخَیْلُ لِثَلاثَۃٍ : ھِیَ لِرَجُلٍ اَجْرٌ وَھِیَ لِرَجُلٍ سِتْرٌ ،وَھِیَ عَلٰی رَجُلٍ وِزْرٌ .فَاَمَّا الَّذِی ھِیَ لَہُ اَجْرٌ فَالَّذِی یَتَّخِذُھَا فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیُعِدُّھَا لَہُ ھِیَ لَہُ اَجْرٌ لاَ یُغَیِّبُ فِی بُطُوْنِھَا شَیْئًا اِلاَّ کَتَبَ اللّٰہُ لَہُ اَجْرًا "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خیر (بھلائی) قیامت تک کے لیے گھوڑوں کی پیشانیوں میں معلق ہے گھوڑے تین طرح سے ہیں ایک آدمی کے لیے (باعث) اجر، دوسرے بعض کے لیے پردہ پوش اور تیسرے بعض کے لیے وبال ہیں پس اس شخص کے لیے گھوڑا اجر ہے جو اللہ کی راہ میں (جہاد) کے



Marfat.com

لیے رکھتا ہے اور اسے (جہاد) کے لیے تیار کرتا ہے تو یہ (گھوڑا اس کے لیے باعث اجر و ثواب ہے وہ (گھوڑے) اپنے پیٹوں میں جو (دانہ، چارہ وغیرہ) ڈالتے ہیں اللہ اس (شخص) کے لیے (اس کے بدلے میں بھی) اجر لکھتا ہے"

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۳۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## تین آدمیوں سے اللہ کی مدد کا وعدہ

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ : " ثَلَاثَةٌ كُلُّهُمْ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَوْنُهُ، الْغَازِی فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُكَاتَبُ الَّذِی يُرِيْدُ الْاَدَاءَ، وَالنَّاكِحُ الَّذِی يُرِيْدُ التَّعَفُّفَ " .

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" ان تین آدمیوں کی مدد کرنا اللہ کے ذمے ہے (ایک) اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا غازی (دوسرا) وہ مکاتب (ایسا غلام جو آزادی کے لیے) رقم ادا کرنا چاہتا ہو (تیسرا) جو زنا سے محفوظ رہنے کے لیے نکاح کرنے والا ہو"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۰۴۱) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## جہاد میں زخمی ہونے والا حشر کے روز اسی زخم لیکن مشک کی خوشبو بکھیرتا ہوا اٹھے گا

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :" وَالَّذِی نَفْسِی بِيَدِهِ لَا يُكْلَمُ اَحَدٌ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِی سَبِيْلِهِ اِلَّا جَآءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ

Marfat.com

وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جس کسی کو اللہ کی راہ (جہاد) میں کوئی زخم لگتا ہے اور اللہ خوب جانتا ہے کہ کون اس کی راہ میں زخمی ہوتا ہے قیامت کے دن (وہ زخمی یا زخموں کی وجہ سے شہید مجاہد اسی زخمی حالت میں) آئے گا، (کہ اس کے زخموں سے) سرخ رنگین خون بہہ رہا ہوگا لیکن ان سے مشک کی خوشبو آرہی ہوگی"

(یہ حدیث بخاری (۲۸۰۳) نے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں جاگنے والی آنکھ کے لیے ثواب

عَنْ اَبِی رَیْحَانَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ یَقُوْلُ: "حُرِّمَتْ عَیْنٌ عَلَی النَّارِ سَهِرَتْ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کی راہ (جہاد) میں جاگنے والی آنکھ جہنم کی آگ پر حرام ٹھہرادی گئی ہے"۔

(یہ حدیث نسائی (۲۹۲۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں جس کے بال سفید (خواہ ایک ہی) ہوں

عَنْ کَعْبِ بْنِ مُرَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ یَقُوْلُ: "مَنْ شَابَ شَیْبَةً فِی الاِسْلَامِ کَانَتْ لَهُ نُوْرًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ"۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کسی کا اسلام میں (خواہ) ایک بال سفید ہوا یہ سفیدی اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگی"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۶۳۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## اللہ کی راہ (جہاد) میں سفید ہونے والا بال نور ہوگا

عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْسَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: "مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کسی کا اللہ کی راہ (جہاد) میں ایک بال بھی سفید ہوا وہ (سفید بال) قیامت کے دن اس کے لیے نور ہوگا".

(یہ حدیث ترمذی (۱۶۳۵) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں گرد آلود ہونے والے کی فضیلت

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: "لَا يَلِجُ النَّارَ رَجُلٌ بَكٰى مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ حَتّٰى يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ وَلَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کے خوف سے رونے والا آدمی، تھنوں میں دودھ کی واپسی تک جہنم کی آگ میں داخل نہیں ہوگا (جس طرح دودھ واپس نہیں جائے گا اس طرح یہ جہنم میں ہرگز نہیں جائے گا) اور اللہ کی راہ (جہاد) میں (غازیوں کو پہنچنے والا) گرد و غبار اور جہنم کا دھواں ایک ساتھ جمع نہیں ہوں گے".

(یہ حدیث ترمذی (۱۶۳۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اس مجاہد کے لیے اللہ کا صلہ جس کے قدم غبار آلود ہوں

عَنْ اَبِيْ عَبْسٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: "مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُمَا حَرَامٌ عَلَى النَّارِ".

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کے قدم اللہ کی راہ (جہاد) میں گرد آلود ہوں تو یہ قدم جہنم کی آگ پر حرام ہیں"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۳۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد میں اُجرت لینا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: " لِلْغَازِي اَجْرُهُ وَلِلْجَاعِلِ اَجْرُهُ وَاَجْرُ الْغَازِي" ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "غازی کے لیے اس کا اجر ہے غازی کی ضرورتیں پوری کرنے والے کے لیے اپنا اور غازی (کے برابر) کا اجر ہے"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۲۰۳) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## لشکر کا مال غنیمت کے بغیر واپس آنا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ :" مَا مِنْ غَازِيَةٍ تَغْزُوْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُصِيْبُوْنَ غَنِيْمَةً اِلاَّ تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ اَجْرِهِمْ مِنَ الآخِرَةِ وَيَبْقَى لَهُمُ الثُّلُثُ فَاِنْ لَمْ يُصِيْبُوْا غَنِيْمَةً تَمَّ لَهُمْ اَجْرُهُمْ"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اگر (ان کے ہاتھ) مال غنیمت لگ جائے تو انہوں نے آخرت کے اجر میں سے دو تہائی اس دنیا میں پالیا ان کے اجر کا تیسرا حصہ آخرت کے لیے باقی رہا اور اگر مال غنیمت بالکل ہاتھ نہ لگا تو ان کا سارا اجر و ثواب آخرت میں باقی رہا"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۱۸۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## جہاد پر نہ جانے والوں کا جانے والوں کے برابر ثواب پانا

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ كَانَ فِیْ غَزَاةٍ ،فَقَالَ :"اِنَّ اَقْوَامًا بِالْمَدِیْنَةِ خَلْفَنَا مَا سَلَكْنَا شِعْبًا وَلَا وَادِیًا اِلَّا وَهُمْ مَعَنَا فِیْهِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ".

نبی علیہ الصلاۃ والسلام غزوہ (تبوک) میں تھے کہ آپؐ نے (مدینہ میں پیچھے رہنے والے معذور صحابہ کو یاد کرتے ہوئے) فرمایا "ہمارے پیچھے مدینہ میں ایک گروہ ایسا ہے کہ ہم جس گھاٹی یا وادی میں سے گزریں تو وہ (ثواب میں) ہمارے ساتھ ہونگے کیونکہ انہیں عذر نے روک رکھا ہے"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۳۹) نے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں غازیوں کی خدمت کرنے کا ثواب

عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ الطَّائِیِّ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ :اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ ؟قَالَ :"خِدْمَةُ عَبْدٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ ، اَوْ ظِلُّ فُسْطَاطٍ ، اَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کونسا صدقہ زیادہ فضیلت والا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "اللہ کی راہ (جہاد) میں (غازی کی) خدمت کے لیے غلام دینا، یا خیمہ کا سایہ (مہیا کرنا)، یا جوان اونٹنی (یعنی سواری) اللہ کی راہ (جہاد) کے لیے (میسر کرنا)۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۲۷) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## مجاہد کے اہل و عیال کی خدمت کرنے کا صلہ

عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ ،بَعَثَ اِلٰی بَنِی لَحْیَانَ وَقَالَ :" لِیَخْرُجْ مِنْ کُلِّ رَجُلَیْنِ رَجُلٌ" .ثُمَّ قَالَ :" لِلْقَاعِدِ اَیُّکُمْ خَلَفَ الْخَارِجَ فِی اَھْلِہٖ وَمَالِہٖ بِخَیْرٍ ، کَانَ لَہٗ مِثْلُ نِصْفِ اَجْرِ الْخَارِجِ ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی لحیان کی طرف (ایک لشکر) بھیجتے ہوئے فرمایا "ہر دو مردوں میں ایک جہاد پر نکلے" پھر آپؐ نے (عذر کی بناء پر) بیٹھ رہنے (پیچھے رہنے) والوں سے فرمایا "تم میں سے جو کوئی جہاد پر جانے والے کے اہل و عیال کے ساتھ خیر کا معاملہ کرے گا تو اسکے لیے جہاد پر جانے والے کے نصف اجر کے برابر (صلہ) ہے"۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۱۹۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مجاہد اور اس کے اہل و عیال کی مدد کرنے کا ثواب

عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ قَالَ :" مَنْ جَھَّزَ غَازِیًا فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ بِخَیْرٍ فَقَدْ غَزَا".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے غازی کی تیاری (سفر و لڑائی کے ضروری سامان میں مدد) کی وہ بھی جہاد (کرنے والے کی طرح ثواب حاصل) کرتا ہے۔ اور اسی طرح جس نے اللہ کی راہ میں (جہاد) کرنے والے (کی واپسی تک اس) کے اہل و عیال کے ساتھ

Marfat.com

خیر وعافیت (کے ساتھ اشیاء کی فراہمی اور دیکھ بھال کا معاملہ کیا تو اس نے بھی جہاد (کرنے والے کی طرح ثواب کے اعتبار سے جہاد) کیا۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۴۳) نے روایت کی ہے)

عَنْ اَبِی اُمَامَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ :" اَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمَنِیْحَةُ خَادِمٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" افضل ترین صدقہ اللہ کی راہ (جہاد میں مجاہدین کو) خیمہ کے سایہ (کا بندوبست کرنا) یا مجاہد فی سبیل اللہ کو خادم مہیا کرنا یا اللہ کی راہ (جہاد) میں جوان اونٹنی (سواری) عطا کرنا ہے"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۲۸) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے کے صلہ

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ ،یَوْمَ اُحُدٍ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ :"یَا جَابِرُ! اَلاَ اُخْبِرُكَ مَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لِاَبِیْكَ "قُلْتُ :بَلٰی. قَالَ :"مَا كَلَّمَ اللّٰهُ اَحَدًا اِلاَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ وَكَلَّمَ اَبَاكَ كِفَاحًا. فَقَالَ :یَا عَبْدِی !تَمَنَّ عَلَیَّ اُعْطِكَ.قَالَ :یَا رَبِّ ! تُحْیِیْنِی فَاُقْتَلُ فِیْكَ ثَانِیَةً .قَالَ :اِنَّهُ سَبَقَ مِنِّی "اَنَّهُمْ اِلَیْهَا لاَ یُرْجَعُوْنَ "قَالَ :یَا رَبِّ !فَاَبْلِغْ مَنْ وَرَائِی . فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ هٰذِهِ الآیَةَ ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا﴾ اَلاٰیَةَ كُلَّهَا.

Marfat.com

غزوہ احد کے روز جب (حضرت جابرؓ کے والد) حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرامؓ شہید ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے جابر! اللہ عزوجل نے تیرے باپ سے جو بات کی ہے اس کی تجھے خبر نہ دوں؟" حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کیوں نہیں، بیان کریں۔ آپؐ نے فرمایا "اللہ تعالی نے بلا حجاب (کسی شہید سے بھی) قطعاً آج تک گفتگو نہیں کی ہے۔ لیکن تیرے باپ سے بلا حجاب اور براہ راست بات کی ہے اور فرمایا اے میرے (پیارے) بندے! مجھ سے انعام واکرام مانگ، تجھے عطا کروں گا۔ اس پر (تیرے باپ نے) کہا: اے میرے رب! (میری آرزو یہ ہے) مجھے زندگی عطا فرما (دوبارہ دنیا میں بھیج) اور میں تیری خاطر دوبارہ شہید ہوں۔ اللہ نے فرمایا "انسانوں کو دوبارہ دنیا میں نہ بھیجنے کا حکم بلا شبہ میری طرف سے پہلے سے جاری ہو چکا ہے۔ (تب میرے باپ نے) کہا اے میرے رب! تب ہمارے معاملے سے پیچھے رہ جانے والوں کو آگاہ فرما دے۔ اس پر اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی "اللہ کی راہ میں مارے جانے والوں کو مردہ نہ سمجھو...." آخیر آیت تک

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۸) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## شہداء کا اللہ کے ہاں مقام و مرتبہ

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ: "الشُّهَدَاءُ اَرْبَعَةٌ، رَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَّقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ، فَذَاكَ الَّذِيْ يَرْفَعُ النَّاسُ اِلَيْهِ اَعْيُنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هٰكَذَا" وَرَفَعَ رَاْسَهُ حَتّٰى وَقَعَتْ قَلَنْسُوَتُهُ، فَلَا اَدْرِيْ قَلَنْسُوَةَ عُمَرَ اَرَادَ، اَمْ قَلَنْسُوَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ. قَالَ:

Marfat.com

" وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الإِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَكَأَنَّمَا ضُرِبَ جِلْدُهُ بِشَوْكِ طَلْحٍ مِنَ الْجُبْنِ أَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهُ، فَهُوَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ .وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلاً صَالِحًا وَ آخَرَ سَيِّئًا لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَّقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ ،فَذَاكَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ .وَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ أَسْرَفَ عَلٰى نَفْسِهِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَّقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ ،فَذَاكَ فِي الدَّرَجَةِ الرَّابِعَةِ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "شہداء چار (قسم کے) ہیں۔ایک دشمن سے مقابلہ ہونے پر مارے جانے تک اللہ کے بارے ایمان میں صادق نکلنے والا مومن ہے اس کی طرف قیامت کے روز لوگ یوں نظریں اٹھائیں گے۔اور یہاں تک سر اٹھایا کہ ٹوپی گر گئی راوی کہتا ہے میں نہیں جانتا کہ اوپر والے راوی نے آپ ؐ کی ٹوپی یا حضرت عمرؓ کی ٹوپی مراد لی تھی ۔دوسرا وہ اچھے ایمان والا مرد مومن جس کا دشمن سے مقابلہ ہوا اور اس کی جلد کو کیکر (یا ببول) جیسے کانٹے سے مارا گیا اور اس کم قدرے بزدلی دکھلائی کہ کسی نامعلوم کا تیر اسے لگا اور وہ مارا گیا تو وہ دوسرے درجے کا شہید ہے۔ تیسرا وہ مومن ہے جس نے نیک و بد عمل خلط ملط کر ڈالے لیکن دشمن سے مقابلے پر اس نے بھی اللہ پر ایمان کو سچ کر دکھایا حتی کہ مارڈالا گیا تو یہ تیسرے درجے پر ہے۔اور چوتھا وہ مومن آدمی جس نے اپنی ذات پر گناہوں کی وجہ سے زیادتی کی لیکن دشمن سے مقابلے پر اللہ پر ایمان کو سچ کر دکھایا حتی کہ قتل کر دیا گیا تو یہ (شہداء میں سے) چوتھے درجہ میں ہے"۔

(یہ حدیث ضعیف ترمذی (۲۷۹) پر ہے۔جبکہ امام ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے)

Marfat.com

## شہادت کی فضیلت

عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:" مَا مِنْ عَبْدٍ یَمُوْتُ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ یُحِبُّ اَنْ یَرْجِعَ اِلَی الدُّنْیَا ،وَاَنَّ لَهُ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا اِلاَّ الشَّهِیْدُ لِمَا یَرَی مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ ،فَاِنَّهُ یُحِبُّ اَنْ یَرْجِعَ اِلَی الدُّنْیَا فَیُقْتَلَ مَرَّةً اُخْرَی".

نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا"کوئی بندہ ایسا نہیں کہ وہ مرے اور اللہ کے ہاں اس کے لیے خیر و برکت ہو اور وہ دینا کی طرف لوٹنا پسند کرے ۔ جبکہ (وہاں) اس کے پاس دنیا و ما فیہا (سے بڑھ کر) ہے صرف شہید اس سے مستثنی ہے جو کہ شہادت کی فضیلت دیکھتا ہے اور دنیا میں دوبارہ جا کر قتل ہونا پسند کرتا ہے"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۶۴۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مجاہد کا معاملہ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ :"یَعْنِی یَقُوْلُ اللّٰهُ: اَلْمُجَاهِدُ فِی سَبِیْلِی هُوَ عَلَیَّ ضَمَانٌ اِنْ قَبَضْتُهُ اَوْرَثْتُهُ الْجَنَّةَ ،وَاِنْ رَجَعْتُهُ رَجَعْتُهُ بِاَجْرٍ اَوْ غَنِیْمَةٍ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"اللہ فرماتا ہے"میری خاطر جہاد کرنے والا میری ضمانت میں ہے اگر اس کی روح قبض کروں گا تو اسے جنت کا وارث ٹھہراؤں گا۔ اور اگر واپس (دنیا میں) بھیجوں گا تو اسے ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ بھیجوں گا"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۲۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

## شہداء کے لیے چھ باتیں

عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِ يْكَرِبَ ،عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ: لِلشَّهِيْدِ عِنْدَ اللّٰهِ سِتُّ خِصَالٍ يُغْفَرُلَهُ فِي اَوَّلِ دُفْعَةٍ مِنْ دَمِهٖ، وِيُرَى مَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ ،وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ،وَيَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الاَكْبَرِ ،وَيُحَلّٰى حُلَّةَ الاِيْمَانِ ،وَيُزَوَّجُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ، وَ يُشَفَّعُ فِي سَبْعِيْنَ اِنْسَانًا مِنْ اَقَارِبِهٖ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کے ہاں شہید کے لیے چھ خصائل ہیں۔ پہلی بار ہی بہنے والے خون کے ساتھ گناہوں کی معافی، جنت میں اس کا مقام اسے دکھایا جانا، عذاب قبر سے محفوظ رکھنا، (حشر کے دن) بڑی گھبراہٹ سے بچانا، ایمان کا جوڑا پہنایا جانا، حور عین (خوبصورت حور) سے نکاح اور (آخرت میں) اپنے رشتہ داروں میں سے ستر (مسلمانوں) کے حق میں سفارش کا حق ملنا ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۷) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## پہرہ دیتے ہوئے شہید ہونے والے کی فضیلت

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ :"كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلَى عَمَلِهِ اِلاَّ الَّذِي مَاتَ مُرَابِطًا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ يُنْمَى لَهُ عَمَلُهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَيَأْمَنُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ" وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :"اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَهَدَ نَفْسَهُ".

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہر مرنے والے کا دفتر عمل لپیٹ دیا جاتا ہے صرف اللہ کی راہ میں پہرہ دینے والا اس سے مستثنیٰ ہے کیونکہ اس سے اعمال میں قیامت تک کے لیے اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اور وہ عذاب قبر سے محفوظ رکھا جاتا ہے" نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجاہد اپنے نفس کے خلاف جہاد (مجادلہ) کرنے والا ہے"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۲۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں مارا جانا بعض حقوق کے علاوہ تمام خطاؤں کا کفارہ ہے

عَنْ اَنَسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : "اَلْقَتْلُ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ خَطِيْئَةٍ "فَقَالَ جِبْرَائِيْلُ :اِلاَّ الدَّيْنَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : "اِلاَّ الدَّيْنَ"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ کی راہ میں مارا جانا تمام خطاؤں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔اس پر جبرائیل نے کہا سوائے قرض کے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی کہا. سوائے قرض کے۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۴۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## مقروض شہید ہونے والا

عَنْ اَبِی قَتَادَةَ اَنَّهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَامَ فِيهِمْ فَذَكَرَ لَهُمْ :"اَنَّ الْجِهَادَ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ الْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ" فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ

Marfat.com

قُتِلْتُ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفِّرَ عَنِّی خَطَایَایَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: " نَعَمْ اِنْ قُتِلْتَ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ". ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "کَیْفَ قُلْتَ؟" قَالَ: اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ اَیُکَفَّرُ عَنِّی خَطَایَایَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: " نَعَمْ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ اِلاَّ الدَّیْنَ، فَاِنَّ جِبْرَائِیْلَ قَالَ لِی ذٰلِکَ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ انکے (صحابہ کرام کے) درمیان وعظ کے لیے کھڑے ہوئے اور اللہ کی راہ میں جہاد اور اللہ پر ایمان کو افضل اعمال ہونا بیان فرمایا۔ اسی اثناء میں ایک آدمی نے کھڑے ہو کر کہا: اے اللہ کے رسول! اگر میں اللہ کی راہ (جہاد) میں مارا جاؤں تو میری خطاؤں کے کفارہ (ہو جانے) کے بارے آپ کیا فرماتے ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہاں بشرطیکہ تو اللہ کی راہ میں مارا جائے نیز تو صبر اور ثواب کی طلب کے ساتھ آگے بڑھنے والا ہو نہ کہ پیچھے بیٹھنے والا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا "تو نے کیا کہا تھا؟" اس شخص نے (سوال دہراتے ہوئے کہا) اے اللہ کے رسول! اگر میں اللہ کی راہ (جہاد) میں مارا جاؤں تو میری خطاؤں کے کفارہ (ہو جانے) کے بارے آپ کیا فرماتے ہیں؟ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہاں! بشرطیکہ تو اللہ کی راہ میں اس حال میں مارا جائے کہ تو صبر اور ثواب کی طلب کے ساتھ آگے بڑھنے والا ہو نہ کہ پیچھے ہٹنے والا، لیکن قرض اس سے مستثنیٰ (یعنی خطاؤں میں سے قرض کی معافی نہیں) ہے کیونکہ جبرائیل

Marfat.com

نے مجھے یہ بتایا ہے"۔

(یہ حدیث ترمذی (۱۳۹۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## شہید کو شہادت کے وقت پہنچنے والی تکلیف

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:
" مَا یَجِدُ الشَّهِیْدُ مِنَ الْقَتْلِ اِلاَّ کَمَا یَجِدُ اَحَدُکُمْ مِنَ الْقَرْصَةِ "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" شہید کو مرتے وقت (درد یوں) محسوس ہوتی ہے جیسے تم میں سے کسی کو چیونٹی کے کاٹنے سے (بالکل تھوڑی سی درد) محسوس ہوتی ہے"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۶۰) نے حسن صحیح سند سے روایت کی ہے)

## اللہ کی راہ میں شہید ہونے والوں کی روحیں

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ، فِی قَوْلِهٖ ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَ﴾ قَالَ: اَمَا اِنَّا سَاَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ:" اَرْوَاحُهُمْ کَطَیْرٍ خُضْرٍ تَسْرَحُ فِی الْجَنَّةِ فِی اَیِّهَا شَاءَتْ. ثُمَّ تَاْوِی اِلَی قَنَادِیْلَ مُعَلَّقَةٍ بِالْعَرْشِ فَبَیْنَمَا هُمْ کَذٰلِكَ اِذِ اطَّلَعَ عَلَیْهِمْ رَبُّكَ اطِّلاَعَةً .فَیَقُوْلُ سَلُوْنِی مَا شِئْتُمْ .قَالُوْا :رَبَّنَا وَمَا ذَا نَسْاَلُكَ وَنَحْنُ نَسْرَحُ فِی الْجَنَّةِ فِی اَیِّهَا شِئْنَا ؟فَلَمَّا رَاَوْا اَنَّهُمْ لاَ یُتْرَکُوْنَ مِنْ اَنْ یَسْاَلُوْا ،قَالُوْا :نَسْاَلُكَ اَنْ تَرُدَّ اَرْوَاحَنَا فِی اَجْسَادِنَا فِی الدُّنْیَا حَتّٰی نُقْتَلَ فِی سَبِیْلِكَ فَلَمَّا رَاٰی اَنَّهُمْ لاَ یَسْاَلُوْنَ اِلاَّ ذٰلِكَ تُرِكُوْا"۔

Marfat.com

صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آیت ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴾ کے بارے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا "ان کی روحیں سبز پرندوں کی شکل میں جنت میں جہاں چاہتی ہیں کھاتی پھرتی ہیں پھر عرش (الہی) سے معلق قندیلوں کی طرف پلٹتی ہیں ان کی اس حالت میں تیرے رب نے ان پر جھانکا اور فرمایا مجھ سے مانگو جو تم چاہتے ہو ان (روحوں) نے کہا اے ہمارے پروردگار! ہم تجھ سے کیا مانگیں؟ جنت میں جہاں چاہیں کھاتی پھرتی ہیں۔ جب انہوں نے جانا کہ کچھ مانگے بغیر وہ نہیں چھوڑے جائیں گے تو انہوں نے کہا (اے ہمارے رب!) تیری راہ میں (ایک دفعہ پھر) شہید ہونے کی خاطر اپنی روحوں کو اجسام میں لوٹائے جانے کے ساتھ دنیا میں بھیجنے کی آرزو ہے۔ اللہ نے انکو اس کے علاوہ اور کچھ نہ مانگتے ہوئے دیکھ کر ان کو اسی حال پر چھوڑ دیا"۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۹) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد کرتے ہوئے جنت میں داخل ہونا

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: حَضَرْتُ حَرْبًا، فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ: يَا نَفْسِي!

اَلَا اَرَاكِ تَكْرَهِيْنَ الْجَنَّهْ   اَحْلِفُ بِاللّٰهِ لَتَنْزِلَنَّهْ

طَائِعَةً اَوْ لَتُكْرَهِنَّهْ

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ میں ایک لڑائی میں شامل تھا (نیز میں نے دیکھا کہ) حضرت عبداللہ بن رواحہؓ (اپنے آپ سے) کہہ رہے

Marfat.com

ہیں اے میرے نفس!

میں دیکھتا ہوں تو جنت میں (لے جانے والے جہاد سے) خوش نہیں ہے اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تو یا اطاعت گزار (مطیع ہو کر) جہاد کرتے ہوئے مطلقا جنت میں جائے گا یا بلاشبہ اس پر مجبور کیا جائے گا۔ (بہر حال تجھے جہاد کے ذریعے ضرور جنت میں لے جا کر چھوڑوں گا)۔

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۵۲) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## صرف ایک عمل یعنی جہاد کے ذریعے جنت میں جانے والے عمرو بن ثابتؓ

عَنِ الْبَرَآءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ: اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ بِالْحَدِیْدِ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اُقَاتِلُ اَوْ اُسْلِمُ؟ قَالَ: "اَسْلِمْ ثُمَّ قَاتِلْ" فَاَسْلَمَ ثُمَّ قَاتَلَ فَقُتِلَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "عَمِلَ قَلِیْلاً وَاُجِرَ کَثِیْرًا".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غزوہ احد میں ایک آدمی زرہ پوش حالت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا اے اللہ کے رسول! میں پہلے جہاد کروں یا اسلام لاؤں؟ آپؐ نے فرمایا "(پہلے) مسلمان ہو (جاؤ)، پھر جہاد کرو"۔ وہ فوراً مسلمان ہو گیا پھر جہاد کیا اور آخر شہید ہو گیا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عمل تو تھوڑا کیا لیکن اجر بہت زیادہ پا گیا"۔

(یہ حدیث بخاری (۲۸۰۸) نے روایت کی ہے)

Marfat.com

# شہید کی سفارش قبول ہونا

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ یَقُوْلُ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ : " یُشَفَّعُ الشَّھِیْدُ فِی سَبْعِیْنَ مِنْ اَھْلِ بَیْتِہٖ "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "شہید اپنے گھر والوں میں سے ستر (مسلمان افراد) کی (اللہ کے ہاں) سفارش کرے گا" (اور ان شاء اللہ اس کی سفارش مقبول ٹھہرے گی)۔

(یہ حدیث ابو داؤد (۲۲۰۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

Marfat.com

# ترک جہاد کی سزا

کے بارے

# آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ

Marfat.com

Marfat.com

## جہاد نہ کرنے کی سزا بیان کرنے والی آیات قرآنیہ

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰكُمْ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿﴾ [٣:آل عمران:١٤٩-١٥٠]

اے ایمان والو! اگر تم کافروں کی باتیں مانو گے تو وہ تمہیں ایڑیوں کے بل پلٹا دیں گے (یعنی تمہیں مرتد بنا دیں گے) پھر تم نامراد ہو جاؤ گے بلکہ اللہ ہی تمہارا مولا ہے اور وہی بہترین مددگار ہے۔

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْئًا وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿﴾ [٩:التوبة:٣٩]

اگر تم نے کوچ نہ کیا تو تمہیں اللہ تعالیٰ دردناک سزا دے گا اور تمہارے سوا اور لوگوں کو بدل دے گا تم اللہ تعالیٰ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿﴾

[٩ :التوبة:٨٦]

جب کوئی سورت اتاری جاتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ساتھ مل کر جہاد کرو تو ان میں سے دولتمندوں کا ایک طبقہ آپ کے پاس آکر یہ کہہ کر رخصت لے لیتا ہے کہ ہمیں تو بیٹھے رہنے والوں میں ہی چھوڑ دیجئے۔

Marfat.com

رَضُوْا بِاَنْ یَّکُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَفْقَهُوْنَ﴿﴾ [ ۹: التوبة : ۸۷]

یہ تو خانہ نشین عورتوں کا ساتھ دینے پر ریجھ گئے اور ان کے دلوں پر مہر لگادی گئی ہے اب وہ کچھ سمجھ عقل نہیں رکھتے۔

قُلْ اِنْ کَانَ اٰبَآؤُکُمْ وَاَبْنَآؤُکُمْ وَاِخْوَانُکُمْ وَاَزْوَاجُکُمْ وَ عَشِیْرَتُکُمْ وَ اَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَهَا وَمَسٰکِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ﴿﴾

[ ۹: التوبة : ۲٤]

آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے لڑکے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارے کنبے قبیلے اور تمہارے کمائے ہوئے مال اور وہ تجارت جس کی کمی سے تم ڈرتے ہو اور وہ حویلیاں جو تم پسند کرتے ہو اگر تمہیں یہ اللہ سے اور اُس کے رسول سے اور اس کی راہ میں جہاد سے بھی عزیز ہیں تو تم اللہ کے حکم سے عذاب کے آنے کا انتظار کرو۔ اللہ تعالی فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

سَیَقُوْلُ لَکَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْلَنَا یَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَیْسَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ لَکُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْئًا اِنْ اَرَادَ بِکُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِکُمْ نَفْعًا بَلْ کَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا﴿﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ یَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

Marfat.com

اِلٰی اَھْلِیْھِمْ اَبَدًا وَّ زُیِّنَ ذٰلِکَ فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَ کُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا﴿ [۴۸ : الفتح : ۱۱، ۱۲]

لوگ پیچھے جو چھوڑ دیے گئے تھے وہ اب تجھ سے کہیں گے کہ ہم اپنے مال اور بال بچوں میں لگے رہ گئے پس آپؐ ہمارے لئے مغفرت طلب کریں یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہے آپؐ جواب دے دیجئے کہ تمہارے لیے اللہ کی طرف سے کسی چیز کا بھی اختیار کون رکھتا ہے اگر وہ تمہیں نقصان پہنچانا چاہیں تو، یا تمہیں کوئی نفع دینا چاہیں تو۔ بلکہ جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے اللہ خوب باخبر ہے۔ نہیں بلکہ تم نے تو یہ گمان کر رکھا تھا کہ پیغمبر اور مسلمانوں کا اپنے گھروں کی طرف لوٹ آنا قطعاً ناممکن ہے۔ اور یہی خیال تمہارے دلوں میں رچ بس گیا تھا اور تم نے برا گمان کر رکھا تھا درا صل تم لوگ ہو ہی ہلاکت والے۔

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِیْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰی قَوْمٍ اُولِیْ بَاْسٍ شَدِیْدٍ تُقَاتِلُوْنَھُمْ اَوْ یُسْلِمُوْنَ فَاِنْ تُطِیْعُوْا یُؤْتِکُمُ اللّٰہُ اَجْرًا حَسَنًا وَاِنْ تَتَوَلَّوْا کَمَا تَوَلَّیْتُمْ مِّنْ قَبْلُ یُعَذِّبْکُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا﴿ لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ وَّمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ یُدْخِلْہُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ وَمَنْ یَّتَوَلَّ یُعَذِّبْہُ عَذَابًا اَلِیْمًا﴿ [۶۸ : الفتح : ۱۶ - ۱۷]

آپ پیچھے رہے ہوئے بدوؤں کو کہہ دو کہ عنقریب تم ایک سخت جنگجو قوم کی طرف بلائے جاؤ گے کہ تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے۔ پس اگر تم اطاعت

Marfat.com

کروگے تو اللہ تمہیں بہت بہتر بدلہ دے گا۔ اور اگر تم نے منہ پھیر لیا جیسا کہ اس سے پہلے تم منہ پھیر چکے ہو تو تمہیں دردناک عذاب دے گا اندھے پر کوئی حرج نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ بیمار پر کوئی حرج ہے جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اسے اللہ ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جس کے درختوں تلے چشمے جاری ہیں اور جو منہ پھیرے اسے دردناک سزا کرے گا۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ﴿﴾

[۹:التوبة:۹۰]

بادیہ نشینوں میں سے عذر والے لوگ حاضر ہوئے کہ انہیں رخصت دے دی جائے اور وہ بیٹھ رہے جنہوں نے اللہ سے اور اس کے رسول سے جھوٹی باتیں بنائی تھیں اب تو ان میں سے جتنے کفار ہیں انہیں دکھ دینے والی مار پہنچ کر رہے گی۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ لَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ فَاِذَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَاَوْلٰى لَهُمْ﴿﴾ طَاعَةٌ وَّ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ﴿﴾ [۴۷:محمد:۲۰-۲۱]

اور جو لوگ ایمان لائے وہ کہتے ہیں کوئی سورت کیوں نہیں نازل کی گئی پھر جب کوئی صاف مطلب والی سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں جہاد کا ذکر کیا جاتا ہے تو آپؐ دیکھتے ہیں کہ جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے وہ آپؐ کی

Marfat.com

طرف اس طرح دیکھتے ہیں جیسے اس شخص کی نظر ہوتی ہے جس پر موت کی بے ہوشی طاری ہو۔ پس بہت بہتر تھا ان کے لیے فرمان کا بجا لانا اور اچھی بات کا کہنا پھر جب کوئی مقرر ہو جائے تو اگر اللہ سے سچے رہیں تو ان کے لیے بہتری ہے۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴿﴾

[٢٤:النور:٥٣]

بڑی پختگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ آپ کا حکم ہوتے ہی نکل کھڑے ہونگے کہہ دیجیے کہ بس قسمیں نہ کھاؤ تمہاری اطاعت کی حقیقت معلوم ہے جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ تعالیٰ اس سے باخبر ہے۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ﴿﴾فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴿﴾فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ﴿﴾

[٩:التوبة:٨١-٨٢]

پیچھے رہ جانے والے لوگ رسول اللہ کے خلاف اپنے بیٹھے رہنے پر خوش ہیں انہوں نے اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانوں سے جہاد کرنا ناپسند کر رکھا ہے اور انہوں

Marfat.com

نے کہہ . یہ ہے کہ اس گرمی میں مت نکلو کہہ دیجئے کہ دوزخ کی آگ بہت ہی سخت گرم ہے
کاش . وہ سمجھتے ہوتے۔ پس انہیں چاہیے کہ بہت کم ہنسیں اور بہت زیادہ روئیں بدلے میں
ں کے جو یہ کرتے ہیں۔ پس اگر اللہ تعالیٰ آپ کو انکی کسی جماعت کی طرف لوٹا کر واپس لے
ئے پھر یہ آپ سے میدان جنگ میں نکلنے کی اجازت طلب کریں تو آپ کہہ دیجئے کہ تم
میرے ساتھ ہرگز نہیں چل سکتے اور نہ میرے ساتھ دشمنوں سے لڑائی کر سکتے ہو۔ تم نے
پہلی دفعہ ہی بیٹھے رہنے کو پسند کیا تھا پس تم پیچھے رہ جانے والوں میں ہی بیٹھے رہو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ لَوْ لَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓی اَجَلٍ قَرِیْبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿﴾ اَیْنَ مَا تَكُوْنُوْا یُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ یَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ یَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا یَكَادُوْنَ یَفْقَهُوْنَ حَدِیْثًا ﴿﴾

[٤: النساء: ٧٧-٧٨]

کیا تم نے انہیں نہیں دیکھا جنہیں حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو اور نمازیں پڑھتے رہو اور زکوۃ ادا کرتے رہو پھر جب انہیں جہاد کا حکم دیا گیا تو اسی وقت ان کی ایک جماعت لوگوں سے اس قدر ڈرنے لگی جیسے اللہ تعالیٰ کا ڈر ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ اور کہنے لگے اے ہمارے رب! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض

Marfat.com

کر دیا؟ کیوں ہمیں تھوڑی سی زندگی اور نہ جینے دی۔ آپ کہہ دیجیے کہ دنیا کی سود مندی تو بہت کم ہے اور پرہیزگاروں کے لیے تو آخرت ہی بہتر ہے۔ اور تم پر ایک دھاگے کے برابر بھی ستم روا نہ رکھا جائے گا تم جہاں کہیں بھی ہو موت تمہیں پکڑ لے گی گو تم مضبوط برجوں میں ہو۔ اور اگر انہیں کوئی بھلائی ملتی ہے تو کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اگر کوئی برائی پہنچتی ہے تو کہہ اٹھتے ہیں کہ یہ تیری طرف سے ہے انہیں کہہ دو کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے انہیں کیا ہو گیا ہے کہ کوئی بات سمجھنے کے قریب نہیں۔

اَلَّذِیْنَ یَتَرَبَّصُوْنَ بِکُمْ فَاِنْ کَانَ لَکُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰہِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَکُنْ مَّعَکُمْ وَاِنْ کَانَ لِلْکَافِرِیْنَ نَصِیْبٌ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَیْکُمْ وَنَمْنَعْکُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَاللّٰہُ یَحْکُمُ بَیْنَکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَلَنْ یَّجْعَلَ اللّٰہُ لِلْکَافِرِیْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ سَبِیْلًا ﴿﴾ [٤ : النساء: ١٤١]

یہ لوگ تمہارے انجام کار کا انتظار کرتے رہتے ہیں پھر اگر تمہیں اللہ فتح دے تو یہ کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھی نہیں۔ اور اگر کافروں کو تھوڑا سا غلبہ مل جائے تو ان سے کہتے ہیں ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے اور کیا ہم نے تمہیں مسلمانوں کے ہاتھوں سے نہ بچایا تھا؟ پس قیامت میں خود اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ ہرگز راہ نہ دے گا۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِیْنَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّاْمَنُوْکُمْ وَیَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ کُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَی الْفِتْنَةِ اُرْکِسُوْا فِیْهَا فَاِنْ لَّمْ یَعْتَزِلُوْکُمْ وَیُلْقُوْٓا اِلَیْکُمُ

Marfat.com

السَّلَمَ وَيَكُفُّوْا اَيْدِيَهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاُولٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا مُّبِيْنًا﴿﴾ [٤: النساء:٩١]

تم کچھ اور لوگوں کو ایسا بھی پاؤ گے جن کی (بظاہر) چاہت ہے کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں (لیکن) جب کبھی فتنہ انگیزی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں تو اوندھے منہ اس میں ڈال دیے جاتے ہیں پس اگر یہ تم لوگوں سے کنارہ کشی نہ کریں اور تم سے صلح کی سلسلہ جنبانی نہ کریں اور اپنے ہاتھ نہ روک لیں تو انہیں پکڑو اور مارو جہاں کہیں بھی پالو یہی وہ ہیں جن پر ہم نے تمہیں ظاہر حجت عنایت فرمائی ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ﴿﴾

[٨: الانفال:٤٧]

ان لوگوں جیسے نہ ہو جو اتراتے ہوئے اور لوگوں میں خود نمائی کرتے ہوئے اپنے شہروں سے چلے اور اللہ کی راہ سے روکتے تھے جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اسے گھیر لینے والا ہے۔

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴿﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ﴿﴾ [٨: الانفال:٤٩-٥٠]

جب کہ منافق کہہ رہے تھے اور وہ بھی جن کے دلوں میں روگ تھا کہ

Marfat.com

انہیں تو ان کے دین نے مست بنادیا ہے جو بھی اللہ پر بھروسہ کرے اللہ تعالی بلا شک وشبہ غلبے والا اور حکمت والا ہے۔ کاش کہ تو دیکھتا جب کہ فرشتے کافروں کی روح قبض کرتے ہیں ان کے منہ پر اور کمروں پر مار مارتے ہیں (اور کہتے ہیں) تم جلنے کا عذاب چکھو۔

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ﴿﴾ [٩: التوبة:٤٢]

اگر جلد ہونے والا مال واسباب ہوتا اور ہلکا سا سفر ہوتا تو یہ ضرور آپ کے پیچھے ہو لیتے لیکن ان پر تو دوری اور دراز کی مشکل پڑ گئی۔ اب تو یہ اللہ کی قسمیں کھائیں گے اگر ہم میں قوت وطاقت ہوتی تو ہم یقیناً آپ کے ساتھ نکلتے۔ یہ اپنی جانوں کو خود ہی ہلاکت میں ڈال رہے ہیں ان کے جھوٹے ہونے کا سچا علم اللہ ہی کو ہے۔

وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ﴿﴾ [٩: التوبة:٤٦]

اگر ان کا ارادہ جہاد کے لیے نکلنے کا ہوتا تو یہ سفر کے لیے سامان کی تیاری کر رکھتے لیکن اللہ کو ان کا اٹھنا پسند ہی نہ تھا اس لیے انہیں حرکت ہی سے روک دیا اور کہہ دیا گیا کہ تم تو بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَیَّ اِذْ لَمْ اَکُنْ مَّعَهُمْ شَهِیْدًا﴿﴾ وَلَئِنْ اَصَابَکُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ
لَیَقُوْلَنَّ کَاَنْ لَّمْ تَکُنْ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَهٗ مَوَدَّةٌ یّٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ
فَوْزًا عَظِیْمًا﴿﴾ [٤: النساء: ٧٢-٧٣]

اور یقیناً تم میں بعض وہ بھی ہیں جو پس و پیش کرتے ہیں پھر اگر تمہیں کوئی نقصان ہوتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بڑا فضل کیا کہ میں ان کے ساتھ موجود نہ تھا اور اگر تمہیں اللہ تعالیٰ کا کوئی فضل مل جائے تو، اس طرح کہ تم میں اور ان میں دوستی تھی ہی نہیں، کہتے ہیں کہ کاش میں بھی ان کے ہمراہ ہوتا تو بڑی کامیابی کو پہنچتا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَیَقُوْلُنَّ اِنَّمَا کُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ قُلْ اَبِاللّٰهِ
وَاٰیٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ کُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ﴿﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ کَفَرْتُمْ بَعْدَ
اِیْمَانِکُمْ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْکُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ کَانُوْا
مُجْرِمِیْنَ﴿﴾ [٩: التوبة: ٦٥-٦٦]

اگر آپ ان سے پوچھیں تو صاف کہہ دیں گے کہ ہم تو یونہی آپس میں ہنس بول رہے تھے کہہ دیجیے کہ اللہ، اس کی آیتیں اور اس کا رسول ہی تمہارے ہنسی بول کے لیے رہ گئے ہیں۔ تم بہانے نہ بناؤ یقیناً تم اپنے ایمان کے بعد بے ایمان ہو گئے ہو اگر ہم تم میں سے کچھ لوگوں سے درگزر بھی کر لیں تو کچھ لوگوں کو انکے جرم کی سنگین سزا بھی دیں گے۔

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَی الْحُسْنَیَیْنِ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ

Marfat.com

بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ
مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ
قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿﴾ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا
بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا
وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿﴾ [٩: التوبة: ٥٢ - ٥٤]

کہہ دیجئے کہ تم ہمارے بارے میں جس چیز کا انتظار کر رہے ہو وہ دو بھلائیوں میں سے ایک ہے۔ اور ہم تمھارے حق میں اس کا انتظار کرتے ہیں کہ یا تو اللہ تعالیٰ اپنے پاس سے کوئی سزا دے یا پھر ہمارے ہاتھوں سے۔ پس ایک طرف تم انتظار کرتے رہو دوسری جانب تمھارے ساتھ ہم بھی منتظر ہیں۔ کہہ دیجئے کہ تم خوشی یا ناخوشی کسی طرح بھی خرچ کرو قبول تو ہرگز نہ کیا جائے گا۔ اور یقیناً تم بے حکم لوگ ہو کوئی سبب ان کے خرچ کی قبولیت کے نہ ہونے کا اس کے سوا نہیں کہ یہ اللہ اور اس کے رسول کے منکر ہیں اور بڑی کاہلی سے ہی نماز کو آتے ہیں اور برے دل ہی سے ہی خرچ کرتے ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

# ترک جہاد کی سزا بیان کرنے والی احادیث صحیحہ

## ترک جہاد کا برا انجام

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : " مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِغَزْوٍ مَاتَ عَلَى شُعْبَةِ نِفَاقٍ".

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جو کوئی جہاد یا جہاد کی نیت کیے بغیر مرا تو جہاد سے جان چھڑانے یا پیچھے رہ جانے والے منافقوں کی سے موت مرا".

(یہ حدیث نسائی (۲۹۰۱) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد کو چھوڑنے والوں کا ذلیل ہونا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ ، قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : " إِذَا تَبَايَعْتُمْ بِالْعِينَةِ وَأَخَذْتُمْ أَذْنَابَ الْبَقَرِ، وَرَضِيتُمْ بِالزَّرْعِ ، وَتَرَكْتُمُ الْجِهَادَ ، سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ ذُلًّا لَا يَنْزِعُهُ حَتَّى تَرْجِعُوا إِلَى دِينِكُمْ".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"ادھار پہ مہنگا مال بیچ کر، نقد پیشگی کے ساتھ سستا واپس لینے کی شکل میں خرید و فروخت کرنے، جہاد کو ترک کر کے بیلوں کی دُمیں پکڑنے، کھیتی باڑی پر راضی ہو جانے کے وقت، اللہ تم پر ایسی پریشانی مسلط کر دے گا کہ اپنے دین (جہاد) کی طرف واپس پلٹے بغیر اس ذلت سے چھٹکارا نہیں ہوگا"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۹۵۶) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## تیر اندازی ترک کرنے والے کے بارے حکم

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ يَقُولُ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

Marfat.com

صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : " مَنْ تَعَلَّمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهُ ، فَقَدْ عَصَانِي".

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"جس نے تیر اندازی سیکھی پھر اسے چھوڑ (بھلا) دیا تواس نے میری نافرمانی کی"

(یہ حدیث ابن ماجہ (۲۲۷۰) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد کے بغیر مرنے والا، نفاق پر مرتا ہے

عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : " مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِالْغَزْوِ مَاتَ عَلَى شُعْبَةٍ مِّنْ نِفَاقٍ"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"جو (آدمی) جہاد پر نکلے اور دل میں (جہاد کی) نیت کیے بغیر مرا، تواس کی موت منافقت کی شاخ پر ہوئی"۔

(یہ حدیث ابوداود (۲۱۸۴) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

## جہاد پر نہ نکلنے والے کا ہلاکت سے دوچار ہونا

عَنْ اَبِي اُمَامَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : " مَنْ لَمْ يَغْزُ اَوْ يُجَهِّزْ غَازِيًا اَوْ يَخْلُفْ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ اَصَابَهُ اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ".

قَالَ يَزِيْدُ ابْنُ عَبْدِ رَبِّهِ فِي حَدِيْثِهِ : " قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا"جو کوئی جہاد پر نہ نکلے، کسی غازی کی تیاری بھی نہ کروائے اور نہ کسی غازی کے پیچھے اس کے اہل وعیال کی خیر وعافیت کی نگہداشت کرے، تو اللہ اسے ہلاکت سے دوچار کرنے والی آفت

Marfat.com

میں مبتلا کردے گا "۔

یزید ابن عبدربہ نے اپنی روایت میں "قیامت کے دن سے پہلے ایک بڑی ہلاکت آمیز آفت" کہا ہے۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۲۱۸۵) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## صاحب طاقت ہونے کے باوجود برائی سے نہ روکنے کا وبال

عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:" مَا مِنْ رَجُلٍ یَکُوْنُ فِی قَوْمٍ یُعْمَلُ فِیْهِمْ بِالْمَعَاصِی یَقْدِرُوْنَ عَلَی اَنْ یُغَیِّرُوْا عَلَیْہِ فَلاَ یُغَیِّرُوْا اِلاَّ اَصَابَهُمُ اللّٰہُ بِعَذَابٍ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَمُوْتُوْا "۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر کوئی کسی (ایسی) قوم میں ہو (کہ) وہاں پر معصیت و نافرمانی (برائی و گناہ) کے کام (ہوتے) ہوں (اور) وہ اسے روکنے کی طاقت کے باوجود نہ روکے، تو اللہ تعالی اسے مرنے سے قبل عذاب سے دوچار کردے گا"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۴۶۴۶) نے حسن سند سے روایت کی ہے)

## اگر لوگوں کے درمیان کچھ نافرمان ہوں تو ان کے نافرمانی سے باز آنے تک، اللہ کا وہاں سب پر عذاب ہوتا ہے

عَنْ قَیْسٍ ، قَالَ : قَالَ اَبُوبَکْرٍ بَعْدَ اَنْ حَمِدَ اللّٰہَ وَ اَثْنٰی عَلَیْہِ : یٰاَیُّهَا النَّاسُ ! اِنَّکُمْ تَقْرَؤُنَ هٰذِهِ الآیَةَ وَ تَضَعُوْنَهَا عَلٰی غَیْرِ

Marfat.com

مَوَاضِعِهَا . ﴿عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لاَ يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾
وَ اِنَّا سَمِعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: " اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ،
وَ اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : " مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِي ثُمَّ يَقْدِرُوْنَ عَلَى اَنْ يُغَيِّرُوا ثُمَّ لاَ يُغَيِّرُوا اِلاَّ يُوْشِكُ اَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ".

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا: اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو اور اسے غلط جگہ فٹ کرتے ہو۔ "اپنی جانوں کا دھیان کرو، اگر تم راہ راست پر آجاؤ تو کسی گمراہ کی کوئی گمراہی کوئی نقصان نہیں پہنچا سکی۔

ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپؐ فرمار ہے تھے" لوگ ایک ظالم کو دیکھنے کے باوجود اگر اسے منع نہیں کرتے ہیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ عمومی انداز میں ان پر عذاب مسلط کر دے"

نیز میں نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر کسی قوم میں سے ایک معاصی کا ارتکاب ہوتا ہے اور اس نافرمانی کو ختم کرنے کی طاقت کے باوجود نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ کا سب پر عذاب قریب ہے"۔

(یہ حدیث ابوداؤد (۴۳۳۸) نے صحیح سند سے روایت کی ہے)

Marfat.com

Marfat.com

# مکتبہ اسلامیہ کی مطبوعات

| | |
|---|---|
| • رسائل بہاولپوری | پروفیسر حافظ محمد عبداللہؒ بہاولپوری |
| • انتخاب رسائل بہاولپوری | پروفیسر حافظ محمد عبداللہؒ بہاولپوری |
| • خطبات بہاولپوری (1-16) | پروفیسر حافظ محمد عبداللہؒ بہاولپوری |
| • خطبات بہاولپوری (17-35) | پروفیسر حافظ محمد عبداللہؒ بہاولپوری |
| • خطبات بہاولپوری (36-55) | پروفیسر حافظ محمد عبداللہؒ بہاولپوری |
| • نماز کتاب وسنت کے مطابق | ڈاکٹر خالد ظفر اللہ |
| • جہاد کے بارے آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ | ڈاکٹر خالد ظفر اللہ |
| • عقائد جماعت حقہ | العلامہ الحافظ احمد مکی |
| • اسلام میں داڑھی کا مقام | ابو محمد بدیع الدین شاہ الراشدیؒ |


**اس کے علاوہ**

تفسیر' تاریخ' سیرت اور دیگر موضوعات پر دینی وادبی کتب
اور نامور عربی ومصری وپاکستانی قراء کی دلسوز آوازوں میں
تلاوت قرآن کے کیسٹ دستیاب ہیں



8- یمپریس مارکیٹ' بھوانہ بازار' فیصل آباد Ph:631204



Marfat.com